- Non-Government schools occupy an important position in the educational system, and they must be enabled to assume their position of leadership. Their management should be in the hands of person who can bring the school and community together and stimulate private philanthropy. They should raise an endowment sufficient to provide an annual income of Rs.15,000 to 2,000 or give other evidence of their ability to maintain the school according to the prescribed standards.
- The qualification and pay scales of teachers of classical and Pakistani languages should be the same as those of teachers of other subjects.
- Teacher of class VI to X should work for 225 full working days during the year, excluding Sunday, public holidays, vacations, and examination, and they should put in about 1,600 hours.
- The integrity of colleges and universities should be maintained and they should not be allowed to become an arena for partisan politicians. Student should not participate in politics, or serve the interest of groups outside the academic community in activities inimical to the orderly conduct of the institution and its academic programmed
- We lay stress throughout our report on the concept of education as a public investment in economic development
- An organized program of counseling and guidance should be developed through which each teacher would be responsible for a small group of students. The teachers should be sympathetic to the students and should be able to recognize their problems and their pressures. This program should be under the direction of senior member of the staff
- At the elementary stage, education must be broad based and the curriculum of Maktabs, Madrasas and Dar-ul-Ulums should make due provision for subjects the study of which will give their students some training for the vocational or professional courses they may later choose to follow. At the higher levels these institutions must present Islam as a dynamic and progressive movement which can endure through changing times. The dynamic spirit of Islam can be imbibed only if Islam is presented is presented in every age in the light of the latest advances of science, philosophy, economics and contemporary history.
- As these institutions have themselves become conscious of the need for a change, they should not find it difficult to adapt their curriculum to the requirements of our complex society and present

In Wets Pakistan the medium of instruction from Class I to Class V is Urdu except in regions of the former N.W.F.P. and Sind.

Islam in a way acceptable to the rational mind.

- The literature produced in the regional languages is a valuable part of our heritage and is a source of enrichment for the national languages. Therefore the Pushto Academy, Sind Adabi Board, and the Punjabi Academy, which are engaged in literary and cultural studies, should be given encouragement and support to continue their work.
- Where multi-lingual groups exist the best educational results are attained and knowledge of the national language best achieved when the mother tongue of the pupil is used as the medium of instruction up to Class V and the national language is studies as a subject from Class III and replaces the mother tongue as the medium from Class VI onwards.
- Applying this principle, the following action is needed:
  - (i) In Wets Pakistan the medium of instruction from Class I to Class V is Urdu except in regions of the former N.W.F.P. and Sind. Urdu should be made a compulsory language in these two regions from Class III onwards.
  - (ii) Urdu is the medium of instruction from Class VI to X in all regions except former Sind. In that area it is taught from Class III onwards as a second language but in an elementary manner. It should now be given the proper teaching emphasis so that it can be used effectively as a medium of instruction from Class VI onwards. ■

***The literature produced in the regional languages is a valuable part of our heritage and is a source of enrichment for the national languages. Therefore the Pushto Academy, Sind Adabi Board, and the Punjabi Academy, which are engaged in literary and cultural studies, should be given encouragement and support to continue their work.***

برگد میگزین

نوجوانوں میں امن اور باہمی تعاون کی ترویج


# ہماری تعلیمی پالیسیاں

## آخر خرابی کہاں ہے؟


DocID 166

Proceedings of The Pakistan Educational Conference

PROCEEDINGS

OF

THE PAKISTAN EDUCATIONAL CONFERENCE

HELD AT KARACHI

FROM 27TH NOVEMBER TO 1ST DECEMBER 1947

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF THE INTERIOR (EDUCATION DIVISION)

قبل از انگریز دور

انگریز دور

1947

1951

1959




الیکشن کمیشن کے تعاون سے تیار کردہ پوسٹر۔

# فہرست


اظہارِ تشکر 6

اداریہ 7



8
محمد اقبال
## مسلمانوں میں تعلیم
### (قبل از انگریز ہندوستان)

موجودہ مدرسوں کی تنزلی کو دیکھتے ہوئے بعض اہلِ علم ایک غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں شاید انگریزوں کے استوار کئے گئے تعلیمی نظام سے قبل ہمارے ہاں حصول علم کا کوئی باقاعدہ نظام نہیں تھا۔ زیر نظر مضمون اس غلطی کے ازالے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔

12
## علماءِ فرنگی محل اور درس نظامی
فرانسس روبنسن




یہ مضمون اسلامی نصاب تعلیم میں دو مختلف مکاتب فکر کی طرف ہم سب کی توجہ مبذول کروا رہا ہے۔ سائنس اور فلسفہ کو خیر آباد کہہ کر مسلمانوں نے جو نقصان اٹھایا اس سے تو ہم سب بخوبی واقف ہیں مگر یہ انحطاط کہاں سے شروع ہوا اس بارے جانکاری بہت ضروری ہے۔






## دو صدیوں کی داستان



## تعلیم کمپنی اور برٹش راج کے عہد میں
1947-1757

14









جنوری، مارچ
2007ء

برگد میگزین

میگزین ایڈوائزر
اقبال حیدر بٹ

ایڈیٹر
عامر ریاض

خصوصی معاونت
کاشف بخاری

آرٹ ڈائریکٹر
شاہدہ تبسم

اسسٹنٹ آرٹ ڈائریکٹر
عمانوایل اقبال

تعاون
ہینرچ بال فاؤنڈیشن (ایچ بی ایف)

اس رسالہ کو نوجوانوں کے لیے کام کرنے والی ایک تنظیم برگد کے زیر اہتمام شائع کیا جاتا ہے۔ اس کا مقصد طلبات وطلبہ میں نصابی وغیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے امن اور باہمی تعاون کی ترویج ہے۔



برگد

فرسٹ فلور، نذر محمد پلازہ، شاہراہ قائد اعظم،
راہوالی گوجرانوالہ۔ پاکستان
ٹیلیفون: 055-3864920/3868052
ای میل: info@bargad.org.pk
bargadpk@hotmail.com
ویب سائٹ: www.bargad.org.pk

## قائداعظم محمد علی جناح کا پیغام

"آپ حضرات کو تعلیم کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہے۔ اس بات پر زیادہ زور دینے کی ضرورت نہیں کہ صحیح تعلیم کیا ہوتی ہے۔ سو سال سے زائد انگریزوں کے عہد حکمرانی میں، حالات بھی کچھ ایسے تھے، مجھے افسوس ہے کہ اپنے لوگوں کی تعلیم پر قابل ذکر توجہ نہ دی جاسکی۔ اگر ہم حقیقی، تیز رفتار اور ٹھوس بنیادوں پر ترقی کے خواہاں ہیں تو ہمیں سنجیدگی سے اس سوال کو لینا ہوگا۔ تعلیم سے متعلق پالیسی اور پروگرام کو ایسے بنانا ہوگا جو نہ صرف لوگوں کے فہم، تاریخ اور ثقافت سے ہم آہنگ ہو بلکہ دنیا میں وقوع پذیر ہوچکے جدید حالات اور وسیع ترقی کو بھی مدنظر رکھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری سیاست کے مستقبل کا دارومدار اس طرز تعلیم اور راستہ پر ہوگا جس پر ہم اپنے بچوں کی نشوونما کریں گے اور جس کی وجہ سے وہ پاکستان کے خدمت گزار بنیں گے۔ مستقبل کی معاشی ترقی کے لیے سائنسی اور تکنیکی تعلیم کے میدان میں ہمارے لوگوں کو تربیت دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں کامرس، تجارت اور خصوصاً منصوبہ بند صنعتی ترقی کو سائنسی علوم سے جوڑنا ہوگا۔ یہ بات مت بھولیں کہ ہمیں پوری دنیا سے مقابلہ کرنا ہے جو اس میدان میں پہلے سے ہی تیز رفتار ترقی کر رہی ہے۔ میں دوبارہ سے زور دے کر کہوں گا کہ ہمیں تکنیکی اور ہنر سازی کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ مختصر یہ ہمیں آنے والی نسلوں کی کردار سازی کرنی ہوگی۔ اس کا مطلب ہے ان میں عزت نفس، دیانتداری، قوم کی ازخود خدمت کرنے کا جذبہ اور احساس ذمہ داری پیدا ہو۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا اس تربیت کی بدولت وہ معاشی طور پر مختلف شعبوں میں کردار ادا کرنے کی مکمل طور پر استطاعت اور مہارت رکھتے ہوں جس سے پاکستان کے وقار میں اضافہ ہو"۔

پہلی تعلیمی کانفرنس (1947)


25




دوسری تعلیمی کانفرنس 1951




ان سفارشات و پیش کردہ حقائق کو دیکھتے ہوئے صاف نظر آرہا ہے کہ پہلے چار سالوں میں ہی ہمارے پالیسی سازوں نے قائداعظم کی بصیرت سے روگردانی کا سفر شروع کر دیا تھا۔ ایک طرف مذہبی و ثقافتی تنوع کو تسلیم نہ کیا گیا تو دوسری طرف پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو امداد دینے کا کہا گیا۔


21

قائداعظم محمد علی جناح تعلیمی نصاب اور پہلی تعلیمی کانفرنس (1947)






اس کے باوجود قائداعظم پاکستان کے تمام صوبوں میں بولی جانے والی مادری زبانوں کے خلاف نہیں تھے ہم نے ایک ایسا تعلیمی نظام وضع کیا جس میں اردو اور انگریزی کو بنیادی اہمیت دیتے ہوئے مادری زبانوں اور ان میں لکھے گئے علم و ادب، تاریخ و شاعری کو کوئی جگہ نہ دی گئی۔ اس کے باوجود قائداعظم محمد علی جناح پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں، عیسائیوں، سمیت تمام مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی شہری ہونے کا واضح پیغام دیتے رہے، ہمارے پالیسی سازوں نے ایک ایسا نظام وضع کیا جس میں ہر سطح پر مذہبی اقلیتوں کے حوالے سے امتیازی سلوک روا رکھا گیا۔

وہ کون لوگ تھے جنہوں نے قائداعظم کے خیالات اور پہلی تعلیمی کانفرنس کی سفارشات کو ایک طرف رکھتے ہوئے، قومی تعلیمی پالیسی میں من پسند ترجیحات کا اضافہ کیا۔ آج اس سب پر غور کرنے کی ہم سب کو اشد ضرورت ہے

## 40

## کمیشن کا جاری کردہ سوالنامہ

## 45

## سرگرمیاں

برطانوی ہائی کمیشن

پاکستان الیکشن کمیشن

ہینرچ بال فاؤنڈیشن

لاء اینڈ جسٹس کمیشن
















## 26

## شریف کمیشن رپورٹ 1959

(تبصرہ اور اقتباسات)


شریف کمیشن کی اصلاحات کو کبھی نہ حل ہونے والے سیاسی مسئلہ میں الجھا دیا گیا۔ بائیں بازو کے کچھ رہنما آج بھی یہ سمجھتے ہیں انہوں نے اس طلباء تحریک کے ذریعے فوجی اقتدار کی بنیادیں ہلا دیں جبکہ اسلامی جمعیت طلباء کے دانشور یہ دعویٰ کرتے ہیں انہوں نے مادہ پرستانہ تعلیمی نظام لاگو کرنے کی ''سازش'' کو تہہ و بالا کر دیا۔ ان دونوں حلقوں کے دعوؤں کے باوجود اس تحریک نے درحقیقت تعلیم، اسلام، وطنیت اور روشن خیالی پر مبنی ایک حقیقی تعلیمی کاوش کو پنپنے سے روکا۔





# اظہار تشکر

تعلیمی پالیسیوں اور نصاب کے حوالے سے لکھنا نسبتاً ایک کٹھن کام تھا۔ خصوصاً ایسے حالات میں جب آپ کی رسائی بنیادی دستاویزات تک بھی نہ ہو اور مارکیٹ میں متعلقہ کتب بھی دستیاب نہ ہوں۔ تاہم دھیرے دھیرے بات بنتی گئی اور متعلقہ مواد تک رسائی ہو سکی۔

اس تحقیق کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں جن خواتین و حضرات سے میں نے مدد حاصل کی ان میں پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے سبط حسن اور اسی ادارے کے لائبریرین اورنگزیب ملک کے علاوہ ادارہ نصاب و ترقی پنجاب کے محترم سی ڈی عارف شامل ہیں تو دوسری طرف ارشد بھٹی، سلمان ہمایوں، سمیع اللہ سدوزئی اور وفاقی وزارت تعلیم پالیسی اینڈ پلاننگ ونگ کے نی ایم قریشی سر فہرست ہیں۔

اس رسالہ کی تیاری کے دوران جن خواتین و حضرات سے میں نے سیر حاصل گفتگو کی ان میں ڈاکٹر بریگیڈ سمتھ، ظفر اقبال مرزا، ظفر اقبال قریشی، اقبال حیدر بٹ، کرنل (ر) افتخار الدین، ڈاکٹر سعید شفقت، سید حسین نقی، ڈاکٹر سعید الرحمٰن، ڈاکٹر ندیم عمر، سید کاشف بخاری، امداد حسین، کلب علی شیخ، پرویز مجید، ظہور احمد، ڈاکٹر ارشد وحید، اے ایچ نیر، ناصر ارائیں، ڈاکٹر تاج، امیر بخش کے علاوہ بہت سے لوگ شامل تھے۔ متعلقہ مواد کچھ تو مجھے گھر سے میسر آ گیا کیونکہ میری گھر والی عفت رضوی ادارہ نصاب و ترقی پنجاب سے وابستہ رہ چکی تھیں اور ان کے بچے کھچے کاغذات میرے لیے زاد راہ ثابت ہوئے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ بہت سی سرکاری دستاویزات تک میری رسائی کی وجہ وہ تحقیق تھی جو مجھے جاوید حسن علی کی زیر قیادت تعلیمی اصلاحات کے ضمن میں چلنے والی کاوش "تعلیمی پالیسی 1998-2010 کا وسط مدتی جائزہ" کے لیے کرنا تھی۔

جن کتب و دستاویزات سے استفادہ کرنے کا مجھے موقعہ ملا ان میں محمد اقبال کی کتاب ایجوکیشن ان پاکستان، مطبوعہ عزیز پبلشرز اردو بازار 1977، عبدالرشید خان کی آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس (1886-1947) مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس، آپ بیتی سید امیر علی مترجم جمیل نقوی، مکتبہ اسلوب کراچی، فرانسس روبنسن کی فرنگی محل علما پر لکھی جانے والی معروف کتاب "علماء فرنگی اور جنوبی ایشیا میں اسلامی کلچر" مطبوعہ ہرٹس اینڈ کمپنی لندن 2001، سٹینلے والپرٹ کی جناح آف پاکستان مطبوعہ OUP، کیلنڈر پنجاب یونیورسٹی، جلد نمبر 1، 2002 مطبوعہ پنجاب یونیورسٹی پریس لاہور، مجلّہ "محور" پنجاب یونیورسٹی خصوصی صد سالہ نمبر 1982، پروفیسر عزیز الدین احمد کی پاکستان میں طلباء سیاست مطبوعہ مشعل لاہور، سلیم منصور خالد کی پاکستان کی طلبا تحریکیں مطبوعہ البدر پبلی کیشن لاہور 1989، قدیم ہندوستان میں تعلیم، از ڈاکٹر اے ایس الٹیکر مترجم ابو یوسف، مطبوعہ ترقی اردو بیورو، نئی دہلی، زبان اور تعلیم منتخب دستاویزات 1780-2003 (انگریزی) از ڈاکٹر طارق رحمٰن، مطبوعہ قائداعظم یونیورسٹی قومی ادارہ برائے مطالعہ پاکستان 2004، اور وسطی عہد کے شمالی ہندوستان میں شہریت از محترمہ وندانہ، مطبوعہ خدا بخش لائبریری پٹنہ 1999، شامل ہیں۔ علاوہ ازیں اس فہرست میں وہ دس "مقدس" دستاویزات بھی شامل ہیں جو حکومت پاکستان وقتاً فوقتاً تعلیمی اصلاحات کے ضمن میں جاری کرتی رہی ہے اور جسے عرف عام میں تعلیمی پالیسی کا عنوان بھی دے دیا جاتا ہے۔

اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں وہ انٹرویو بھی کارآمد رہے جو میں نے برگد کے گذشتہ شمارے کے لیے ثمینہ چنارہ اور اقبال حیدر بٹ کے ہمراہ کیے تھے۔ ان میں پروفیسر عزیز الدین احمد، قیصر بنگالی اور سعید سلیمی کے انٹرویوز تھے جو 60، 70 اور 80 کی دہائیوں میں بائیں، دائیں اور لبرل حلقوں میں طلباء اور اساتذہ کی سیاست میں سرگرم رہے۔ علاوہ ازیں معروف صحافی و کالم نگار ظفر اقبال مرزا (زم، لاہوری) کا انٹرویو بھی تھا کہ جو 50 کی دہائی میں گورنمنٹ کالج لاہور میں پڑھتے رہے ہیں اور تعلیمی اداروں میں سیاست در آنے کے کارن تعلیمی بندوبست میں تنزلی کے گواہ بھی۔ مجھے یہ تسلیم کرنے میں قطعاً کوئی عار نہیں کہ مرزا صاحب کے انٹرویو نے طلباء سیاست کے حوالے سے متبادل نقطہ نظر بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔

اس دوران برگد کے مختلف پروگراموں میں نوجوان رضا کاروں سے تبادلہ خیال بھی میرے بہت سے مفروضوں کو غلط کرنے میں حد درجہ معاون رہا اور یوں اس کام کی تکمیل میں، اپنے ماضی کے تعصبات سے بچنے میں کسی حد تک کامیاب رہا۔ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ تعلیم کے حوالے سے اس بنیادی کام کو کرنے میں مجھے بنیادی تحریک برگد کے کام سے ملی اور میں اس ضمن میں برگد کا ہمیشہ شکر گزار رہوں گا۔

اب یہ کام رسالہ کی شکل میں آپ کے روبرو ہے۔ اس رسالہ کو بوجہ طوالت دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلا حصہ ماقبل انگریز دور سے شروع ہوتا ہے۔ انگریز دور میں حکومتی و غیر حکومتی سطح پر ہونے والی تعلیمی کاوشوں کو الگ باب میں سموتے ہوئے اس بات کا جائزہ لینے کی کوشش کی گئی ہے کہ 14-اگست 1947 کو تعلیم کے حوالے سے ہماری کیا صورتحال تھی۔ اس جائزہ کے بعد نومبر 1947، کی پہلی تعلیمی کانفرنس سے لے کر شریف کمیشن رپورٹ (1958) تک آنے والی تین تعلیمی دستاویزات کا ذکر کیا گیا ہے۔ بلاشبہ ان تین رپورٹوں میں، شریف کمیشن رپورٹ (1959) کا خصوصی تذکرہ شامل ہے جسے ہمارے تعلیمی بندوبست کے حوالے سے اسے آج بھی کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ دوسرا حصہ 1966 کی تعلیمی پالیسی سے لے کر تادم تحریر آنے والی تمام پالیسیوں کا جائزہ لیے ہوئے ہے۔ اس میں یحییٰ خان کے دور کی دو رپورٹوں 1969، اور 1970، کے علاوہ ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت (1972-80) کی پالیسی بھی شامل ہے اور ضیاالحق (1979) کی تعلیمی مراجعت بھی۔ علاوہ ازیں اس میں نئی آنے والی پالیسی بارے مضمون خصوصی طور پر شامل ہوں گے۔ ہو سکتا ہے آپ کو یہ معیاری لگے، ہو سکتا ہے آپ اخذ کردہ نتائج سے متفق نہ ہوں، یا شاید آپ اسے زیادہ معیاری نہ گردانیں۔ تاہم یہ اہم ہے کہ آپ اس پر اپنی رائے ضرور بھیجیں۔ اس رسالہ کی اشاعت کا مقصد نہ تو کسی کی نندیا کرنا ہے اور نہ ہی اس جدوجہد سے انکار کہ جو تعلیمی بندوبست کو صحیح سمت دینے کے لیے کی گئی۔ یہ ایک علمی کوشش ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ تعلیم کے حوالے سے ایک ایسا ویژن بن سکے جس کے کارن ہمارے نوجوان مستقبل کے معمار بن سکیں۔

آخر میں مجھے خصوصی شکریہ ادا کرنا ہے، برگد کی ڈائریکٹر صبیحہ شاہین کا، کہ جن کے صبر کا امتحان اب ختم ہونے کو ہے۔ اس رسالہ کی تیاری کے لیے میں نے یقیناً بہت وقت لیا تاہم آج اسے پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہوئے کسی حد تک مجھے اطمینان ہے۔ اس رسالہ میں آپ کو جو بھی کمی نظر آئے اس کا صرف اور صرف میں ہی ذمہ دار ہوں۔

شکریہ

عامر ریاض
newline2100@yahoo.co.uk

# اداریہ

تعلیم کی اہمیت سے کسے انکار ہے۔ تعلیم ہماری آنے والی نسلوں کی آبیاری میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ ہمارے، آپ کے بچے، نوجوان عمومی طور پر وہی روپ دھارتے ہیں جس کا تعین ہمارا تعلیمی نظام کرتا ہے۔ آج اگر ہمارا نوجوان کنفیوژن کا شکار ہے یا فرقہ پرستی کی طرف مائل ہے یا اسے اپنی شناخت بارے الجھنیں درپیش ہیں تو اس کی اہم ترین وجوہات میں سے ایک اہم وجہ ہمارا تعلیمی بندوبست ہے۔ آدھی صدی سے زیادہ وقت گزر جانے کے باوجود، ہم تادم تحریر بنیادی امور پر بحیثیت قوم یا ریاست اتفاق رائے پیدا نہیں کر سکے۔ ہماری یہ رائے ان پالیسی دستاویزات کو پڑھنے کے بعد بنی ہے جو تعلیمی پالیسی کے معمار، قیام پاکستان سے آج تک حکومتی سرپرستی میں پیش کرتے رہے ہیں۔ اس فکری بحران سے نبرد آزما ہونا اور نوجوان نسل کو جدید، ثقافتی و مذہبی تنوع کو تسلیم کرتے ہوئے روشن خیال اور معتدل مزاج پاکستان کی راہ دکھانا آج کا سب سے بڑا چیلنج ہے۔ تنظیم برگد، گوجرانوالہ (پنجاب) کے نزدیک ایک چھوٹے سے علاقہ ''راہوالی'' سے یہی چیلنج لے کر نکلی ہے۔ اس سفر میں گوجرانوالہ اور اس کے اردگرد مقیم نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہی ہمارے ہمراہ نہیں ہیں بلکہ ہم ملک بھر کے تعلیمی اداروں میں اس مشن کو لے کر آگے بڑھ رہے ہیں۔

زیرِنظر رسالہ، عامر ریاض کی کاوشوں کا نتیجہ ہے جو نہ صرف اس رسالہ کے ایڈیٹر ہیں بلکہ برگد کے کاموں میں فکری و عملی معاونت بھی کرتے رہتے ہیں۔ انہوں نے عرق ریزی سے گذشتہ دس تعلیمی پالیسیوں کا جائزہ لے کر برگد کو کام کے حوالے سے ایک نئی راہ دکھائی ہے۔ ان کا یہ کام ہم اپنے رسالہ میں دو شماروں میں خصوصی طور پر شائع کر رہے ہیں۔ مجموعی طور پر اس رسالہ میں انہوں نے ان دس تعلیمی دستاویزات کا جائزہ لیا ہے جو مختلف ادوار میں حکومت پاکستان پیش کرتی رہی ہے۔ اس میں 1947ء اور 1951ء کی پہلی دو تعلیمی کانفرنسوں کی سفارشات بھی ہیں اور 1959ء کے شریف کمیشن بارے مفصل گفتگو بھی۔ 1966, 1969, 1970 اور 1972 کی تعلیمی پالیسیوں کی متعین کردہ ترجیحات بھی اور 1979, 1992 اور 1998-2010 کی پالیسیاں بھی۔ علاوہ ازیں اس میں جاوید حسن علی کے تیار کردہ تعلیمی بندوبست بارے وائٹ پیپر پر تبصرہ بھی شامل ہے۔ زیرِنظر شمارہ میں 1965ء تک کی تعلیمی پالیسیوں کا جائزہ شامل ہے جبکہ دوسرے شمارہ میں آپ 1966ء سے لے کر آج تک آنے والی پالیسیوں کا احوال پڑھیں گے۔ یوں یہ رسالہ ایک طرح پاکستان میں حکومتی سطح پر تعلیم کے حوالے سے اٹھائے گئے اقدامات بارے ہم سب کی توجہ مبذول کروا رہا ہے۔ تعلیم کے حوالے سے قبل اور بعد از انگریز دور کیا کچھ سوچا جاتا رہا اور خود تحریک پاکستان کے معماروں خصوصاً قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان میں تعلیمی نظام کے حوالے سے کیا گائیڈ لائن دی تھی وہ بھی آپ کو اس رسالہ میں پڑھنے کو ملے گا۔ رسالے کے مواد پر نظر ثانی اور انگریزی حصہ کی ایڈیٹنگ کے لیے میں اقبال حیدر بٹ کی مشکور ہوں۔

میں خصوصی طور پر ماہرین تعلیم، اساتذہ، پرنسپل صاحبان، دانشوروں اور نوجوانوں سے یہ گزارش کرتی ہوں کہ وہ اس رسالہ کو ضرور پڑھیں اور ہمیں اپنی آراء بھیجیں۔ تعلیمی پالیسیوں بارے مفصل تبصرہ و منتخب سفارشات اردو کے حصہ میں موجود ہیں جبکہ انگریزی کے حصہ میں ہر پالیسی کی چیدہ چیدہ سفارشات دی گئی ہیں۔ آج ایک دفعہ پھر ملک بھر میں تعلیمی اصلاحات کا چرچا جاری ہے۔ تعلیمی پالیسی 1998-2010 کو ازسرنو دیکھنے کے لیے وفاقی وزارت تعلیم کے زیر اہتمام ایک کمیٹی اپنا کام شروع کر چکی ہے۔ ایسے میں شاید یہ رسالہ پالیسی سازوں کی توجہ کچھ بنیادی نوعیت کے امور کی طرف مبذول کروا سکے۔

**آخری بات:** اس رسالہ کے توسط سے میں اپنے بزرگوں سے دست بدستہ ایک گزارش کرنے کی جسارت کر رہی ہوں۔ جس ملک میں نصف صدی سے زیادہ عرصہ گزر جانے کے باوجود بنیادی امور پر اتفاق نہ ہو سکے وہاں محض ملک کے نوجوانوں کو کوسنا درست نہیں۔ جب آپ نصاب تعلیم کو سیاست اور تعصبات کی نذر کر دیں گے تو پھر نوجوانوں سے کسی بہتری کی امید رکھنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہوگا۔ مندرجہ بالا دس تعلیمی دستاویزات کی تیاری میں ماسوائے 1966ء ایک بھی تعلیمی پالیسی ایسی نہیں جس کو ترتیب دینے سے قبل نوجوانوں یا طالب علموں سے رائے لی گئی ہو۔ ہمارے خیال میں تعلیمی پالیسی بنانے کے عمل میں نوجوانوں/طالبعلموں کی شرکت اس پالیسی کی پائیداری کی ضمانت بن سکتی ہے۔ ماہرین تعلیم و افسر شاہی کو نوجوانوں پر اعتبار کرنا چاہیے۔ بہرحال اب بھی اگر ہم تعلیم کے بنیادی امور میں اتفاق رائے پیدا کر لیں تو نوجوان آپ کو ایک مضبوط، جدید، معتدل مزاج اور روشن خیال پاکستان دے سکتے ہیں۔

صبیحہ شاہین

Sabiha Shaheen

ماضی میں تعلیمی نظاموں میں خانقاہوں، مندروں، مسجدوں اور چرچوں سے جڑے تعلیمی اداروں اور زبانی تعلیم نے ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔

ہندوؤں، مسلمانوں، عیسائیوں اور بدھ مت کے پیروکاروں سمیت، ہر جگہ اور ہر علاقہ میں ان روایات کو دیکھا جاسکتا ہے۔ مسلمانوں میں بھی خانقاہوں، مزاروں اور مساجد سے جڑے ان تعلیمی اداروں نے تیرھویں اور چودھویں صدی تک امور سلطنت سے لے کر سائنس و فلسفہ میں لاتعداد نام پیدا کیے۔ ان درس گاہوں کو کسی بھی طرح موجودہ مدرسوں سے مماثلت نہیں دی جاسکتی البتہ موجودہ مدرسوں کو ماضی کی عالیشان تدریسی روایات کی بگڑی ہوئی شکل ضرور کہا جاسکتا ہے۔ موجودہ مدرسوں کی تنزلی کو دیکھتے ہوئے بعض اہلِ علم ایک غلط فہمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ وہ سوچتے ہیں شاید انگریزوں کے استوار کیے گئے تعلیمی نظام سے قبل ہمارے ہاں حصول علم کا کوئی باقاعدہ نظام نہیں تھا۔ زیر نظر مضمون اس غلطی کے ازالے کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ اس کا موضوع ''مسلمانوں میں تعلیم'' ہے تاہم دیگر مذاہب بشمول ہندومت میں بھی تعلیم حاصل کرنے کے ذرائع کسی نہ کسی شکل میں موجود تھے۔ یہ ضرور کہا جاسکتا ہے جس طرح آج گلی، محلے میں سکول قائم ہیں اور نچلے طبقات کو علم تک رسائی مل رہی ہے، ماضی میں اس جیسی کوئی مثال نہیں تھی۔ لیکن یہ بات تعلیمی نظام تک ہی محدود نہ تھی بلکہ سیاست، ادب، آرٹ سب ہی میدانوں میں لوگوں کی شرکت نہ ہونے کے برابر تھی۔ تاہم گزشتہ دو سو سالوں میں سیاست، حکمرانی و معاشرت میں جو زبردست تیز رفتار تبدیلیاں ہوئیں ان کو سامنے رکھتے ہوئے مدرسوں کے تدریسی نظام کو بھی بدلنے کی ضرورت تھی جو نہ ہوسکی۔ البتہ اس حوالے سے بہت سے دانشور ضرور سرگرداں رہے۔

**خلیفہ المامون کے عہد 830 عیسوی میں مشہور درسگاہ بیت الحکمت قائم ہو چکی تھی۔**

# مسلمانوں میں تعلیم قبل از انگریز ہندوستان

محمد اقبال

یہ تحریر ماہر تعلیم محمد اقبال کی کتاب ایجوکیشن ان پاکستان سے ترجمہ کی گئی ہے۔ محمد اقبال 1965ء میں فل برائٹ سکالرشپ پر سکول ایڈمنسٹریشن پڑھنے امریکہ کی یونیورسٹی آف جنوبی کیلی فورنیا گئے تھے۔ آپ گارڈن کالج راولپنڈی سے ماسٹر ڈگری کرنے کے بعد مختلف عہدوں پر تعلیم سے وابستہ رہے۔ بطور انسپکٹر آف ٹریننگ انسٹی ٹیوشنز، ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن، خدمات سرانجام دینے کے علاوہ مختلف تعلیمی اداروں کے سربراہ بھی رہ چکے ہیں۔ آپ کی کتاب ان چند کاوشوں میں سے ایک ہے جن کے ذریعے ہم اپنے تعلیمی مسائل کو سمجھنے میں مدد حاصل کرسکتے ہیں۔

مسلمانوں کا پہلا سکول صفا کو کہتے ہیں جو مسجد نبوی (مدینہ) میں بنایا گیا تھا۔ نبی کریمؐ کے نزدیک پڑھائی لکھائی یعنی تعلیم کی کس قدر اہمیت تھی اس بات کا اندازہ جنگ بدر میں گرفتار ہونے والے پڑھے لکھے قیدیوں کو دی جانے والی رعایت سے لگایا جاسکتا ہے۔ جنگ بدر میں قید ہونے والے ان قیدیوں کو جو پڑھنا لکھنا جانتے تھے، رسول کریمؐ نے حکم دیا تھا کہ اگر وہ مسلمانوں کو پڑھنا لکھنا سکھائیں گے تو انہیں رہا کر دیا جائے گا۔

آٹھویں صدی کے وسط تک ثانوی تعلیم کا نظام وضع کر دیا گیا تھا۔ یہ سکول مساجد کے ساتھ جڑے ہوتے تھے جبکہ چند جگہوں پر مسجد سے نزدیک الگ کمرے بھی، تعلیم کے لیے مختص کر دیئے جاتے تھے۔ نماز کے علاوہ مساجد تعلیمی سرگرمیوں کی آماجگاہ بن گئیں تھیں۔ یہاں طلباء و اساتذہ کی رہائش کے علاوہ لائبریریاں بھی بننے لگیں تھیں۔

اموی دور ہی میں مکتب مدرسوں میں قرآن و حدیث کے علاوہ فلسفہ، منطق، قانون اور تاریخ کی تعلیم دی جانے لگی تھی۔ عباسی عہد میں مسلمانوں کے تعلیمی اداروں کو ایک خاص عزت و تکریم ملنی شروع ہوگئی۔ ثقافتی اور سماجی سرگرمیوں میں بہت اضافہ ہوا جس کے کارن علم و فہم میں بڑھوتری ہوئی۔ خلیفہ المامون کے عہد 830 عیسوی میں مشہور درسگاہ بیت الحکمت قائم ہو چکی تھی۔ یہی وہ دور ہے جب عربوں نے یونانی اور سنسکرت



زبانوں سے علوم کو عربی زبان میں منتقل کرنے کا اہم کام کیا۔ اس علم کے خزینہ سے رازی، ابن سینا اور الفارابی

جیسے روشن دماغ پیدا ہوئے۔

1005ء میں فاطمیوں نے مصر میں مشہور جامعہ الزہرا قائم کر کے علم و آگہی کو مزید وسعت دی۔ مشہور فاطمی خلیفہ الحکیم نے جدید تحقیق کے لیے دارالحکمت قائم کیا۔

اساتذہ لیکچروں اور گروپوں کی صورت میں تعلیم دیتے۔ ان درس گاہوں میں پڑھانے والوں کو اپنے اپنے مضامین میں اعلیٰ مہارت حاصل تھی۔ امتحانات کا نظام موجود نہیں تھا۔ جب کوئی استاد، دیکھتا کہ اس کا شاگرد، علم و آگہی کے میدان میں بہت آگے نکل رہا ہے تو وہ اسے بطور استاد پڑھانے پر مامور کر دیتا۔ البتہ کہیں کہیں اسناد دینے کی روایت بھی دیکھی گئی۔ یہ اسناد حکومتی ملازمت میں از حد معاون ہوتیں تھیں۔

ان درسگاہوں کا کوئی باقاعدہ نصاب بھی نہیں تھا۔ طالبعلم اپنی قابلیت اور صلاحیت کے مطابق ایک سے زیادہ مضامین پڑھ سکتا تھا۔ یہ طریقہ امریکہ کی بعض یونیورسٹیوں میں آج بھی رائج ہے۔ ان درسگاہوں میں قرآن و حدیث کے علاوہ عربی زبان، گرائمر، ادب، قانون، ریاضی، منطق، فلسفہ، طب، جیومیٹری، علم فلکیات اور علم نجوم پڑھایا جاتا تھا۔

مشہور محقق فلپ ہٹی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں۔

''تاریخ عالم میں آپ کو اس شاندار مسلم عہد کا متبادل شاید نہ ملے۔ تاریخ کے اس عہد ساز وقت کے بارے میں بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ تاہم آج بھی مغرب کے عیسائیوں کے لیے یہ معرکتہ آراء عروج ایک معمہ سے کم نہیں۔ یہاں ہم اسلام کی سیاسی تاریخ پر بات نہیں کر رہے، بلکہ ہمارا مخاطب مغرب کا وہ عروج ہے جسے نشاۃ ثانیہ کہا جاتا ہے۔ یہ نشاۃ ثانیہ بلاشبہ تاریخ کا ایک بہت بڑا انقلاب ہے۔ تاہم اس انقلاب کی بنیاد، وسطی دور میں ساجی، عقلی، ذہنی اور اخلاقی سطحوں پر برپا ہونے والا تاریخ ساز عہد ہی تھا۔ دیکھا جائے تو بحیرہ روم (جسے اب بحرالکاہل بھی کہتے ہیں) کے ساحلوں پر صدیوں تک عربوں کی بالادستی اہل یورپ کے لیے زحمت کے روپ میں رحمت ثابت ہوئی۔ یورپ پر اس عہد زریں کا اثر 18 ویں صدی تک برقرار رہا حالانکہ پانچ سو سال قبل اس عہد کا خاتمہ ہو چکا تھا''۔

برصغیر میں محمد غوری (1174-1206) وہ پہلا حکمران تھا جس نے باقاعدہ مکتب مدرسوں کی بنیاد رکھی اور اجمیر سے اس کام کا آغاز کیا۔ اس نے منتخب نوجوان غلاموں کو آداب حکمرانی و علم و ادب کی تعلیم دلوائی۔ قطب الدین ایبک انہی درسگاہوں کا ہونہار شاگرد تھا۔ بعدازاں التمش اور رضیہ سلطانہ نے بھی اس روایت کو آگے بڑھایا۔ غیاث الدین بلبن، سلطان محمد تغلق اور فیروز تغلق بھی اس کام میں پیچھے نہ ہٹے اور شمالی ہندوستان سے دکن تک ایسے ادارے تشکیل پاتے رہے۔ کہا جاتا ہے فیروز تغلق کے عہد میں صرف دہلی میں ایک ہزار مسجد مکتب موجود تھے۔ ان مدرسوں میں مذہب کے علاوہ ریاضی، اور سائنس بھی پڑھائی جاتی تھی۔

سلطان سکندر لودھی (1449-1517) کے عہد تک ان مسجد مکتبوں اور مدارس میں ہندوؤں کی بڑی تعداد بھی حصول علم کے لیے آنے لگی تھی۔ یہی وہ دور ہے جب ہندوؤں میں عربی، فارسی سیکھنے کا رجحان بڑھا۔

مغل بادشاہ ہمایوں (1530-1556) نے دہلی اور شیر شاہ سوری (وفات 1451ء) نے نرنال میں تعلیمی ادارے بنوائے۔ اکبر کے عہد میں سنسکرت کے قدیم مسودات کو فارسی میں منتقل کرنے کا کام ہوا۔ یاد رہے اس وقت تک مدارس میں زیادہ تر علم زبانی ہی دیا جاتا تھا۔ لکھنے کا رواج، اکبر کے عہد میں زیادہ عام ہوا۔ ابوالفضل اس عہد کے تعلیمی اداروں کے متعلق لکھتا ہے۔

''تمام مہذب اقوام تعلیمی اداروں کے ذریعے اپنے نوجوانوں کو مستقبل کے لیے تیار کرتے ہیں تاہم ہندوستان

آئین اکبری اور مشہور یورپی سفرناموں سے حاصل شدہ معلومات پر لکھے گئے پی ایچ ڈی کے تھیسس پر مشتمل کتاب ''وسطی عہد کے شمالی ہندوستان میں شہریت'' (1556-1668) Urbanization سے لیا گیا ایک پیراگراف۔

کتاب کی مصنفہ محترمہ وندانہ ہیں جنہوں نے علیگڑھ یونیورسٹی میں یہ مکالمہ جمع کروایا۔

عہد مغلیہ میں کچھ شہروں کو اس لیے اہمیت حاصل تھی کہ وہاں روحانی و مذہبی تعلیم کے دریا بہتے تھے۔ ان میں وہ شہر بھی تھے جہاں لاتعداد لوگ اپنے علم کی پیاس بجھانے آتے تھے۔ ان میں الہٰ آباد، جگ ناتھ پوری، ہردوار، متھرا، دوارکا جیسے شہر شامل تھے۔ کچھ شہر اس لیے بھی مشہور تھے کہ وہاں کوئی برگزیدہ ہستی رہتی تھی یا اس کا مزار تھا۔ ایک بڑی تعداد میں بزرگان دین کالپی (اتر پردیش) میں اکٹھے ہوتے تھے۔ پانی پت میں بوعلی قلندر کی بادشاہت تھی اور سیالکوٹ میں امام علی الحق رہائش پذیر تھے۔ سرہند شیخ فریدالدین ثانی اور شیخ محمد معصوم کابلی کا علاقہ تھا۔ ان بزرگوں کے فیض کی وجہ سے خانقاہیں، درگاہیں، مدارس، پٹ شالائیں درس و تدریس کا سلسلہ چلاتی رہیں۔

سیالکوٹ کو درس و تدریس میں ایک اعلیٰ مقام حاصل تھا۔ سرہند میں طب کے حوالے سے ایک مشہور ادارہ بنایا گیا۔ اسی طرح بنارس اور تیرتھ غیر مسلموں میں درس و تدریس کے بڑے مراکز تھے۔

بحیرہ روم (جسے اب بحرالکاہل بھی کہتے ہیں) کے ساحلوں پر صدیوں تک عربوں کی بالادستی اہل یورپ کے لیے زحمت کے روپ میں رحمت ثابت ہوئی۔

فیروز تغلق کے عہد میں صرف دہلی میں ایک ہزار مسجد مکتب موجود تھے۔ ان مدرسوں میں مذہب کے علاوہ ریاضی اور سائنس بھی پڑھائی جاتی تھی۔

> **آئی سی جی جیسے ادارے یہ بھی نہیں جانتے کہ سارے مدرسے اس قسم کے کاموں میں ملوث نہیں رہے۔ ان مدرسوں میں لاتعداد ایسے ہیں جو مذہب کو کل انسانیت کی فلاح کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اس مسئلہ کو انتہائی سنجیدہ اور محتاط انداز میں دیکھنا چاہیے۔**

# تعلیم اور مدرسے

مدرسوں کے بارے میں عموماً ہمارے ہاں خاصی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ مدرسے، گیارویں صدی میں سلجوق عہد میں بننے شروع ہوئے تھے۔ اس عہد کے سلجوق وزیراعظم نظام ملک نے سلجوق حکومت کو چلانے والوں کی تربیت کے لیے مدرسوں کے قیام کو ضروری گردانا۔ تیرھویں صدی تک ان مدرسوں میں منطق، گرائمر، ریاضی، تاریخ، قانون اور انتظامی امور سے متعلق علم دیا جاتا تھا۔ تاہم منگولوں کے حملوں کے بعد یہ اپنی شان وشوکت بحال نہ رکھ سکے۔ 19 ویں صدی میں جب انگریز ہمارے ہاں نئی طرز کا تعلیمی نظام بنا رہے تھے تو اس وقت تک ان مدرسوں کی صورتحال خاصی بگڑ چکی تھی۔ اب ان مدرسوں نے علماء اور فقہا پیدا کرنے بہت کم کردیئے تھے۔ اب یہاں روزمرہ کی رسومات وعبادات کے لیے گائیڈ لائن دینے والے تو بڑی تعداد میں موجود تھے مگر وہ علم وفہم جس کا یہ گہوارہ تھے اب ناپید ہوتا جارہا تھا۔ یہاں پڑھائے جانے والا نصاب بھی صدیوں پرانا تھا اور اس میں بدلتے وقت کے مطابق تبدیلیاں نہیں کی گئی تھیں۔ البتہ رہائش وتعلیم کی مفت سہولت مہیا کرنے کی وجہ سے بہت سے غریب وپسماندہ علاقوں سے نوجوانوں کی بڑی تعداد ان سے ہی رجوع کرتی تھی۔ مدرسوں کے حوالے سے پاکستان میں بڑی تبدیلی، سابقہ سوویت یونین کے افغانستان پر قبضے کے بعد دیکھنے میں آئی۔ امریکہ نے جہادی کلچر کو پروان چڑھانے میں بنیادی کردار ادا کیا۔ امریکی ڈالروں اور اسلحہ کی مدد سے ان مدرسوں میں زیر تعلیم نوجوانوں کو مجاہدین بنایا گیا۔ سابقہ سوویت یونین کی افواج کی افغانستان سے واپسی پر امریکہ نے یہ پالیسی ختم کردی تاہم اب مدرسے ایک اور کردار ادا کرنے کے لیے تیار تھے۔ انہوں نے نہ صرف افغانستان کی طرف پیش قدمی جاری رکھی بلکہ پاکستان میں بھی وہ ریاست کے اندر ریاست کے مانند کام کرنے لگے۔

ان باتوں کو لکھنے کی ضرورت اس لیے بھی پیش آئی کیونکہ ایک بین الاقوامی تنظیم انٹرنیشنل کرائسس گروپ (ICG) نے موجودہ پاکستانی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے الزام لگایا ہے کہ یہ اب تک مدرسوں کو نہ صرف جدید نصاب سے ہم آہنگ نہیں کر پائے بلکہ ان کی رجسٹریشن بھی نہیں کروا سکتے۔ سوال یہ ہے صدیوں پر محیط، مذہبی تعلیم کے اس متبادل نظام کی اصلاح اس قدر آسان کام نہیں ہے۔ آئی سی جی جیسے ادارے یہ بھی نہیں جانتے کہ سارے مدرسے اس قسم کے کاموں میں ملوث نہیں رہے۔ ان مدرسوں میں لاتعداد ایسے ہیں جو مذہب کو کل انسانیت کی فلاح کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ اس مسئلہ کو انتہائی سنجیدہ اور محتاط انداز میں دیکھنا چاہیے۔ اس مسئلہ کا کوئی فوری حل ممکن نہیں تاہم جو لب بھی عسکریت پسندی کو نہیں چھوڑتے ان کے بارے میں فوری فیصلے کرنے ضروری ہیں۔

امریکہ ومغربی ممالک سے آنے والے وفود کے تحفظات اپنی جگہ درست ہیں تاہم مسلمانوں کے نزدیک ان مدرسوں کی بہت اہمیت ہے اور وہ انہیں اپنی علمی و روحانی ترقی کا نہ الگ ہونے والا حصہ سمجھتے ہیں۔ ایسے میں درمیانی راستہ ہی ایک ایسا حل ہے جو ہمیں صحیح سمت میں لے جاسکتا ہے۔

مدرسوں بارے ایک رپورٹ سے اقتباسات جنوری 2004ء

میں مدرسے اس کام کا بیڑہ اٹھائے ہوئے ہیں۔ بادشاہ سلامت نے حکم جاری کیا ہے کہ تمام مدارس میں طلباء کو پہلے لکھنا سکھایا جائے۔ حروف تہجی کو توڑنا جوڑنا اور جملے بنانا ان کی تربیت کا لازمی حصہ ہونا چاہیے''۔

یہ جہانگیر تھا جس نے حکمنامہ جاری کیا کہ جب کوئی امیر آدمی بغیر وراثت کے مرے گا تو اس کی جائیداد تعلیمی اداروں کی ترقی پر خرچ کی جائے گی۔ لکھنو میں جس عمارت میں مشہور مدرسہ فرنگی محل بنا، یہ عمارت ڈچ قبضہ سے چھڑوا کر، اورنگزیب نے

> **یہ جہانگیر تھا جس نے حکم نامہ جاری کیا کہ جب کوئی امیر آدمی بغیر وراثت کے مرے گا تو اس کی جائیداد تعلیمی اداروں کی ترقی پر خرچ کی جائے گی۔**

ہی ان بزرگوں کو دی تھی جنہوں نے مدرسہ کی بنیاد رکھی۔ اورنگ زیب نے شیخ نظام لاہوری کی زیرصدارت علماء کی ایک سات رکنی کمیٹی بنائی جس نے علم قانون کے حوالے سے ہندوستانی مسلمانوں کے لیے مشہور کتاب فتاویٰ عالمگیری مرتب کی۔

اورنگ زیب کے عہد میں بننے والے مشہور مدرسہ فرنگی محل نے مولانا قطب الدین سہالوی کی نظامت میں بہت ترقی کی۔ مدارس میں پڑھایا جانے والا مشہور نصاب درس نظامی

**اورنگ زیب نے شیخ نظام لاہوری کی زیر صدارت علماء کی ایک سات رکنی کمیٹی بنائی جس نے علم قانون کے حوالے سے ہندوستانی مسلمانوں کے لیے مشہور کتاب فتاویٰ عالمگیری مرتب کی۔**

کی تیاری کا کام بھی آپ نے ہی کیا تھا۔ اس نصاب میں آپ نے معقولات اور منقولات یعنی روایات اور عقلی علوم کو اکٹھا کرنے کی کوشش کی۔ تاہم اس نصاب میں مسلم سائنسدانوں کے کام کو کوئی جگہ نہ دی گئی۔

ایسٹ انڈیا کمپنی نے اپنے ابتدائی دور میں ایسے تعلیمی اداروں کی صرف بنگال میں تعداد آٹھ سے دس ہزار بتلائی۔




## تعلیم مسلمانوں کی آمد سے قبل

قدیم ہندوستان میں تعلیم کے بہت سے مراکز تھے جن میں سب سے ممتاز مقام پنجاب کے قدیم شہر ٹیکسلا کو حاصل رہا۔ ڈاکٹر اے ایس الٹیکر اپنی کتاب ''قدیم ہندوستان میں تعلیم'' میں ٹیکسلا بارے لکھتے ہیں ''ساتویں صدی قبل مسیح تک ٹیکسلا ایک مشہور تعلیمی مرکز بن چکا تھا۔ ایسا مشہور کہ راج گریہہ، بنارس اور متھیلا جیسے دور دراز کے شہروں سے بھی طلبہ یہاں کھنچے چلے آتے۔ سکندر کے زمانے (327 ق م) میں ٹیکسلا اپنے فلسفیوں کی وجہ سے مشہور تھا''۔ قدیم گرائمر کی کتاب کا مصنف پانینی اور ارتھ شاستر کا مصنف کوشلیا ٹیکسلا کا ہی پڑھا ہوا تھا۔ یہاں نا صرف طب اور جراحی جیسے مضامین پڑھائے جاتے تھے بلکہ طعام و قیام کا انتظام بھی تھا۔ اسی طرح بنارس بھی ایک قدیم تعلیمی مرکز تھا جہاں پہلے بدھ بھکشو تعلیم حاصل کرتے تھے بعدازاں ہندو رشیوں کی آمجگاہ بنا۔ 450 میں پٹنہ کے قریب بننے والی نالندا یونیورسٹی کو بدھوں کی ممتاز درسگاہ کا مقام حاصل ہے۔ کمار گپت اول نے خانقاہ اور وقف قائم کر کے اس کی بنیاد رکھی تھی۔ اس کے علاوہ ولبھی (کاٹھیاوار)، وکرم سیلا (بہار)، جیندر (کشمیر)، چیناپتی، جالند (پنجاب)، سولنگی (بمبئی) کے علاوہ بہت سی درسگاہیں تعلیمی خدمات سرانجام دے رہی تھیں''۔ البتہ مسلمانوں کی آمد سے قبل دوسری سے آٹھویں صدی میں باہر والوں کی طبع آزمائیوں اور اندرون ملک بدھ مت کے خلاف ہندو مت کے ٹھیکے داروں (براہمن) کی طرف سے کھڑی کی جانے والی لڑائیوں سے ان علمی روایات کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا۔ اس کی تفصیل مشہور بھارتی دانشور اور تاریخ دان محترمہ رومیلا تھاپڑ کی کتاب Ancient India میں دیکھی جاسکتی ہے

# علماء معقولات منقولات فرنگی محل اور درس نظامی

زیر نظر مضمون مشہور تاریخ دان فرانس روبنسن کی کتاب ''جنوبی ایشیاء میں اسلامی تہذیب اور علماء فرنگی محل'' سے لیے گئے اقتباسات پر مشتمل ہے۔ رابنسن یونیورسٹی آف لندن میں پڑھاتے ہیں۔ یہ مضمون اسلامی نصاب تعلیم میں دومختلف مکاتب فکر کی طرف ہم سب کی توجہ مبذول کروا رہا ہے۔ سائنس اور فلسفہ کو خیر آباد کہہ کر مسلمانوں نے جو نقصان اٹھایا اس سے تو ہم سب بخوبی واقف ہیں مگر یہ انحطاط کہاں سے شروع ہوا اس بارے جانکاری بہت ضروری ہے۔ اسلامی نصاب تعلیم کو عموماً دو شاخوں میں منقسم کر کے دیکھا جاتا ہے۔ ایک ہے منقولات یا الہیاتی علوم۔ اس میں تفسیر، احادیث اور فقہہ (اسلامی قانون) شامل ہیں۔ دوسری شاخ معقولات یا عقلی علوم کہلاتی ہے۔ اس میں منطق (Logic)، حکمت (فلسفہ) اور کلام (Theology) شامل ہیں۔ سلاطین دہلی کے زمانے تک منقولات کو مدارس کے نصاب میں بنیادی اہمیت حاصل تھی۔ سکندر لودھی کے دور سے معقولات کو اہمیت ملنی شروع ہوگئی اور نصاب میں بلاغت (Rehtoric)، منطق اور کلام کو شامل کیا گیا۔

رسمی تعلیم میں عقلی علوم (Rational Sciences) یعنی معقولات کو وقت کے ساتھ ساتھ اہمیت ملنی شروع ہوچکی تھی۔ تاہم معقولات کی تعلیم کو اکبر کے دربار میں فضل اللہ شیرازی (وفات 1589) جیسے مایہ ناز عالم نے بڑھوتری دی۔ فضل اللہ نے اپنے ہم وطن جلال الدین دیوانی (1423-1503-/3) کی فلسفیانہ روایات کوزیادہ اہمیت دی جس کی وجہ سے اکبر کے عہد میں عصر حاضر کے فلسفیوں میر باقر داماد، اصفہان (وفات 1631) اور انکے ہونہار شاگرد، شیراز کے ملا صدر (1571-1640) کی تعلیمات کو متعارف کروایا گیا۔ ان روایات کو وسطی ایشیا سے آئے ہوئے ان علماء نے جلا بخشی جو شعبانی حکومت کی بڑھتی ہوئی بنیاد پرستی اور عقلیت پسندی سے دوری کی وجہ سے ہندوستان چلے آئے تھے۔ 17ویں صدی میں سیالکوٹ اور جون پور علم و آگہی کے ممتاز مرکز بنے۔ یہ وہی دور ہے جس میں علما نے اسلام سے باہر پھیلے ہوئے علوم و فلسفہ جیسے ہندو ازم، زرتشت ازم اور مغربی افکار سے بھی استفادہ کرنا شروع کر دیا۔ اس میں سب سے اہم مقام ملا محمد جونپوری کی کتاب الشمس بازیغہ کو حاصل ہے۔ جبکہ یہ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی (وفات 1656) ہی تھے جنھوں نے فلسفہ اور منطق پر بہترین تحریریں رقم کیں۔

البتہ کچھ علماء کو عقلی علوم یعنی معقولات کو زیادہ اہمیت دینے کے حوالے سے تحفظات تھے۔ انہیں خوف تھا کہ اس آزاد سوچ اور آزاد ماحول کی وجہ سے اکبر اور جہانگیر آزاد خیال ہی نہ ہوجائیں۔ اس سوچ کی وجہ سے الہیاتی علوم یعنی منقولات (Revealed Science) خصوصاً علم الحدیث پر ان علماء نے زیادہ زور دینا شروع کر دیا۔ اس کام کو دہلی کے شیخ عبدالحق (1551-1642) نے اس وقت آگے بڑھایا کہ جب وہ اکبر کے دربار کے کھلے پن سے بچتے ہوئے 1587ء میں حجاز چلے گئے۔ یہاں انہوں نے علم الحدیث کے اس علمی سلسلہ میں فیض پایا کہ جس کا 17ویں اور 18ویں صدی میں اسلامی دنیا پر گہرا اثر رہا۔ لامحالہ ان دومختلف مکاتب فکر کا مدارس کے نصاب پر اثر پڑنا فطری امر تھا۔ اٹھارویں صدی کے آغاز میں ملا دیوانی اور ملا صدر کی روایات کے مطابق عقلی علوم پر زیادہ زور دینے

**17ویں صدی میں سیالکوٹ اور جون پور علم وآگہی کے ممتاز مرکز بنے۔ یہ وہی دور ہے جس میں علما نے اسلام سے باہر پھیلے ہوئے علوم وفلسفہ جیسے ہندوازم، زرتشت ازم اور مغربی افکار سے بھی استفادہ کرنا شروع کر دیا۔ اس میں سب سے اہم مقام ملا محمد جونپوری کی کتاب الشمس بازیغہ کو حاصل ہے۔ جبکہ یہ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی (وفات 1656) ہی تھے جنھوں نے فلسفہ اور منطق پر بہترین تحریریں رقم کیں۔**

اٹھارویں صدی کے آغاز میں مدرسہ فرنگی محل اور مدرسہ رحیمیہ میں پڑھایا جانے والا نصاب

| مضمون | مدرسہ رحیمیہ | مدرسہ فرنگی محل |
|---|---|---|
| صرف ونحو (گرائمر) | 2 | 12 |
| بلاغت (Rhetoric) | 2 | 3 |
| حکمت (فلسفہ) | 1 | 3 |
| منطق (Logic) | 2 | 11 |
| کلام | 3 | 3 |
| فقہہ (قانون) | 2 | 2 |
| اصول فقہہ | 2 | 3 |
| احادیث | 3 | 1 |
| تفسیر | 2 | 2 |
| فلکیات اور ریاضیات | مختلف | 5 |
| طب | 1 | 0 |
| تصوف | 5 | 0 |

بحوالہ: المنہاج صفحہ 68-75

فرنگی محل علماء کے مدارس میں مثنوی مولانا روم اور ابن عربی کی تعلیمات پر مبنی تعلیم دی جاتی تھی۔ بریلوی مکتبہ فکر کے بانی مولانا احمد رضا خان بریلوی (وفات 1921ء) کہ جن کو برصغیر کے مسلمانوں میں مقبول ترین حیثیت حاصل ہے، نے ابن عربی کے وحدت والوجود کے نظریہ کو ہمیشہ معتبر سمجھا۔

فرنگی محل اپنا رشتہ ہرات کے عبدالعلی انصاری سے جوڑتے ہیں جو گیارہویں صدی کے مشہور صوفی تھے اور جن کی نسبت حضرت ابوایوب انصاری سے ملتی ہے۔ آپ سلاطین دہلی کے وقت ہندوستان آئے تھے۔ 1692ء میں جب ملا حافظ کے پڑپوتے ملا قطب الدین سہالوی کو قتل کر دیا گیا تو مغل شہنشاہ اورنگزیب نے آپ کی اولاد کو ایک یورپی تاجر کا خالی محل مدرسہ کھولنے کے لیے دیا۔ یہیں سے ان لوگوں کو فرنگی محل کہا جانے لگا۔ اس مکتبہ فکر پر صابری، چشتی اور نقشبندی افکار کا بہت اثر تھا۔

والے مکتبہ فکر کے کام کو لکھنو کے فرنگی محل علماء نے آگے بڑھایا۔ انہوں نے درس نظامی کو جو عقلی روایات سے مزین تھا نئے انداز سے پڑھانے کا سبق دیا۔ اس سبق کے مطابق اساتذہ کو یاد کروانے یا رٹا لگانے کی بجائے طالب علم کو سوچنے پر راغب کرنا اہم گردانا گیا۔ عموماً مدارس میں یاد کرانا اور تیز سے تیز تر پڑھنا ہی سکھایا جاتا تھا۔ تاہم اس نئے انداز تعلیم کے مطابق مسئلہ کو جز سے سمجھنا، دلیل کو معقول انداز میں پیش کرنا اور فلسفہ قانون کے معاملہ میں گنجائش رکھنے (Flexible) شامل تھا۔

منقولات یعنی الٰہیاتی علوم کو نصاب تعلیم میں زیادہ اہمیت دینے کا کام مدرسہ رحیمیہ نے سرانجام دیا جس کی بنیاد شاہ ولی اللہ کے والد شاہ عبدالرحیم (وفات 1718) نے دہلی میں رکھی تھی۔ یہاں درس نظامی کے مقابلے میں حدیث پاک اور قرآن مجید پر زیادہ زور دیا جاتا تھا۔ درس نظامی میں فلسفہ اور منطق (Logic) کی تعلیم پر اس لیے زیادہ زور تھا کیونکہ ان مضامین کی وجہ سے طالبعلم کو وسیع علم مل سکے اور یوں وہ زیادہ پراعتماد ہو۔ جبکہ دوسرے مکتبہ فکر (مدرسہ رحیمیہ) کا خیال تھا کہ طالبعلم کو رسول کریمؐ کی زندگی اور اسلام کی ابتدائی طرز حیات بارے تعلیم دیتے ہوئے ایسے تیار کیا جائے کہ وہ فلسفیانہ اور صوفیانہ تجربات کے خطرات سے نبرد آزما ہو سکے۔

ایک وقت تھا جب مدارس میں درس نظامی کے ساتھ ساتھ مثنوی مولانا روم اور ابن عربی کی تعلیمات کی وجہ سے عقلی علوم (Rationalist Traditions) کو بڑھوتری ملی تاہم نوآبادیاتی دور میں احیا اور اصلاح کے نام پر اٹھنے والی اسلامی تحریکوں نے عقلی علوم کے مقابلہ میں الٰہیاتی علوم کے حق میں فیصلہ کر ڈالا۔

فرنگی محل علماء کے مدارس میں مثنوی مولانا روم اور ابن عربی کی تعلیمات پر مبنی تعلیم دی جاتی تھی۔ بریلوی مکتبہ فکر کے بانی مولانا احمد رضا خان بریلوی (وفات 1921ء) کہ جن کو برصغیر کے مسلمانوں میں مقبول ترین حیثیت حاصل ہے، نے ابن عربی کے وحدت والوجود کے نظریہ کو ہمیشہ معتبر سمجھا۔

فرنگی محل کے مدارس میں آنے والا کوئی بھی ایسا نہیں ہوتا جو تصوف کے اسرار و رموز سے نا آشنا رہتا۔ بزرگان دین اور صوفیاء کے عرسوں پر چھٹیاں دی جاتیں۔ عید میلادالنبی منانے کا خصوصی اہتمام کیا جاتا۔ اس کے علاوہ آخری چہار شنبہ اور شب برات جیسے اہم دنوں پر بھی چھٹی دی جاتی۔




بقول مولانا عبدالباری، فرنگی علماء میں نہ صرف یہ فہم تھا کہ وہ اسلام کے انسانیت دوست پیغام کو پھیلاتے ہوئے غیر مسلموں پر اسلام کی حقانیت ثابت کر سکتے تھے بلکہ ان علماء میں انگریز دور میں تبدیل ہوتے ہوئے سماجی، سائنسی اور تہذیبی حالات سے سبق حاصل کرنے کا بھی آہنگ تھا۔

علماء فرنگی محل کے نہ صرف اصلاح و احیا کے حامی علماء سے اختلافات تھے بلکہ وہ اہل تشیع علماء کے افکار کے حوالے سے بھی تحفظات رکھتے تھے۔

ان کے متعلق جاننے کے لیے ہمیں مفتی رضا انصاری کی کتاب بانیانِ درس نظامی سے آغاز کرنا چاہیے۔

فرنگی محل علماء فارسی۔ اسلامی تہذیب کے ہندوستان میں آخری وارث تھے۔ گیارویں صدی سے ہندوستان میں اشرافیہ جس تہذیبی دھارے سے منسلک ہوئی وہ وہی تھا کہ جس کو وسطی و مغربی ایشیاء کے ترکوں اور ایرانیوں نے بڑھاوا دیا۔ لاہور اور دہلی سے لے کر جون پور اور بیجاپور تک ایک ہی زبان میں مکالمہ ہونے لگا۔ یہاں ادب، شاعری اور تحقیق کے حوالے سے جو کام ہوا اس سے ہرات، ثمرقند، شیراز اور استنبول میں بیٹھے دانشور بھی مستفید ہوئے۔ 13ویں اور 17ویں صدی کے دوران صفوی و مغل بادشاہتیں اور سلطنت عثمانیہ کے عہد میں یہ تہذیبی روایت پنپتی رہی تاہم 18ویں صدی کے بعد اس کو زوال آنے لگا۔

# 2 صدیوں تعلیم کی داستان
## کمپنی اور برٹش راج کے عہد میں
## 1947-1757

**1866ء میں مولانا مملوک علی نانوتوی (نانوتہ، سہارنپور کے قریب ایک جگہ ہے) کے دو شاگردوں مولانا قاسم نانوتوی 1832-1880 اور رشید احمد گنگوہی (1905-1826) نے دارالعلوم دیوبند کی بنیاد رکھی جبکہ انہی کے ایک اور شاگرد خاص سید احمد خان المعروف سر سید احمد خان نے کچھ دیر بعد 1870ء (بنارس) میں سوسائٹی برائے تعلیمی ترقی مسلمانان ہند بنا کر ایک دوسرا راستہ اختیار کیا۔**

مغلوں کے آخری عہد میں انگریزوں کی آمد سے پہلے، یہاں فرانسیسی اور ڈچ پہنچ چکے تھے۔ البتہ پرتگالی تو مغلوں کے آنے سے بھی چند سال قبل ہندوستان کی بندرگاہوں پر آ چکے تھے۔ جنوبی ایشیاء میں فرانسیسیوں نے پانڈی چاری اور پرتگالیوں نے گوا میں اولین تعلیمی ادارے بنائے۔ نئے طرز کے یہ ادارے بنانے والے عیسائی مبلغین تھے۔ عیسائی مبلغین نے پہلے ان علاقوں کی مادری زبانوں کو سیکھا پھر ان مادری زبانوں میں ہی درس و تدریس کا سلسلہ شروع کیا۔ تامل زبان میں ایسے بہت سے حوالے دستیاب ہیں۔ 1698ء کا ایسٹ انڈیا کمپنی ایکٹ وہ پہلی دستاویز ہے جس میں تعلیم بارے بات کی گئی ہے تاہم یہ تعلیم صرف ہندوستان میں رہنے والے یورپی باشندوں تک ہی محدود تھی۔

1760ء تک مشہور عیسائی مبلغ سکوائز بھی ہندوستان پہنچ چکا تھا۔ اسی دور میں دلبرفورس نے عیسائی مشن کا قیام عمل میں لاتے ہوئے یہ کوششیں کیں کہ چارٹر ایکٹ میں ایسی شقیں رکھی جائیں جن کی وجہ سے عیسائی مبلغین کو برٹش انڈیا میں کام کرنے میں آسانیاں پیدا ہوں۔ تاہم کمپنی کو یہ تجاویز غیر ضروری لگیں۔ 1793ء میں مشہور عیسائی مبلغ کیرے بطور ماہر نباتات ہندوستان آیا۔ اس کا خیال تھا ہندوستان میں بولی جانے والی مختلف مادری زبانوں کے ذریعے عیسائیت کی تبلیغ کے لیے آسانیاں پیدا کی جا سکتی ہیں۔ یہی وجہ تھی اس نے ہندوستان کی مختلف زبانوں میں بائبل کے ترجمہ کی داغ بیل ڈالی۔ بعد ازاں پنجابی زبان میں بائبل کی اشاعت کو بھی اسی سلسلے کی کڑی قرار دیا جا سکتا ہے۔ کیرے نے ہندوؤں کی




لارڈ میکالے جنہوں نے فارسی کی بجائے انگریزی کو لاگو کرنے کے علاوہ تعلیم کے ذریعے عیسائیت پھیلانے والوں کی خوب خبر لی مگر ہمارے ہاں میکالے کے اس اقدام کو نظر انداز کر دیا گیا۔

کچھ رسومات کے خلاف ایک پمفلٹ بھی لکھا جس پر لارڈ منٹو نے بوجوہ پابندی لگا دی۔

کلکتہ (بنگال) میں لارڈ وارن ہیسٹنگ (Warren Hastings) کے قائم کردہ مدرسہ (1781) کا ذکر بھی ضروری ہے۔ اس مدرسہ میں ذریعہ تعلیم کی زبان عربی تھی جبکہ 1791ء میں بنارس کے برطانوی ریذیڈنس جوناتھن ڈنکن (Junathan Duncan) نے بنارس میں سنسکرت سکول کھولا۔ ان اداروں کا ایک مقصد عربی فارسی اور سنسکرت سے مختلف علوم کو انگریزی میں ترجمہ کرنا بھی تھا۔ 1800ء میں لارڈ ویلسلے (Wellesley) نے کلکتہ میں فورٹ ولیم کالج بنایا۔ اس کالج کو بنانے کا مقصد کمپنی کے ملازمین کو ہندوستان میں بولی جانے والی زبانوں اور کلچر سے متعارف کروانا تھا۔ فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل جان گلگرسٹ (Gilchrist) وہی شخص تھے جنہوں نے اردو کی پہلی ڈکشنری اور گرائمر ترتیب دی۔ تاہم کمپنی کو اس ادارے کے مقاصد سے اتفاق نہ تھا۔ یہی وجہ تھی 1806ء میں اس ادارے کو محض بنگالی زبان کی ترویج تک محدود کر دیا گیا۔

**1793ء میں مشہور عیسائی مبلغ کیرے بطور ماہر نباتات ہندوستان آیا۔ اس کا خیال تھا ہندوستان میں بولی جانے والی مختلف مادری زبانوں کے ذریعے عیسائیت کی تبلیغ کے لیے آسانیاں پیدا کی جا سکتی ہیں۔**

1820ء میں چارچ مشنری سوسائٹی نے بشپ کالج کلکتہ کے قیام کے لیے میں ہزار پاؤنڈ اکٹھے کیے۔ عیسائی مبلغین نے مختلف طریقوں سے اپنا کام جاری رکھا تاہم ان کے خطوط و سفرناموں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں اس مشن کی کامیابی کا زیادہ یقین اس لیے بھی نہیں تھا کیونکہ وہ سمجھتے تھے عیسائیت قبول کرنے کے باوجود یہاں کے باشندے مقامی رسم و رواج کو بھی جاری رکھتے ہیں۔

اس وقت ہندوستان میں آنے والے انگریزوں میں تین قسم کے رجحانات تھے۔ ایک وہ جو تعلیم کے ذریعے برٹش انڈیا میں رہنے والوں کو عیسائی بنانا چاہتے تھے، انہیں Evangelicals کہتے تھے۔ دوسرے آزاد خیال یا لبرل تھے جبکہ تیسری قسم ان لوگوں کی تھی جو محض ہر شے کو اپنے







سید امیر علی کہ جنہیں بیک وقت اسلامی و انگریزی قانون پر سند حاصل تھی مگر بوجوہ ان کے کام کو نظر انداز کر دیا گیا۔

مفادات کی تکمیل کے لیے استعمال کرنے پر یقین رکھتے تھے۔ انہیں Utilitarians کہتے تھے۔ یوں لگتا ہے یہ جنگ آج تک ہمارے تعلیمی نظام میں جاری وساری ہے مگر انداز اور طریقہ قدرے مختلف ہے۔

جو لوگ تعلیم کے ذریعے مذہبی خیالات کی ترویج کے حامی تھے انہوں نے برٹش انڈیا میں بولی جانے والی تمام مادری زبانوں کو اس کا ذریعہ بنایا۔ لبرل یا آزاد خیال گروہ نے مغربی تہذیب اور انگریزی زبان کو ذریعہ بنایا جبکہ تیسرے گروہ کو تو اس سے کوئی مطلب ہی نہیں تھا کہ برٹش انڈیا میں بسنے والوں کے متعلق کسی مستقل پالیسی کی ضرورت ہے۔

یاد رہے 18ویں صدی کے اختتام تک کمپنی کے بجٹ میں تعلیم کے حوالے سے رقم مختص نہیں ہوتی تھی۔ برطانوی پارلیمنٹ سے پاس کردہ 1813ء کا چارٹر ایکٹ تعلیم بارے فنڈ ز رکھنے کے حوالے سے بات کرتا ہے۔ تاہم 1823ء تک اس پر عملدرآمد ہوسکا۔ بعد ازاں اسی ضمن میں جنرل کمیٹی فار پبلک انسٹرکشن قائم کی گئی۔ مشہور زمانہ لارڈ میکالے اسی کمیٹی کا صدر تھا۔ بحیثیت صدر لارڈ میکالے نے 2 فروری 1835ء کو ذریعہ تعلیم و نصاب کے حوالے سے انگریزی زبان اور مغرب کی تہذیبی برتری کے حق میں فیصلہ سنا ڈالا تاہم تعلیم کے ذریعے عیسائیت پھیلانے کا وہ زبردست مخالف تھا۔ اپنی اسی مشہور تقریر میں میکالے نے ان لوگوں کی خوب خبر لی جو تعلیم کے ذریعے ہندوستانیوں کو عیسائی بنانا چاہتے تھے۔ میکالے کا استدلال تھا کہ تعلیم کو مذہبی مقاصد کے لیے استعمال کرنے سے معاشرتی سطح پر مہلک اثرات پڑیں گے۔ میکالے کے نزدیک تعلیمی نظام کو مذہبی جھگڑوں سے الگ رکھنا انتہائی ضروری تھا۔ 1837ء میں فارسی کی سرکاری حیثیت ختم کر دی گئی اور اس کی جگہ انگریزی زبان نے لے لی۔ ایک پرائی زبان کو ہٹا کر دوسری پرائی زبان کو لاگو کر دیا گیا۔ تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ گذشتہ 500 سالوں میں فارسی زبان میں ہمارے ہاں جو علمی فکری ورثہ پروان چڑھا تھا اس سے یکسر روگردانی نے مستقبل میں تنگ نظری اور انتہا پسندی کو ایک نئی زبان عطا کی۔ 1849ء میں ہندوستان پر قبضہ مکمل کرنے کے بعد اس پالیسی کے تحت آئندہ بیس برس کے دوران بڑی تعداد میں سکول، کالج اور یونیورسٹیاں بنائی گئیں۔

1853ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کو چلانے والے چارٹر ایکٹ میں ترامیم و اضافے کیے گئے جس میں سب سے اہم فیصلہ یہ تھا کہ ہندوستان میں تعلیم کے فروغ کو عیسائیت سمیت کسی بھی مذہب کی تبلیغ کا ذریعہ نہیں بنایا جائے گا۔ اس فیصلہ کی روشنی میں مدراس، بمبئی اور کلکتہ میں یونیورسٹیاں بنائی گئیں۔ دسمبر 1969ء کو بننے والا، لاہور یونیورسٹی کالج (جسے بعد ازاں پنجاب یونیورسٹی کالج کہا گیا اور 1882 میں پنجاب یونیورسٹی کہلایا) کو بھی 1854 کے فیصلہ کے تحت کھولا گیا تھا۔

بعد ازاں گورنمنٹ کالج، کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج اور ایچی سن کالج جیسے ادارے بھی اسی کا تسلسل تھے۔ 1882ء میں سرکار کی طرف سے نامزد، ہندوستانی تعلیمی کمیشن کی رپورٹ میں 1870-71ء تک ان نئے تعلیمی اداروں سے وابستہ ہونے والے ہندوستانیوں میں مسلمانوں کا تناسب صرف 14.5 فیصد تھا۔

جب ہم ان زیر تعلیم 14.5 فیصد ہندوستانی مسلمانوں کو صوبائی سطح پر تقسیم کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے تقریباً نصف 50 فیصد کا تعلق پنجاب اور بنگال سے تھا جبکہ پنجابی مسلمان 34.9 فیصد کے ساتھ سرفہرست تھے۔ ٹیبل نمبر 1 میں آپ یہ تناسب دیکھ سکتے ہیں۔

ٹیبل نمبر 1: 1870-71ء تک نئے تعلیمی اداروں سے وابستہ ہندوستانی مسلمانوں کا صوبائی تناسب

| صوبے | تناسب |
|---|---|
| پنجاب | 34.9 فیصد |
| بنگال | 14.4 فیصد |
| شمالی مغربی صوبہ جات | 16.7 فیصد |
| مدراس | 3 فیصد |
| بمبئی | 6 فیصد |
| اودھ | 24.8 فیصد |

دوسری طرف اعلیٰ تعلیمی اداروں میں بمقابلہ ہندو یہ تناسب اس سے بھی کم تھا۔ ٹیبل نمبر 2 میں یہ تعداد دیکھی جا سکتی ہے۔ ٹیبل نمبر 2 کے اعداد و شمار 1887ء میں شائع ہونے والی جنرل رپورٹ برائے پبلک انسٹرکشن بنگال سے لیے گئے ہیں۔ ان اعداد و شمار کے مطابق 1886-87ء میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے ہندوستانی مسلمانوں کی تعداد 524 اور ہندوؤں کی 7641 تھی۔ یوں مسلمانوں کا اس دور میں ہندوؤں کے مقابلے میں دسواں حصہ اعلیٰ تعلیم حاصل کر رہا تھا جبکہ ان 542 میں سے پچاس فیصد سے بھی زیادہ یعنی 269 ہندوستانی مسلمانوں کا تعلق پنجاب اور بنگال ہی سے تھا۔

**جب ہم ان زیر تعلیم 14.5 فیصد ہندوستانی مسلمانوں کو صوبائی سطح پر تقسیم کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے تقریباً نصف 50 فیصد کا تعلق پنجاب اور بنگال سے تھا جبکہ پنجابی مسلمان 34.9 فیصد کے ساتھ سرفہرست تھے۔**

ہندوستانی تعلیمی کمیشن رپورٹ 1882

**سید احمد خان کا معاملہ دیوبند سے ذرا الٹ تھا۔ وہ نہ صرف مغربی تعلیم کو وقت کا اہم تقاضہ سمجھتے تھے بلکہ سائنسی تعلیم کے ساتھ ساتھ مذہب کی جدید تقاضوں کے مطابق تعبیر کا کام بھی کرتے رہے۔ البتہ تصوف اور صوفیاء کے حوالے سے سرسید اور علماء دیوبند ہم خیال تھے۔**

ٹیبل نمبر 2: 87-1886ء میں ہندو اور مسلم سکالرز کی تعداد جو آرٹس اور دیگر شعبہ جات میں زیر تعلیم تھے۔

| صوبہ | ہندو | مسلم |
| --- | --- | --- |
| بنگال | 2273 | 138 |
| پنجاب | 327 | 131 |
| شمال مغربی صوبہ جات اور اودھ | 1054 | 159 |
| مدراس | 2929 | 54 |
| بمبئی | 1058 | 60 |

یہ وہ دور ہے جب ہندوستانی مسلمانوں میں دوبارہ سے مذہبی تعلیم کا رجحان بھی ایک نئے انداز میں آگے بڑھا۔ 1865ء میں پنجاب میں انجمن پنجاب کی بنیاد رکھی گئی جس نے پنجاب یونیورسٹی کے قیام میں کلیدی کردار ادا کیا۔ 1866ء میں مولانا مملوک علی نانوتوی (نانوتہ، سہارنپور کے قریب ایک جگہ ہے) کے دو شاگردوں مولانا قاسم نانوتوی 1880-1832 اور رشید احمد گنگوہی (1905-1826) نے دارالعلوم دیوبند کی بنیاد رکھی جبکہ ان کے ایک اور شاگرد خاص سید احمد خان المعروف سرسید احمد خان نے کچھ دیر بعد 1870ء (بنارس) میں سوسائٹی برائے تعلیمی ترقی مسلمانان ہند بنا کر ایک دوسرا راستہ اختیار کیا۔

دارالعلوم دیوبند، شاہ ولی اللہ کے والد کے بنائے ہوئے مدرسہ رحیمیہ کی تقلید میں بنایا گیا تھا۔ انگریزی زبان سے بیگانہ ہونے کے باوجود یہاں جدید دور کے تعلیمی انداز کو اپنایا گیا۔ طلباء کو مختلف جماعتوں میں تقسیم کیا جاتا تھا، حاضری کا رجسٹر رکھا ہوتا تھا بلکہ بعض مواقع پر تحریری امتحانات بھی لیے جاتے تھے۔

دارالعلوم دیوبند نے اپنے قیام کے ابتدائی عشروں میں جو فیصلے کیے ان میں فرقہ واریت سے اجتناب، سرکار (انگریزوں) سے مالی اعانت کی ممانعت اور سیاست سے لاتعلقی شامل تھی تاہم بعدازاں ان فیصلوں پر عملدرآمد نہ ہو سکا۔ دارالعلوم پر فرقہ پرستی کا الزام بھی لگا اور انگریزوں کے حضور میں سپاس نامے بھی اسی دارالعلوم میں پڑھے گئے جبکہ اسیر مالٹا مولانا محمود الحسن کی سربراہی میں دارالعلوم سے وابستہ ایک موثر حلقہ سیاست کا زبردست حامی بن گیا۔ اس سب کے باوجود دارالعلوم دیوبند نے لاتعداد حضرات کو متاثر کیا۔ دیوبند کے بعد سہارنپور اور مرادآباد میں بھی اسی طرز کے ادارے بنے۔ دیوبند سے نکلنے یا نکالے جانے والوں میں احمد رضا بریلوی سے لے کر عبیداللہ سندھی تک مختلف نوع کے حضرات شامل تھے۔ احمد رضا بریلوی نے تو بعدازاں بریلوی مکتبہ فکر کی بنیاد رکھی۔ یہ وہی مکتبہ فکر ہے جس نے جنوبی ایشیاء میں بسنے والے مسلمانوں کو بلا امتیاز رنگ ونسل

**''ہم پچاس ملین مسلمان ہیں اور اس وسیع برصغیر میں جگہ جگہ پھیلے ہوئے ہیں۔ اگر ہم تمام وسائل صرف ایک ہی جگہ پر خرچ کر دیں گے تو یہ ممکن نہ ہوگا کہ ہم دور دراز کے علاقوں میں بسنے والے مسلمانوں کو کوئی فائدہ دے سکیں''۔**

وقومیت، حد درجہ متاثر کیا۔ گو کہ جناب احمد رضا بریلوی، دیوبند کے مقابلہ میں کوئی بڑا مدرسہ تو نہ بنا سکے تاہم جنوبی ایشیاء میں عددی اعتبار سے کوئی بھی مکتبہ فکر ان کے مقابل تو بہت دور کی بات ہے، ان کے پاس سے بھی نہیں گزرتا تھا۔ نہ ہی آج ایسا ممکن ہو سکا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق جنوبی ایشیاء میں 75 فیصد سے زیادہ مسلمان اس مکتبہ فکر سے تعلق رکھتے ہیں جسے عرف عام میں بریلوی مکتبہ فکر کہتے ہیں۔

سید احمد خان کا معاملہ دیوبند سے ذرا الٹ تھا۔ وہ نہ صرف مغربی تعلیم کو وقت کا اہم تقاضہ سمجھتے تھے بلکہ سائنسی تعلیم کے ساتھ ساتھ مذہب کی جدید تقاضوں کے مطابق تعبیر کا کام بھی کرتے رہے۔ البتہ تصوف اور صوفیاء کے حوالے سے سرسید اور علماء دیوبند ہم خیال تھے۔ 1869ء میں اپنے ارادوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے سید احمد خان نے اپنے صاحبزادے سید محمود کے ہمراہ 17 ماہ کے لیے انگلستان کا دورہ کیا۔ واپس آکر 1872ء میں پرائمری سکول جبکہ 1875ء میں ماڈل سکول قائم کیا۔ 1876ء میں سرکاری ملازمت سے ریٹائرمنٹ کے بعد آپ نے گورنر سرجان سٹریچے (John Strachey) کے تعاون سے علی گڑھ کے مقام پر زمین کا ٹکڑا حاصل کیا۔ بلاآخر علی گڑھ کالج کا سنگ بنیاد، ہندوستان کے وائسرائے لارڈ لٹن نے 8 جنوری 1877ء کو یہیں پر رکھا۔

سید احمد خان، مسلمانوں کی جدید تعلیم سے لاتعلقی کی درج ذیل وجوہات سمجھتے تھے۔ 1- سیاسی پسماندگی 2- سماجی رسومات 3- مذہبی عقائد 4- غربت 5- وسائل کی کمی 6- ماضی کے بارے میں تفاخر۔ 7- علم الکلام پر مبنی مذہبی اداروں کی 28-1827ء میں بندش۔

سرسید کے نزدیک مسلمانوں اور انگریزوں میں تعلقات کو بہتر بنانا اہم ترین مسئلہ تھا۔ 1871ء میں ہندوستانی مسلمانوں کی ریاستی امور اور انگریزی سے لاتعلقی بارے ہنٹر رپورٹ شائع ہوئی۔ سید احمد خان سر ایلفر ڈ لائل کی اس رائے کے حامی تھے کہ سر ولیم ہنٹر نے زیریں بنگال کے مخصوص حالات کا تجزیہ کرتے ہوئے حاصل شدہ نتائج کو ہندوستان بھر میں پھیلے ہوئے مسلمانوں پر من وعن لاگو کرنے کی ہمالائی غلطی کی ہے۔ ایسے خیالات کی وجہ




1866ء میں قائم ہونے والا دارالعلوم دیوبند کہ جس نے انگریز اور انگریزی دونوں سے انکار کرتے ہوئے اپنے سفر کا آغاز کیا

سے انہوں نے بہت سے انگریز افسروں بشمول مسٹر کیمپسن ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن NWP، کو اپنا ہمنوا بنا لیا تھا۔ گورنمنٹ آف انڈیا کے ہوم ڈیپارٹمنٹ کے دستاویز نمبر 205(1886) کے مطابق مسلمانوں بارے انگریز سرکار کی پالیسی میں تبدیلی کا سال 1873 تھا۔ تاہم دس سال سے بھی کم عرصہ میں انگریز سرکار کو ہندوستان کے تعلیمی معاملات بارے ایک اور کمیشن بنانا پڑ گیا۔ یوں فروری 1882، کو ڈبلیو۔ ڈبلیو ہنٹر کی زیرصدارت اس کمیشن نے جو رپورٹ دی اس میں مسلمانوں کے لیے عمومی سطح پر ہندوستانی (اردو) کو ذریعہ تعلیم بنانے پر زور دیا گیا جبکہ مخصوص حالات میں مادری زبانوں کو لاگو کرنے کی اہمیت بھی بتلائی گئی۔ علاوہ ازیں اس رپورٹ میں مسلمانوں کو نوکریوں میں اولیت دینے کی حمایت بھی شامل تھی۔

ایس الطاف علی بریلوی، اپنی مشہور کتاب ''تعلیم کے میدان میں مسلمانوں کی جدوجہد'' مطبوعہ علیگڑھ میں لکھتے ہیں۔

''یہ رپورٹ بعد ازاں، 1885، میں ہندوستانی مسلمانوں بارے سرکاری پالیسی کا حصہ بن گئی۔ اسے ہندوستانی مسلمانوں کا میگنا کارٹا کہنا درست ہوگا''۔

یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ 1849ء میں پنجاب دربار پر براجمان ہونے اور ہندوستان پر قبضہ مکمل کرنے کے بعد انگریز سرکار نے ریلوے، ڈاک اور ٹیلی گراف کا جو نظام 1865ء تک بنا ڈالا تھا اس نے مجموعی طور پر ہندوستانیوں کی سماجی زندگی پر گہرے اثرات ڈالنے شروع کر دیئے تھے۔ اب نہ لاہور والوں کے لیے دلی دور تھا نہ کلکتہ والوں کے لیے پشاور۔ سرایچ وریٹی لوویٹ ''تعلیمی پالیسی میں ترقی'' کے مطابق 1867ء میں ٹرین کے ذریعے سفر کرنے والے ہندوستانیوں کی تعداد ایک کروڑ 37 لاکھ 46 ہزار تھی جن میں سے 95 فیصد تعداد تیسرے درجہ پر سفر کرنے والوں کی تھی۔ برصغیر پاک و ہند میں ایسے دانشوروں و زعماء کی تعداد انتہائی قلیل تھی جن کی اس بدلتی ہوئی دنیا پر نظر ہو اور سید احمد خان کا شمار ان دانشوروں میں ہوتا ہے۔

تاہم یہ کہنا قرین قیاس نہیں کہ اس بدلتی ہوئی دنیا کا ادراک صرف سر سید احمد خان ہی کا انجمن حمایت اسلام لاہور 1884، انجمن اسلامیہ لاہور 1882، اور دلی لٹریری سوسائٹی

**''مرکزی سٹینڈنگ کمیٹی میں ہندوستان بھر سے مسلمانوں کی نمائندگی تو کر دی گئی تاہم علیگڑھ میں ہیڈ کوارٹر ہونے کی وجہ سے یو پی کے مسلمانوں کی آراء فیصلوں پر زیادہ اثر انداز ہوتی تھی''۔**

(1869ء) جیسے ادارے چلانے والوں کی ان تبدیلیوں پر گہری نظر تھی۔ ان انجمنوں میں سرگرم مسلم زعما میں سید امیر علی، نواب عبداللطیف خان (سول سرونٹ)، غلام محمد منشی، برکت علی خان، قاضی حمید الدین، منشی عبدالرحیم سمیت بہت سے لوگ شامل تھے۔ یہ وہی دور ہے جب دیانند سرسوتی (1875ء) نے آریہ سماج تحریک کی بنیاد ڈالی جو ہندو نشاۃ ثانیہ کے اردگرد گھومتی تھی۔

گو کہ ہندوستان بھر میں بنگال سے پنجاب تک، مسلم تعلیمی اداروں میں اچھا خاصا اضافہ ہو رہا تھا تاہم سید احمد خان، اس سب عمل کی حمایت کرنے کے باوجود، علیگڑھ کی مرکزی حیثیت کے حوالے سے کچھ تحفظات بھی رکھتے تھے۔ 1893ء میں سید احمد خان ''مسلمانوں کی قسمت کا فیصلہ'' (صفحہ 1 تا 31) میں لکھتے ہیں۔

''ایک اعلیٰ ترین ادارہ بنائے بغیر مسلم قوم آگے نہیں بڑھ سکتی اور اگر اس نے اس بات کو نہ سمجھا تو یہ ترقی ممکن نہیں ہوگی''۔

تاہم مسلم اشرافیہ میں بہت سے حضرات سید احمد خان کے ان خیالات سے متفق نہیں تھے۔

''یوسف حسین، منتخب دستاویزات'' (صفحہ 288) کے مطابق بمبئی کے مسلمان تاجر اور مسلمانوں کی اعلیٰ تعلیم میں شمولیت

**''مختلف صوبوں اور علاقوں میں مسلمانوں میں تعلیم کے حوالے سے کام کرنے والوں کو ہر سال ایک جگہ اکٹھا ہونا چاہیے، تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے مسلمان ایک دوسرے کے مخصوص مسائل اور ان سے نمٹنے کے طریقہ کار سے آگہی حاصل کر سکیں''۔**

**محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس**

کے سرگرم کارکن قاضی شہاب الدین، سید احمد خان سے اختلاف کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''ہم پچاس ملین مسلمان ہیں اور اس وسیع برصغیر میں جگہ جگہ پھیلے ہوئے ہیں۔ اگر ہم تمام وسائل صرف ایک ہی جگہ پر خرچ کر دیں گے تو یہ ممکن نہ ہوگا کہ ہم دور دراز کے علاقوں میں بسنے والے مسلمانوں کو کوئی فائدہ دے سکیں''۔

آگے چل کر گجرات بارے، قاضی صاحب کا استدلال تھا، ''نہ تو وہ دہلی یا علیگڑھ آ سکتے ہیں نہ ہی وہ گجراتی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں علم حاصل کر سکتے ہیں''۔

دوسری طرف سید امیر علی کو سید احمد خان سے سیاست میں شمولیت کے سوال پر شدید اختلافات تھے۔ سید امیر علی سمجھتے

1886ء، پارلیمنٹری پیپرز XLVIII57 کے مطابق 1886-87ء میں ہندوستان بھر میں ایگزیکٹو اور عدالتی عہدوں پر مسلمانوں اور ہندوؤں کی تعداد یوں تھی۔

| صوبہ | مسلم آبادی | مسلمانوں کا نوکریوں میں حصہ | ہندوؤں کا نوکریوں میں حصہ |
|---|---|---|---|
| بنگال | 31.3% | 8.5% | 83.7% |
| پنجاب | 51.3% | 39.3% | 51.3% |
| NWP اور اودھ | 14.4% | 45.1% | 50.2% |

تھے مسلمانوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ سیاست میں بھی حصہ لینا چاہیے۔ 1849ء میں چنسورہ (بنگال) میں پیدا ہونے والے سید امیر علی کو 19ویں صدی کے دوسرے نصف کے ہندوستانی مسلمانوں میں قابل ترین شخص قرار دیا جا سکتا ہے۔ انہیں اسلامی و انگریزی قانون پر سند سمجھا جاتا تھا ان کا شمار سر سید کے برعکس ان چند مسلم رہنماؤں میں ہوتا ہے جو 19ویں صدی میں حقوق نسواں کے طرفدار تھے۔

1877ء میں سید امیر علی نے سنٹرل نیشنل محمڈن ایسوسی ایشن (CNMA) کی بنیاد رکھی۔ اپنی آپ بیتی میں اس تنظیم کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں ''1877ء میں جب میں نے CNMA قائم کی تو ہم نے سید احمد خان کی اعانت طلب کی لیکن انہوں نے ہماری درخواست منظور نہ کی''۔ اس مخالفت کے باوجود، سید امیر علی کی کاوشوں سے جلد ہی اس

تنظیم کی شاخیں مدراس سے پنجاب تک پھیل گئیں۔
مسلم اشرافیہ میں تعلیمی رجحانات میں اضافے اور ہندوستان کے مختلف صوبوں میں بننے والے اداروں کے بعد اب ملکی سطح پر کسی ایک مشترکہ پلیٹ فارم کی ضرورت کو محسوس کیا جانے لگا۔ اس ضرورت کو سب سے پہلے سید امیر علی نے عملی شکل دی اور 1884ء میں آل انڈیا ایجوکیشنل آرگنائزیشن برائے مسلمانانِ ہند بنانے کی ناکام کوشش سے اس کا آغاز کیا۔ سید احمد خان بھی اس قسم کی تنظیم بنانے کے حامی تھے۔ تاہم اس مرحلہ پر بھی انہوں نے سید امیر علی کا ساتھ نہیں دیا۔ دو سال بعد، سید احمد خان نے مئی 1886ء کے علیگڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ میں اسی طرز کی اپنی الگ تنظیم بنانے کا اعلان کر دیا۔ یوں 27 دسمبر 1886ء کو محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا پہلا اجلاس علیگڑھ میں منعقد کیا گیا۔
اس کانفرنس میں مسلم اشرافیہ کے تحت ہندوستان بھر میں چلائی جانے والی انجمنوں کے اختلافات سے صرف نظر کرتے ہوئے اعلان کیا گیا
''مختلف صوبوں اور علاقوں میں مسلمانوں میں تعلیم کے حوالے سے کام کرنے والوں کو ہر سال ایک جگہ اکٹھا ہونا چاہیے، تاکہ مختلف علاقوں میں رہنے والے مسلمان ایک دوسرے کے مخصوص مسائل اور ان سے نمٹنے کے طریقہ کار سے آگہی حاصل کر سکیں''۔
سید احمد خان کا یہ بیان اس اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ 1886ء میں ہندوستان کے مختلف صوبوں میں مسلمانوں کی تعلیم کے حوالے سے بہت سے ادارے سرگرم عمل تھے۔
سید احمد خان اس کانفرنس کے پہلے سیکریٹری تھے اور بقول پروفیسر ہارون خان شیروانی جب تک وہ سیکریٹری رہے (1886-1898ء) کانفرنس علیگڑھ سے متعلقہ مسائل تک محدود رہی۔
1886ء سے 1945ء تک کانفرنس نے، جسے بعد از اں آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس کا نام دے دیا گیا تھا 54 سالانہ اجلاس کئے۔ سر سید احمد خان کی وفات (1898) تک ہونے والے بارہ اجلاسوں میں سے پانچ علیگڑھ، دو لاہور، جبکہ ایک ایک اجلاس لکھنو، الہ آباد، دلی، شاہجہانپور اور میرٹھ میں ہوا۔ 1898ء تا 1945ء میں ہونے والے 42 سالانہ



لارڈ کرزن کہ جنہیں یونیورسٹی [illegible]

اجلاسوں میں سے پانچ علیگڑھ جبکہ باقی ہندوستان کے دوسرے صوبوں یا ریاستوں میں ہوئے۔ پہلے اجلاس (1886ء) میں جو بارہ نکاتی پروگرام منظور ہوا اس کے چار اہم نقاط یہ تھے۔

1- مسلمانوں میں جدید مغربی تعلیم کا فروغ
2- مسلمانوں کے بنائے ہوئے انگریزی سکولوں میں مذہبی تعلیم کے بارے جانکاری
3- مسلم اساتذہ کو مشرقی و مذہبی علوم بارے مدد فراہم کرنا
4- روایتی انداز سے دی جانے والی تعلیم بارے جانکاری۔

1890ء میں کانفرنس کے معاملات کو چلانے کے لیے مرکزی سٹینڈنگ کمیٹی (CSC) بنا دی گئی۔
1903ء میں CSC میں ہندوستان بھر کے مسلمانوں کی نمائندگی کا اصولی فیصلہ کیا گیا جس کے مطابق کل 93 ممبران میں سے پنجاب، بنگال، یوپی، بمبئی، مدراس، برما اور حیدر آباد (دکن) سے 10، 10 رکن، بہار سے پانچ، آسام، سندھ، کشمیر اور پشاور سے 3، 3 میسور اور تراون کور سے 2، 2 اور بلوچستان اور عدن سے ایک ایک رکن طے ہوا۔ اس تقسیم کو دیکھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ مختلف علاقوں سے ممبران کی تعداد کا

تعین مسلمانوں کی عددی حیثیت کی بناء پر نہیں کیا گیا تھا۔ دوسری طرف مدراس نے یہ نمائندگی فنڈز کی تقسیم بارے اختلافات کی وجہ سے ماننے سے انکار کر دیا۔
عبدالرشید خان اپنی کتاب ''آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس'' (1886-1947) مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس'' میں صفحہ 35 پر رقمطراز ہیں۔
''مرکزی سٹینڈنگ کمیٹی میں ہندوستان بھر سے مسلمانوں کی نمائندگی تو کر دی گئی تاہم علیگڑھ میں ہیڈ کوارٹر ہونے کی وجہ سے یوپی کے مسلمانوں کی آراء فیصلوں پر زیادہ اثر انداز ہوتی تھی''۔
سالانہ اجلاسوں کے دوران مختلف تعلیمی مسائل پر کام کرنے کے لیے کانفرنس نے مختلف کمیٹیاں بنائیں۔ ان میں سکول میں رائے شماری کا سیکشن، خواتین کا سیکشن، سکول سیکشن، اردو سیکشن، سوشل سیکشن، پبلیکیشنز سیکشن شامل تھے۔ البتہ 1937ء کے بعد جو نئے سیکشن بنائے گئے ان میں اسلامی تعلیمات، اسلامی تاریخ و ثقافت، خواندگی و تعلیم بالغاں، پرائمری تعلیم، اردو سکول، اسلامی مدارس، ثانوی اور اعلیٰ تعلیم، صنعتی تعلیم اور معاشی و سماجی اصلاحات کے سیکشن شامل کئے گئے۔
مولوی عبدالحق کی زیرنگرانی ایک اردو سیکشن، 1913ء کے بعد انجمن ترقی اردو کے نام سے الگ تنظیم بن گیا تاہم 1922ء تک انجمن ترقی اردو، کانفرنس کے سالانہ اجلاسوں میں باقاعدہ رپورٹیں پیش کرتی تھی۔ سالانہ کانفرنسوں کے علاوہ صوبائی کانفرنسیں بھی ہونے لگیں جن کی ابتداء 1904ء میں راجشاہی کے مقام پر بنگالی مسلم ایجوکیشنل کانفرنس سے ہوئی جس میں نواب علی چوہدری نے بنیادی کردار ادا کیا۔
بمبئی صوبائی کانفرنس 1903ء میں سیٹھ ہارون جعفر نے قائم کی جبکہ یوپی میں 1914ء میں یہ فریضہ سید عبدالروف نے سرانجام دیا۔
پنجاب میں ایجوکیشنل کانفرنس، انجمن حمایت اسلام نے 1911ء میں بنائی جس کے 1913ء تک سیکریٹری ڈاکٹر علامہ محمد اقبال اور بعد ازاں ذوالفقار علی خان مدوٹ رہے۔
کانفرنس نے مسلمانوں میں تعلیمی رجحانات کے ضمن میں جو پالیسیاں مرتب کیں وہ یقینا قابل غور ہیں۔ سید احمد خان اکیلے ہی نہیں، بلکہ ہندوستان کے مختلف حصوں میں



مسلمانوں میں تعلیمی رجحانات کی بڑھوتری کے لیے کام کرنے والی مسلم اشرافیہ جدید تعلیم کی اہمیت سے واقف ہو چکی تھی۔ کانفرنس بجا طور پر مذہبی تعلیم اور جدید تعلیم میں فاصلہ کم کرنے میں کامیاب رہی۔ سید احمد خان، محسن الملک سید محمود، سید کرامت حسین، تھاڈر موریسن (Theodore Morison) اور مولوی محمد حشمت اللہ، مدرسہ ایجوکیشن پر جدید تعلیم کو فوقیت دیتے تھے اور مدرسہ ایجوکیشن کو جدید طرز پر آگے بڑھانا چاہتے تھے۔ جبکہ منشی سراج الدین، شیخ خیر الدین، عرفان علی بیگ اور منشی رحمت اللہ داد تعلیمی نصاب کو علماء کے ذریعے بدلوانے کے حامی تھے۔ تاہم دوسرے گروہ نے 1893ء میں الگ راہ اپنائی اور ندوۃ العلما کے نام سے الگ پہچان بنالی۔ 1896ء میں شبلی نعمانی کی زیر قیادت، اس گروپ نے ندوۃ العلما اکیڈمی تشکیل دی۔ ندوۃ العلما میں عربی کو انگریزی کے برابر اہمیت دی جاتی تھی۔ اس اکیڈمی میں ہندی اور سنسکرت کی تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ مولانا شبلی نعمانی مذہبی اور جدید تعلیم کو ملا کر نصاب بنانے کی ناکام کوششیں کرتے رہے۔

علیگڑھ میں، 1920ء سے قبل ایسے لوگ بھی تھے جنہوں نے برطانوی نوآبادیاتی نظام کے خلاف کھل کر بات کرنی شروع کر دی تھی۔ ان حضرات نے 1920ء میں جامعہ ملیہ کے نام سے ایک ادارہ بنایا۔ جامعہ ملیہ کے اکابرین بھی مذہبی اور جدید تعلیم کے درمیان پڑ چکی خلیج کم کرنے کی کوشش کرتے رہے۔ انہوں نے بہت سے امور میں دارالعلوم دیوبند کی بھی تقلید کی۔ البتہ جامعہ ملیہ میں ہاتھ سے کام کرنے کو خصوصی اہمیت حاصل رہی۔ شنید ہے کہ جامعہ ملیہ کا سنگ بنیاد مولانا نانوتوی کے ہونہار شاگرد شیخ الہند مولانا محمود الحسن نے رکھا تھا۔ یہ عمل جامعہ یونیورسٹی میں بدلتی ہوئی سیاسی سوچ کا آئینہ دار تھا۔

جامعہ ملیہ سے فارغ التحصیل شخصیات میں ڈاکٹر ذاکر حسین، کے جی سیدین، ایم مجیب اور اسلم جیراج پوری جیسے اہل علم و دانش کے نام شامل ہیں۔

1918ء میں بننے والی عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد (دکن) بھی ایک الگ قسم کا مطالعہ ہے۔ یہاں اردو زبان میں اعلیٰ تعلیم دی جاتی تھی۔

بیسویں صدی کے آغاز میں مجموعی طور پر تعلیم سے وابستہ ہندوستانیوں کی تعداد، درج بالا تمامتر کاوشوں کے باوجود کچھ زیادہ بہتر نہ تھی۔ عام مسلمانوں میں علم کے حصول کا ذریعہ غیر رسمی تھا اور اس میں خانقاہوں، اولیاء وصوفیاء کے درباروں اور آستانوں کو بنیادی اہمیت حاصل تھی۔ تاہم اشرافیہ کی معقول تعداد دیوبند، ندوۃ العلماء علیگڑھ، انجمن حمایت اسلام، سندھ مدرسۃ السلام، پنجاب یونیورسٹی، پشاور یونیورسٹی، عثمانیہ یونیورسٹی، گورنمنٹ کالج لاہور، ایچی سن کالج جیسے اداروں سے باقاعدہ وابستہ ہو رہی تھی۔ دوسری طرف گذشتہ پچاس سالوں میں بننے والے تعلیمی اداروں کو سرکاری سطح پر ایک فریم ورک میں لانے کے لیے لارڈ کرزن وائسرائے ہند نے 1902ء میں سر تھامس ریلیچ (Thomas Releigh) کی صدارت میں کمیشن بنایا۔ اس کمیشن کی سفارشات کی روشنی میں 24 مارچ 1904ء کو آل انڈیا یونیورسٹی ایکٹ 1904ء بنا۔ وائسرائے لارڈ کرزن اسے اپنے دور اقتدار کا سنہری کارنامہ قرار دیتا تھا۔

بعد ازاں 1917ء میں کلکتہ یونیورسٹی کے تعلیمی مسائل پر ایک کمیشن بنایا گیا۔ تاہم اس کمیشن کی سفارشات کل ہند بنیاد پر



اسلامیہ کالج پشاور، جس نے قبائلی سماج کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا۔



عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد (دکن) جس نے 20ویں صدی کی ابتداء میں اردو زبان میں اعلیٰ تعلیم شروع کر کے ایک منفرد نام کمایا۔



پنجاب یونیورسٹی، موجودہ پنجاب کی سب سے قدیم یونیورسٹی



گورنمنٹ کالج

ایک منظر [illegible] سے آتی چمک محسوس جاری ہے

پیش کی گئیں۔ اس کمیشن کا نام سیڈلر (Sadler) کمیشن تھا۔اس کمیشن کی سفارشات یہ تھیں۔

1- سکینڈری اور انٹرمیڈیٹ کی تعلیم کو الگ الگ کیا جائے اور انہیں بورڈ آف سکینڈری ایجوکیشن کے ماتحت کیا جائے۔

2- انٹرمیڈیٹ کے امتحانات کو یونیورسٹی میں داخلہ کے لیے ضروری قرار دیا جائے۔

3- ڈگری کورسز کو تین سالہ کیا جائے۔

4- پروفیشنل اور ووکیشنل تعلیم کے پروگرام یونیورسٹیاں شروع کریں۔

5- ذریعہ تعلیم مادری زبانوں کو بنایا جائے۔

6- انگریزی کو محض یونیورسٹی سطح پر ذریعہ تعلیم ہونا چاہیے۔

7- یونیورسٹیوں کو امتحانی مراکز کی بجائے تدریسی مرکز بنایا جائے۔

سیڈلر کمیشن کی سفارشات بروقت تھیں تاہم ہندوستانی سیاست بالخصوص ہندوستانی مسلمانوں میں ایسا تلاطم برپا ہو چکا تھا جس کی موجودگی میں اصلاحات کا ایجنڈا سیاست کی نظر ہونا قدرتی امر تھا۔

1928ء میں بننے والے کلکتہ کمیشن نے تعلیمی بندوبست پر زبردست تنقید کی اور اسے مقامی ضرورتوں سے متصادم قرار دیا۔اس کمیشن میں بی اے کی ڈگری کو تین سال کے عرصہ پر محیط کرنے کی سفارش کی کی۔

1944ء میں تعلیمی اصلاحات کے ضمن میں ایک اور رپورٹ حکومت ہند نے تیار کروائی جسے سرجینٹ رپورٹ کہتے ہیں۔ 40 کی دہائی کے آغاز سے ہی جنوبی ایشیاء سیاست کا اکھاڑہ بن چکا تھا۔اس عشرہ کو دوسری جنگ عظیم کی تباہ کاریوں اور نئی سپر پاور امریکہ کے دباؤ میں نوآبادیاتی دور کے خاتمے سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ایسے میں سرجینٹ رپورٹ کا سرد خانے میں پڑے رہنا لازم تھا۔تاہم تعلیمی اصلاحات کے ضمن میں اس کی اہمیت کے پیش نظر ہم اس کی چند سفارشات لکھ رہے ہیں جو یہ تھیں۔

1- یونیورسٹیوں میں داخلہ لینے کی شرائط کا ازسرنو جائزہ لیا




میاں فضل حسین، پنجاب میں تعلیمی ترقی کے معمار۔

جائے اور انہیں داخلہ دیا جائے جو متعلقہ شعبوں میں پڑھنے کے عمل سے ایک مخصوص حد تک پہلے گزر چکے ہوں۔

2- انٹرمیڈیٹ کلاسز کو ہائی سکول میں ضم کیا جائے۔

3- یونیورسٹی کورسز کی کم از کم مدت تین سال ہو۔

4- ٹیوٹوریل سسٹم اپنایا جائے۔

5- پوسٹ گریجوایٹ سٹڈی پر زور دیتے ہوئے Pure اور اپلائیڈ ریسرچ کو تقویت دی جائے۔

6- یونیورسٹیوں میں کام کرنے والے عملہ اور خصوصاً اساتذہ کے مسائل حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے




یہ بت پنجاب یونیورسٹی کے عروج و زوال کا گواہ ہے۔

7- یونیورسٹی گرانٹس کمیشن بنایا جائے۔

8- ثانوی تعلیم میں بچوں کی حاضریاں بڑھائی جائیں۔

تاہم یہ رپورٹ اس لیے بھی لاگو نہ ہو سکی کیونکہ حالات تیزی سے بدل رہے تھے۔

یہ جائزہ قبل از انگریز تعلیمی بندوبست اور انگریز عہد کا احاطہ کرتا ہے۔قبل از انگریز دور میں صوفیاء نے خانقاہوں کے ذریعے لوگوں میں علم و آگہی کو پروان چڑھایا تو انگریز عہد میں یہ فریضہ انجمنوں، دارالعلوموں، کالجوں اور یونیورسٹیوں نے سرانجام دیا۔تاہم مسلم اشرافیہ کا ایک مقتدر گروہ پہلے روز سے انگریزی تعلیم کو اپنے کلچر، تہذیب و مذہب سے متصادم سمجھتا تھا۔علیگڑھ اور دارالعلوم دیوبند دو مختلف انتہائیں تھیں تاہم برصغیر میں بالعموم اور مسلم اکثریتی علاقوں جیسے پنجاب، بنگال، سندھ اور سرحد میں بالخصوص مسلم اشرافیہ میں ایسے بہت سے اہل علم و دانش تھے جو درمیانے راستوں کے متلاشی تھے۔ پنجاب میں انجمن پنجاب سے لے کر میاں فضل حسین تک، سرحد میں سر عبدالقیوم خان، سندھ میں سندھ مدرستہ السلام اور بنگال میں سید امیر علی سے لے کر اے کے فضل الحق تک یہاں کے باسیوں نے نوآبادیاتی نظام میں رہتے ہوئے عوامی فلاح و بہبود کے الگ راستے تشکیل دیئے۔ان راستوں پر چل کر نہ صرف مسلم اکثریتی علاقوں کو بعدازاں سیاسی قیادت میسر آئی بلکہ مختلف شعبہ جات میں لاتعداد اہل علم ونظر بھی پیدا ہوئے۔تاہم اگر ہم برصغیر کے مسلمانوں میں تعلیم کے حوالے سے ان 200 سالوں کا جائزہ لیں تو ہمیں اس میں متضاد و متصادم افکار و خیالات کا تسلسل نظر آتا ہے۔کہیں صوفیاء کے عوامی رنگ سے بیزاری ہے تو کہیں فارسی علمی ورثہ سے روگردانی، کہیں جدید انگریزی نظام سے جڑتے ہوئے نئے راستے بنانے کا عزم تو کہیں انگریز اور انگریزی کو یکسر مسترد کرتے ہوئے احیاء اور اصلاح کی تحریکیں، ان میں وہ بھی تھے جنہوں نے انگریزی تعلیمی نظام اور مذہبی تعلیم میں راستے ڈھونڈنے کی کوشش کی اور ایسے بھی جو پاپائیت کے نقش پاء کو اپنی منزل مقصود بنا بیٹھے۔

زیرِ نظر مضمون بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستانیت، مذہبی تعلیم اور مادری زبانوں بارے خیالات پر مشتمل ہے۔ اس کے باوجود قائداعظم پاکستان کے تمام صوبوں میں بولی جانے والی مادری زبانوں کے خلاف نہیں تھے ہم نے ایک ایسا تعلیمی نظام وضع کیا جس میں انگریزی اور اردو کو بنیادی اہمیت دیتے ہوئے مادری زبانوں اور ان میں لکھے گئے علم وادب، تاریخ وشاعری کو کوئی جگہ نہ دی گئی۔ اس کے باوجود قائداعظم محمد علی جناح پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں، عیسائیوں، سمیت تمام مذہبی اقلیتوں کو برابر کا پاکستانی شہری ہونے کا واضح پیغام دیتے رہے ہمارے پالیسی سازوں نے ایک ایسا نظام وضع کیا جس میں ہر سطح پر مذہبی اقلیتوں کے حوالے سے امتیازی سلوک روا رکھا گیا۔ ہمارے تعلیمی نصاب میں اقلیتوں کے حوالے سے منفی باتیں اس رویہ کی دین ہیں۔

پہلی تعلیمی کانفرنس پر قائداعظم کا پیغام پاکستان کو جدید فلاحی ملک بنانے کی ضرورت کے اردگرد گھوم رہا تھا تو دوسری طرف پاکستان کے پہلے وزیر تعلیم روحانی ومذہبی تربیت پر زور دیتے ہوئے نئے نظام تعلیم کو بین الاقوامی بھائی چارے، رواداری اور انصاف پر مبنی دیکھنے کے خواہاں تھے اور واضح طور پر پرائمری تک مادری زبانوں میں ذریعہ تعلیم کے حق میں تھے۔ پھر وہ کون سی طاقتیں تھیں جنہوں نے ہمیں اس راستہ سے ہٹا دیا۔ ہم نے کیوں ایک ایسا تعلیمی نصاب وضع کیا جس میں بھائی چارے، رواداری اور جدیدیت کی بجائے فرقہ واریت، دوسرے مذاہب سے نفرت، قدامت پرستی اور مادری زبانوں وکلچر سے لاتعلقی کو کلیدی حیثیت حاصل رہی۔ وہ کون لوگ تھے جنہوں نے قائداعظم کے خیالات اور پہلی تعلیمی کانفرنس کی سفارشات کو ایک طرف رکھتے ہوئے، قومی تعلیمی پالیسی میں من پسند ترجیحات کا اضافہ کیا۔ آج اس سب پر غور کرنے کی ہم سب کو اشد ضرورت ہے



# قائداعظم محمد علی جناح

# تعلیمی نصاب



## اور

## پہلی تعلیمی کانفرنس (1947)

**تعلیم، نصاب، مذہب، اقلیتیں اور پاکستانیت کے حوالے سے قائداعظم کے خیالات کو از سر نو جاننے کی آج اشد ضرورت ہے**

قیام پاکستان کے بعد، نئے ملک کے پالیسی سازوں کو جن بڑے بڑے مسائل کا سامنا تھا ان میں تعلیمی نظام اور خصوصاً تعلیمی نصاب ایک اہم ترین مسئلہ تھا۔ ورثہ میں ملنے والے تعلیمی نظام بارے الگ سے مفصل بحث اسی رسالہ میں موجود ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ 1886ء سے 1947ء تک کے طویل دورانیہ میں، بہت سی کامیابیوں کے باوجود آل انڈیا مسلم ایجوکیشنل کانفرنس جنوبی ایشیاء کے مسلمانوں کے حوالے سے تعلیمی نظام ونصاب بارے کوئی واضح گائیڈ لائن بنانے میں ناکام رہی تھی۔ جدیدیت اور قدامت پسندی ہی ایک واحد اختلافی مسئلہ نہیں تھا بلکہ مادری زبانوں کو بطور ذریعہ تعلیم متعارف کروانا، انگریزی اور اردو زبان کے مقام کا تعین، سکول اور مدرسہ کی تعلیم کو ایک واضح سمت دینا، ماضی کی تاریخ کی تشریح، پاکستانی قومیت کی بنیادیں اور جن علاقوں پر مشتمل پاکستان بنایا گیا، ان کے لسانی، ثقافتی اور قومیتی حقوق سمیت لاتعداد ایسے سوالات تھے جن کے بارے میں نومولود ملک میں نئے نظام کے لیے بنیادی فیصلے کرنے کی ضرورت تھی۔ قائداعظم محمد علی جناح اس بارے میں کیا سوچتے تھے اور ان کی سیاسی بصیرت کے مطابق اس کثیر القومی نوزائیدہ مملکت میں بسنے والے انسان اس بصیرت کا حصہ کیسے بنتے، تادم تحریر اس بارے مختلف نقطہ ہائے نظر موجود ہیں۔ اس بارے میں اگر ہم قائداعظم محمد علی جناح کی چند اہم تقاریر و پیغامات کو بھی مدنظر رکھیں تو ہمیں یہ اندازہ ہو سکے گا کہ بانی پاکستان، پاکستانی قومیت و تعلیمی نظام بارے کیا سوچ رکھتے تھے۔ قائداعظم نوتشکیل کردہ مملکت میں بسنے والے شہریوں میں کسی بھی قسم کا فرق رکھنے کے قائل نہ تھے۔ وہ سمجھتے تھے پاکستان میں بسنے والا ہر شخص پاکستانی ہے۔ چاہے وہ ہندو ہو یا مسلمان، عیسائی ہو یا پارسی، سندھی، پنجابی، بنگالی، پختون، بلوچ ہو یا شمالی ہندوستان سے آیا ہوا مہاجر۔ اس بات کا اظہار ان کی اس تقریر میں بھی ملتا ہے جو پاکستان بننے سے تین دن قبل انہوں نے کی۔ یہ تقریر قائداعظم نے بحیثیت صدر قانون ساز اسمبلی 11 اگست 1947ء کو کی۔ یہ تقریر ان خواتین وحضرات کے سامنے کی گئی جنہیں تین دن کے بعد نئے ملک کا آئین بنانے کے کام کا آغاز کرنا تھا۔ اس تقریر کو پاکستانی قومیت کے حوالے سے قائداعظم کی واضح ترین گائیڈ لائن قرار دینا کسی بھی طرح غلط نہ ہوگا۔ 13 اگست کے سول اینڈ ملٹری گزٹ نے اس تقریر کی سرخی یوں لگائی۔

### پاکستان میں سب کے لیے برابر شہری حقوق

قائداعظم محمد علی جناح

تاہم ہم نے قائداعظم کے اس ویژن کے ساتھ کیسا برتاؤ کیا وہ ہم سب کے سامنے ہے۔ یہاں ہم قائداعظم کے اپنے الفاظ لکھ رہے ہیں۔ یہ الفاظ ہم نے قائداعظم کی تقاریر،

بیانات اور پیغامات پر مبنی چار جلدوں میں چھپنے والی کتاب Speecches, Statements and Messages of Quaid-e-Azam 1934-1948، سے لیے ہیں جسے بزم اقبال لاہور نے شائع کیا ہے۔ قانون ساز اسمبلی کے اس اجلاس کی صدارت جناب جوگندر ناتھ منڈل کر رہے تھے جنہیں پاکستان کا پہلا وزیر انصاف و لیبر بننے کا اعزاز بھی ملا تھا۔

قاعداعظم محمد علی جناح نے کہا

''..... میری یہ دلی تمنا ہے کہ آپ کے تعاون اور مدد کے ساتھ ہم اس اسمبلی کو دنیا میں ایک مثال بنا دیں گے۔ قانون ساز اسمبلی کے روبرو دو قسم کے کام ہیں۔ پہلا، جو انتہائی بھاری اور ذمہ دار کام ہے اس کا تعلق پاکستان کے مستقبل کے لیے آئین کی تشکیل سے ہے۔ دوسرا کام یہ ہے کہ اسمبلی ایک مکمل بااختیار ادارہ کی حیثیت سے بطور پاکستان کی مققنہ متعلقہ امور سرانجام دے۔

...... میں جانتا ہوں یہاں پر ایسے لوگ ہیں جو تقسیم ہندوستان، تقسیم پنجاب اور تقسیم بنگال سے مکمل اتفاق نہیں کرتے۔ اس کے خلاف بہت کچھ کہا گیا ہے تاہم اب اسے قبول کرلیا گیا ہے۔ ہم میں ہر ایک کا یہ فرض ہے کہ ایمانداری

**پرائمری کی سطح تک ذریعہ تعلیم ہر صوبہ کی مادری زبان ہونی چاہیے۔ مڈل سے اردو ہر صوبہ میں لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھائی جائے۔**

سے اس پر عمل کرے اور احترام سے اس سمجھوتے پر عمل کرے جواب نہ صرف طے پایا جاچکا ہے بلکہ ہم سب پر اس کی پاسداری لازم بھی ہے۔

دونوں ممالک ہندوستان اور پاکستان میں ایسے لوگ ہیں جو اس سے اتفاق نہیں کرتے، انہیں یہ پسند نہیں آیا۔ جہاں تک میری بصیرت کا سوال ہے تو وہاں کوئی دوسرا حل رہ ہی نہیں گیا تھا۔ مجھے یقین ہے مستقبل کی تاریخ اس عمل کے حق میں فیصلہ سنائے گی۔

اس سے بڑھ کر، جوں جوں ہمیں حقیقی تجربات ہوں گے تب جا کر ہمیں معلوم ہوگا کہ ہندوستان کے آئینی مسئلہ کا یہ واحد حل تھا۔ ہندوستان کو اکٹھا رکھنے کا کوئی بھی طریقہ قابل عمل نہیں تھا اور میری بصیرت کے مطابق ایسا کوئی بھی فیصلہ ہمیں خوفناک تباہی سے دوچار کر دیتا۔ شاید یہ نقطہ نظر درست ہو یا شاید درست نہ ہو، اس کا فیصلہ آنے والا وقت کرے گا۔ تاہم، اس تقسیم میں، ایک یا دوسرے حصہ میں، اقلیتوں کے سوال سے صرف نظر کرنا ناممکن تھا۔ اس سے بچنا ممکن نہ تھا۔ یہاں کوئی اور حل نہیں رہا تھا۔

...... آپ آزاد ہیں، آپ اپنے مندروں میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ آپ اپنی مساجد میں جانے کے لیے آزاد ہیں۔ اس ملک میں موجود کسی بھی عبادت گاہ میں آپ جاسکتے ہیں۔ آپ کا تعلق کسی بھی مذہب، ذات یا فرقہ سے کیوں نہ ہو، اس بات کا ریاست کے کاروبار سے کوئی تعلق نہیں۔

..... ہم اپنا آغاز اس بنیادی اصول سے کر رہے ہیں کہ ہم سب ایک ریاست کے شہری ہیں اور برابر کے شہری ہیں۔

..... اب، میرے خیال میں ہمیں اسے اپنے نصب العین کی حیثیت سے ہمیشہ مدنظر رکھنا ہوگا۔ آپ کو محسوس ہوگا، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہندو ہندو نہیں رہے گا اور مسلمان مسلمان نہیں رہے گا، مذہبی حوالے سے نہیں کیونکہ مذہب ہر فرد کا ذاتی عمل ہے، بلکہ سیاسی حوالے سے، بطور ریاست کے شہری کے''۔

یہ اہم تقریر آئین کی اہمیت، بااختیار منتخب اسمبلی، اختلاف رائے رکھنے کی آزادی، اقلیتوں کے حقوق، ریاست کا بلاامتیاز مذہب ہر ایک کو برابر کا شہری تسلیم کرنا سمیت تحریک پاکستان کو ہندوستان میں اقلیتوں کے حقوق کی جدوجہد کے

## پہلی تعلیمی کانفرنس نومبر 1947ء کے لیے

## قائداعظم کا پیغام

''آپ حضرات کو تعلیم کی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہے۔ اس بات پر زیادہ زور دینے کی ضرورت نہیں کہ صحیح تعلیم کیا ہوتی ہے۔

سو سال سے زائد انگریزوں کے عہد حکمرانی میں، حالات بھی کچھ ایسے تھے، مجھے افسوس ہے کہ اپنے لوگوں کی تعلیم پر قابل ذکر توجہ نہ دی جاسکی۔

اگر ہم حقیقی، تیز رفتار اور ٹھوس بنیادوں پر ترقی کے خواہاں ہیں تو ہمیں سنجیدگی سے اس سوال کو لینا ہوگا۔ تعلیم سے متعلق پالیسی اور پروگرام کو ایسے بنانا ہوگا جو نہ صرف لوگوں کے فہم، تاریخ اور ثقافت سے ہم آہنگ ہو بلکہ دنیا میں وقوع پذیر ہو چکے جدید حالات اور وسیع ترقی کو بھی مدنظر رکھے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہماری سیاست کے مستقبل کا دارومدار اس طرز تعلیم اور راستہ پر ہوگا جس پر ہم اپنے بچوں کی نشوونما کریں گے اور جس کی وجہ سے وہ پاکستان کے خدمت گزار بنیں گے۔ ہمیں لوگوں میں اتحاد پیدا کرتے ہوئے، آنے والی نسلوں کی کردار سازی پر توجہ دینی چاہیے۔ تعلیم محض علم کے حصول تک محدود نہیں ہے۔ تاہم اس سطح کی حد تک بھی صورتحال اطمینان بخش نہیں ہے۔ مستقبل کی معاشی ترقی کے لیے سائنسی اور تکنیکی تعلیم کے میدان میں ہمارے لوگوں کو تربیت دینے کی اشد ضرورت ہے۔ ہمیں کامرس، تجارت اور خصوصاً منصوبہ بند صنعتی ترقی کو سائنسی علوم سے جوڑنا ہوگا۔

یہ بات مت بھولیں کہ ہمیں پوری دنیا سے مقابلہ کرنا ہے جو اس میدان میں پہلے سے ہی تیز رفتار ترقی کر رہی ہے۔ میں دوبارہ سے زور دے کر کہوں گا کہ ہمیں تکنیکی اور ہنر سازی کی تعلیم پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ مختصر یہ ہمیں آنے والی نسلوں کی کردار سازی کرنی ہوگی۔ اس کا مطلب ہے ان میں عزت نفس، دیانتداری، قوم کی ازخود خدمت کرنے کا جذبہ اور احساس ذمہ داری پیدا ہو۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا اس تربیت کی بدولت وہ معاشی طور پر مختلف شعبوں میں کردار ادا کرنے کی مکمل طور پر استطاعت اور مہارت رکھتے ہوں جس سے پاکستان کے وقار میں اضافہ ہو''۔

**اگر ہم حقیقی، تیز رفتار اور ٹھوس بنیادوں پر ترقی کے خواہاں ہیں تو ہمیں سنجیدگی سے اس سوال کو لینا ہوگا۔ تعلیم سے متعلق پالیسی اور پروگرام کو ایسے بنانا ہوگا جو نہ صرف لوگوں کے فہم، تاریخ اور ثقافت سے ہم آہنگ ہو بلکہ دنیا میں وقوع پذیر ہو چکے جدید حالات اور وسیع ترقی کو بھی مدنظر رکھے۔**

ضمن میں دیکھنے کے گرد گھومتی ہے۔
اب آپ فیصلہ کریں ہمارا کوئی بھی تعلیمی نصاب قائداعظم کی اس سیاسی بصیرت کا پرتو ہے یا نہیں! یقیناً نہیں ہے۔
22 مارچ 1948ء کو مشرقی بنگال کی مجلس قانون ساز کے ہندو اراکین کے وفد سے ملاقات کرتے ہوئے قائداعظم نے کہا۔
''مشرقی بنگال اور پاکستان کی حکومتیں آپ کی اپنی حکومتیں ہیں۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت کا مقصد لوگوں کی خوشیوں اور فلاح کے لیے کام کرنا ہے۔
بحوالہ 23۔ مارچ 1948ء، پاکستان ٹائمز
..... جہاں تک بنگالی زبان کا سوال ہے تو اس حوالے سے آپ کی زندگی میں کسی قسم کی تبدیلی یا تخریب کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا ہے۔ آخری فیصلہ، آپ کے صوبہ کے منتخب نمائندوں نے ہی کرنا ہے کہ اس صوبہ میں کون سی زبان لاگو ہو''۔
پاکستان ٹائمز 23 مارچ 1948ء
24 مارچ کو ڈھاکہ یونیورسٹی کے کانوکیشن میں خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے کہا۔
''..... تعمیر نو، آزادی کے لیے عسکری جذبے رکھنے سے کہیں زیادہ مشکل کام ہے۔ جیل جانا یا آزادی کی جدوجہد کرنا، حکومت چلانے کی نسبت آسان کام ہے''۔
..... اپنے صوبہ میں سرکاری امور کے لیے، اس صوبہ (مشرقی بنگال) کے لوگ جو زبان چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ یہ مسئلہ حل کرنے کا اختیار، کلی طور پر اس صوبہ کے لوگوں پر ہے۔
..... البتہ یہاں صرف ایک لینگوا فرانکا (مشترکہ زبان) ہوگی اور یہ صوبوں کے درمیان رابطہ کے لیے استعمال ہوگی اور یہ زبان صرف اردو ہوگی اور کوئی دوسری نہیں ہوگی''۔
بحوالہ: 26-25 مارچ 1948ء، پاکستان ٹائمز
قائداعظم کے خیالات پڑھ کر آپ سمجھ گئے ہوں گے انہیں صوبوں میں بولی جانے والی مادری زبانوں کو، اپنے اپنے صوبہ میں لاگو کرنے پر کوئی اعتراض نہیں تھا۔ البتہ وہ اردو کو رابطہ کی زبان رکھنے کی طرف مائل تھے۔

## پہلی پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس

اب ہم آپ کی توجہ نومبر 1947ء میں منعقد ہونے والی پہلی پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس کی طرف مبذول کروانا چاہیں گے۔ اس کانفرنس میں قائداعظم شریک تو نہ ہوسکے البتہ

**یہ اہم تقریر آئین کی اہمیت، بااختیار منتخب اسمبلی، اختلاف رائے رکھنے کی آزادی، اقلیتوں کے حقوق، ریاست کا بلالحاظ مذہب ہر ایک کو برابر کا شہری تسلیم کرنا سمیت تحریک پاکستان کو ہندوستان میں اقلیتوں کے حقوق کی جدوجہد کے ضمن میں دیکھنے کے گرد گھومتی ہے۔**

انہوں نے اس تعلیمی کانفرنس کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا خصوصی پیغام بھیجا۔ ہم یہاں آپ کی دلچسپی کے لیے قائداعظم کا پیغام، کانفرنس کے روح رواں، پہلے وزیر تعلیم اور بنگالی رہنما فضل الرحمٰن کی تقریر اور کانفرنس کی قراردادیں لکھ رہے ہیں تاکہ آپ جان سکیں قائداعظم، پہلے وفاقی وزیر تعلیم اور پالیسی سازوں میں کس قدر ہم آہنگی تھی۔ قائداعظم کے رفقاء کی سیاسی بصیرت اور ترجیحات کیا تھیں اور وہ اپنے لیڈر کے خیالات و افکار سے کس قدر آگاہ تھے۔
28 نومبر 1947ء کے ایسٹرن ٹائمز کے مطابق یہ پیغام وفاقی وزیر تعلیم نے ازخود پڑھا کہ ہم یہاں اس پیغام کی نقل پیش کرنے کے ساتھ ساتھ وزیر موصوف کی تقریر کے اقتباس بھی پیش کرنا ضروری خیال کرتے ہیں۔
تعلیمی پالیسی کی بنیادوں پر ازسرنو غور کرنے کی دعوت دیتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم اور کانفرنس کے صدر فضل الرحمٰن نے کہا ''ہمیں نہ صرف وقت کی ضرورتوں کے ساتھ تعلیم کو ہم

**وہ نوتشکیل کردہ مملکت، پاکستان میں بسنے والے شہریوں میں کسی بھی قسم کا فرق رکھنے کے قائل نہ تھے۔ وہ سمجھتے تھے پاکستان میں بسنے والا ہر شخص پاکستانی ہے۔ چاہے وہ ہندو ہو یا مسلمان، عیسائی ہو یا پارسی، سندھی، پنجابی، بنگالی، پختون، بلوچ ہو یا شمالی ہندوستان سے آیا ہوا مہاجر۔**

آہنگ کرنا ہے بلکہ اس نظریہ کو بھی مدنظر رکھنا ہے جس کے مطابق پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے''۔
وزیر موصوف نے موجودہ تعلیمی نظام کو محدود افادیت پسند قرار دیتے ہوئے کہا یہ نظام حقیقت پسندی سے دور ہے اور تیزی سے بدلتے حالات سے میل نہیں کھاتا کیونکہ اس کے کورسز میں ادب پر زیادہ زور دیا گیا ہے جبکہ تعلیم روح کی آبیاری سے عاری ہے۔
انہوں نے تعلیم کے تین عناصر گنوائے۔ پہلا عنصر روحانیت ہے، جس کی سب سے زیادہ اہمیت ہے کیونکہ ریاست کی بنیاد اسلامی نظریہ ہے۔ جب تک بچوں کو اسلام کے بنیادی اصولوں اور اس کے مطابق زندگی گزارنے کے فلسفہ سے کماحقہ آگاہ نہ کیا گیا تب تک وہ مقاصد حاصل نہیں ہوسکتے جس کے لیے پاکستان بنایا گیا ہے۔
دوسرا عنصر شہریوں کی تربیت ہے۔ تعلیم شہریوں میں نظم و ضبط، ایمانداری اور خدمت خلق کا جذبہ پیدا کرے۔ اس کے لیے جسمانی تربیت اور جماعتی سرگرمیاں ضروری ہیں۔
تیسرے عنصر کا تعلق اس منصوبہ بندی سے ہے جس کے مطابق طالبعلموں کو سائنسی، تکنیکی اور ہنرسازی کی تربیت دینا ہو۔
پرائمری کی سطح تک ذریعہ تعلیم ہر صوبہ کی مادری زبان ہونی چاہیے۔ مڈل سے اردو ہر صوبہ میں لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھائی جائے۔ اردو صوبوں کے درمیان بین الصوبائی سطح پر استعمال ہوسکتی ہے اس لیے یہ پاکستان کی لینگوا فرانکا بننے کا حق رکھتی ہے۔ البتہ یونیورسٹی کی سطح پر انگریزی کی حیثیت کو برقرار رہنا چاہیے۔
کانفرنس نے اختتام پر جو سفارشات منظور کیں ان میں چند ایک یہ تھیں۔

1- پاکستان کے تعلیمی نظام کو اسلامی نظریہ سے متاثر ہوتے ہوئے بین الاقوامی بھائی چارے، رواداری اور انصاف سے ہم آہنگ ہونا چاہیے۔
☆ ڈاکٹر محمد حسن نے اس بات سے اتفاق نہیں کیا۔
2- پانچ سال کے لیے تعلیم کو لازمی اور مفت قرار دیا جائے تاہم بعدازاں اس معیاد کو آٹھ سال تک بڑھا دیا جائے۔
3- ہمیں ملک پاکستان میں صوبائی زبانوں کی ترقی کے لیے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرنے چاہیں۔ صوبائی زبانوں کو صرف ذریعہ تعلیم کے حوالے سے ہی نہیں اپنانا

**اگر آج کا نوجوان پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں، عیسائیوں سمیت تمام غیر مسلموں کو پاکستانی تو کیا، انسان سمجھنے کو بھی تیار نہیں ہے، اردو کے علاوہ ملک میں بولی جانے والی مادری زبانوں اور ان میں لکھے گئے ادب سے لاتعلق ہے تو یہ سب کچھ اسی نصاب تعلیم کا تحفہ ہے۔ پاکستانی نوجوان اگر جدیدیت اور اسلام کے حوالے سے سخت الجھنوں کا شکار ہے تو اس کا ذمہ دار بھی یہی نصاب تعلیم اور اس کے معمار ہیں۔**

ہوگا بلکہ یہ زبانیں ان صوبوں کی ثقافتوں کی امین ہیں البتہ ایسے کرتے ہوئے ہمیں مشترکہ ثقافت کی طرف بڑھنا ہوگا۔ اس اتحاد کے حصول کے لیے ہمیں صوبائی سطح پر رابطہ کے لیے ایک زبان کی ضرورت ہے۔ اس کام کے لیے اردو کا دعویٰ خصوصی توجہ کا طالب ہے۔

4- سکولوں میں مسلمان بچوں کے لیے مذہبی تعلیم لازمی ہونی چاہیے جبکہ غیر مسلموں کو اگر وہ چاہیں تو ان کے مذاہب کے مطابق تعلیم دی جائے۔

5- ہم ایسی زبان (انگریزی) کو آسانی سے رد نہیں کر سکتے کہ جس کے ذریعے ہمیں مغربی سائنس اور کلچر تک با آسانی رسائی ممکن ہوئی ہے۔

6- صوبائی اور ریاستی حکومتیں مدارس کو موجودہ تعلیمی نظام کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے اقدامات کریں گی۔

7- دنیا کی نظر میں ہمارا وقار کم کرنے کے لیے کچھ حلقے یہ تاثر پھیلا رہے ہیں کہ اسلامی ریاست کہلانے سے پاکستان ملاؤں کی ریاست بن جائے۔ جو اسلام کے بنیادی اصولوں کو سمجھتا ہے، اسے یہ بات معلوم ہے کہ شہری حقوق کے حوالے سے اسلام سماجی جمہوریت اور سماجی انصاف کا قائل ہے جیسا کہ خلفاء راشدین کے دور میں تھا۔ خدا کی طرف سے تفویض کردہ اختیارات رکھنے والے مقدس گروہ کی حکمرانی کا اسلام میں کوئی تصور نہیں۔

8- مقامی ضرورتوں کے مطابق پرائمری سکولوں میں مخلوط تعلیم دی جائے۔

9- لوگوں کے فہم اور ملکی معاشی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تکنیکی تعلیم کے پروگرام ترتیب دیئے جائیں۔

10- تعلیم بالغاں کے کورسز صوبائی زبانوں میں ہونے چاہئیں۔

جلد ہی ان سفارشات کو مرکز و صوبائی حکومتوں نے تسلیم کر لیا اور ان کی روشنی میں نصاب کی کتب بننے لگیں۔ کانفرنس نے جن اداروں کی تشکیل کی سفارش کی وہ یہ تھے۔

1- ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن: اس میں مرکزی و صوبائی وزراء تعلیم، وائس چانسلرز، چیئرمین بورڈ آف

**اپنے صوبہ میں سرکاری امور کے لیے، اس صوبہ (مشرقی بنگال) کے لوگ جو زبان چاہیں رکھ سکتے ہیں۔ یہ مسئلہ حل کرنے کا اختیار، کلی طور پر اس صوبہ کے لوگوں پر ہے۔**

ثانوی تعلیم، پبلک انسٹرکشن کے ڈائریکٹر صاحبان کے علاوہ گیارہ ماہرین تعلیم شامل تھے۔

2- انٹر یونیورسٹی بورڈ: اس میں وائس چانسلرز کے علاوہ ہر یونیورسٹی سے دو مزید ماہرین شامل تھے۔ اس کمیٹی کا کام اعلیٰ تعلیم اور معیارِ تعلیم میں بہتری لانے کے اقدامات کرنا تھا۔

3- کونسل آف تکنیکی تعلیم: اس کمیٹی کو کامرس، زراعت اور انجینئرنگ کو مدنظر رکھ کر سفارشات مرتب کرنا تھیں۔

3 دسمبر 1947ء کے سول اینڈ ملٹری گزٹ کے مطابق وفاقی وزیر تعلیم فضل الرحمٰن نے کہا اس کانفرنس میں کیے گئے فیصلوں کے ذریعے ہم نے اس ریاست کی تشکیل کے لیے سنگِ میل

**قائداعظم کے ان خیالات میں کہیں بھی، پاکستان میں رہنے والے ہندوؤں یا عیسائیوں کو دوسرے درجہ کا شہری نہیں کہا گیا۔ نہ ہی وہ صوبوں میں مادری زبانوں کے نفاذ کو پاکستانیت کے لیے خطرہ سمجھتے تھے۔ تاہم گزشتہ 38 برسوں سے جو تعلیمی نصاب ہمارے ہاں بنایا جاتا رہا ہے وہ کس حد تک قائداعظم کی سیاسی بصیرت سے ہم آہنگ ہے، یہ فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے۔**

اقدامات طے کر لیے ہیں۔ کانفرنس نے قانون ساز اسمبلی سے سفارش کی کہ وہ اردو کو لینگو فرانکا (رابطہ کی زبان) قرار دیں۔ اردو کو پرائمری کے بعد لازمی مضمون کی حیثیت سے پڑھایا جائے۔ تعلیم کے پھیلاؤ کے لیے ریڈیو اور فلم جیسے جدید ذرائع کو استعمال کیا جائے۔ کانفرنس کی سفارشات کو وفاقی وزیر انصاف و لیبر جوگندر ناتھ منڈل اور صدر اینگلو انڈین ایسوسی ایشن، پاکستان جناب سی ای گبن (C.E. Gibbon) کی تائید حاصل ہے۔ مسلمانوں کے لیے اسلامیات کی تعلیم حاصل کرنا لازمی ہوگا تاہم ایسے ذرائع اپنائے جائیں گے کہ دوسرے مذاہب کے لوگوں کو بھی متعلقہ مذاہب بارے مذہبی تعلیم کا بندوبست ہو۔ (اے پی آئی)

قائداعظم کی 11 اگست 1947ء کی تقریر ہو یا نومبر 1947ء میں تعلیمی کانفرنس کے لیے بھیجا گیا پیغام یا مارچ 1948ء میں ڈھاکہ میں کی گئی تقاریر۔ یہ سب آپ نے پڑھ لی ہیں۔ پاکستان کے پہلے وزیر تعلیم کے خیالات بھی آپ جان چکے ہیں۔ قائداعظم کے ان خیالات میں کہیں بھی، پاکستان میں رہنے والے ہندوؤں یا عیسائیوں کو دوسرے درجہ کا شہری نہیں کہا گیا۔ نہ ہی وہ صوبوں میں مادری زبانوں کے نفاذ کو پاکستانیت کے لیے خطرہ سمجھتے تھے۔ تاہم گزشتہ 38 برسوں سے جو تعلیمی نصاب ہمارے ہاں بنایا جاتا رہا ہے وہ کس حد تک قائداعظم کی سیاسی بصیرت سے ہم آہنگ ہے، یہ فیصلہ کرنا آپ کا کام ہے۔ اگر آج کا نوجوان پاکستان میں بسنے والے ہندوؤں، عیسائیوں سمیت تمام غیر مسلموں کو پاکستانی تو کیا، انسان سمجھنے کو بھی تیار نہیں ہے، اردو کے علاوہ ملک میں بولی جانے والی مادری زبانوں اور ان میں لکھے گئے ادب سے لاتعلق ہے تو یہ سب کچھ اسی نصاب تعلیم کا تحفہ ہے۔ پاکستانی نوجوان اگر جدیدیت اور اسلام کے حوالے سے سخت الجھنوں کا شکار ہے تو اس کا ذمہ دار بھی یہی نصاب تعلیم اور اس کے معمار ہیں۔ بلاشبہ بعد میں آنے والے تعلیمی ماہرین نے قائداعظم اور علامہ اقبال کے افکار و خیالات کی بجائے من پسند ترجیحات کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنایا۔

# دوسری تعلیمی کانفرنس 5- دسمبر 1951

**ہم ایک ایسے تعلیمی نظام کی پیداوار ہیں جو خالصتاً مغربی اقدار پر مبنی ہے اور اس میں ہمارے مذہب اور ثقافت کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارا مذہب بارے علم محدود ہے اور اب جب ہمیں پالیسی سازی کرتے ہوئے اسے عملی شکل دینی ہے تو خاصی مشکلات در پیش ہیں۔**

پہلی تعلیمی کانفرنس منعقدہ نومبر 1947 میں منظور کردہ سفارشات پر عملی جامہ پہنانے کے لیے مختلف کمیٹیوں کا انتخاب عمل میں لایا گیا تھا۔ دسمبر 1951 تک یہ کمیٹیاں اپنا کام کر رہی تھیں۔ تاہم نومبر 47 سے دسمبر 1951 تک پلوں کے نیچے سے بہت سا پانی بہہ چکا تھا۔ سب سے بڑا دھچکا تو بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی وفات (11- ستمبر 1948) تھی کہ جس کے بعد نئی سیاسی جتھے بندیوں کی صورت میں ملک پر بہت مہلک اثرات پڑے۔ مرکزی سرکار، نوزائیدہ ملک کو درپیش بنیادی مسائل کو حل کرنے کی بجائے قرارداد مقاصد کی منظوری کے اردگرد اپنی سیاست پروان چڑھاتی رہی۔ زبان کے مسئلہ پر قائداعظم کی تقاریر (مارچ 1948) کو غلط رنگ دے کر ایک زبان کی حاکمیت کے اصول کو اپنا لیا گیا۔ یہاں تک کہ یہ بھی کہہ دیا گیا کہ پاکستان میں اردو ہی واحد اسلامی زبان ہے۔ یہ بات مقتدر افسر شاہی کو بوجوہ پسند تھی حالانکہ وہ خود اپنے بچوں سے اردو کی بجائے انگریزی بولنا پسند کرتے تھے۔ اکتوبر 1951 میں پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان خود اسی گروہی سیاست کا شکار ہو گئے جس کے وہ ایک مشتاق کھلاڑی تھے۔

یہ تھے وہ حالات جب کراچی میں دسمبر 1951 کو دوسری تعلیمی کانفرنس منعقد کی گئی۔

کانفرنس میں جو سفارشات منظور ہوئیں اور حقائق بتائے گئے ان میں سے کچھ یوں ہیں۔

1- اردو کو مملکت خداداد پاکستان کی قومی اور سرکاری زبان قرار دیا جائے۔

2- پاکستان کے تعلیمی نظام کو اسلامی نظریہ میں ڈھالا جائے۔

3- پاکستان میں 88 ہزار چھ سو 97 پرائمری سکول ٹیچر ہیں جن میں سے 43 ہزار 471 غیر تربیت یافتہ ہیں۔ جبکہ سکینڈری کی سطح پر 43,823 اساتذہ میں سے 24076 غیر تربیت یافتہ ہیں۔

4- پرائمری سکولوں کے اساتذہ کی تربیت کے لیے 125 ادارے ہیں جن میں 6,145 اساتذہ کو تربیت دی جاسکتی ہے۔ ان میں سے 16 ادارے خواتین اساتذہ کو تربیت دیتے ہیں جو بیک وقت 676 خواتین کی تربیت دینے کی اہلیت رکھتے ہیں۔

5- سکینڈری سطح پر گیارہ ادارے ہیں جن میں 276 افراد کو تربیت دی جا رہی ہے۔

6- یونیورسٹی سطح پر ڈگری کورس کو تین سالہ ہونا چاہیے۔ ڈگری کا دو سالہ کورس ہونے کی وجہ سے بیرونی ممالک جیسے برطانیہ یا امریکہ میں ہمارے بچوں کو مشکلات کا سامنا رہتا ہے اور ان کی ڈگری کو برابر کی حیثیت نہیں دی جاتی۔

7- پرائمری سطح پر تمام سکولوں میں مادری زبانوں میں تعلیم دی جائے جبکہ سکینڈری کی سطح پر پنجاب، بلوچستان، سرحد اور بہاولپور میں اردو کو ذریعہ تعلیم بنایا جائے۔ تاہم اس مسئلہ پر نظر ثانی کے لیے پاکستان ایڈوائزری بورڈ کے سپرد کر دیا گیا۔

8- ہم ایک ایسے تعلیمی نظام کی پیداوار ہیں جو خالصتاً مغربی اقدار پر مبنی ہے اور اس میں ہمارے مذہب اور ثقافت کو ملحوظ خاطر نہیں رکھا گیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہمارا مذہب بارے علم محدود ہے اور اب جب ہمیں پالیسی سازی کرتے ہوئے اسے عملی شکل دینی ہے تو خاصی مشکلات درپیش ہیں۔

9- ہم تعلیم کو ہوا میں نہیں چھوڑ سکتے بلکہ تعلیم کو ان نظریاتی تبدیلی کا آلہ کار سمجھتے ہیں جس کے لیے پاکستان بنایا گیا تھا۔

10- گو کہ پاکستان میں مخلوط تعلیم کے ادارے کام کر رہے ہیں تاہم خواتین کے لیے الگ تعلیمی ادارے بنانا ضروری ہیں۔

11- پرائیویٹ تعلیمی ادارے خصوصی طور پر اعلیٰ تعلیم کے ضمن میں گرانقدر خدمات سرانجام دے رہے ہیں تاہم ایسا کرتے ہوئے انہیں بہت سی مالی مشکلات درپیش ہیں اور انہیں حکومتی امداد پر خاصا انحصار کرنا پڑتا ہے۔ حکومت کو روزمرہ کے اخراجات کے علاوہ اٹھنے والے خرچوں میں 50 فیصد حصہ ڈالنا چاہیے۔

12- ماضی میں اساتذہ کو معاشرے میں معتبر مقام حاصل تھا۔ موجودہ حالات میں مختلف وجوہات کی بناء پر اب وہ مالی و معاشرتی حوالوں سے خود کو کم درجے کا شہری سمجھتا ہے۔ لائق اور قابل طالبعلم کا سپیریر سروسز (بیوروکریسی) جیسی مقتدر اور منفعت بخش نوکریوں کی طرف جانے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔

13- پاکستان محض پہلے سے موجود بہت سی ریاستوں یا مملکتوں میں محض ایک اور ریاست بنانے کے لیے نہیں بنایا گیا بلکہ یہ اسلامی اصولوں پر مبنی طرز زندگی اپنانے کے لیے بنا ہے۔ یہ بات بہت دفعہ کی گئی مگر اس میں سب سے مستند آواز قرارداد مقاصد (1949) کی صورت میں ہمارے پاس موجود ہے۔

ان سفارشات و پیش کردہ حقائق کو دیکھتے ہوئے صاف نظر آ رہا ہے کہ پہلے چار سالوں میں ہی ہمارے پالیسی سازوں نے قائداعظم کی بصیرت سے روگردانی کا سفر شروع کر دیا تھا۔ ایک طرف مذہبی و ثقافتی تنوع کو تسلیم نہ کیا گیا تو دوسری طرف پرائیویٹ تعلیمی اداروں کو امداد دینے کا کہا گیا۔

# رپورٹ کمیشن برائے قومی تعلیم حکومتِ پاکستان وزارتِ تعلیم

## (ایک جائزہ)

## جنوری۔۔۔اگست 1959

پاکستان کے قیام کے پہلے عشرہ میں تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے جو فیصلے کیئے گئے ان کے حوالے سے عمومی طور پر عدم اطمینان پایا جاتا تھا۔ 1952ء میں تعلیمی بہتری کے لیے ایک چھ سالہ منصوبہ بنایا گیا۔ 1953ء میں نوتشکیل شدہ پلاننگ بورڈ نے پانچ سالہ منصوبہ 60-1955 بنایا۔ اس منصوبہ کی منظوری طے شدہ مدت کے ایک سال بعد، مئی 1956ء میں ہوئی۔ اس منصوبہ میں تعلیم کے لیے 5.4 فیصد (580 ملین) رقم مختص کی گئی۔ تاہم حکومتوں کی تیزی سے تبدیلی اور بدلتی ترجیحات میں تعلیم بارے عدم سوچ بچار کا رویہ جاری رہا۔ اکتوبر 1958ء میں ایوب خان کے مارشل لاء کے فوراً بعد مارشل لاء کا وقار قائم کرنے کے لیے جو اہم اقدامات کیے گئے ان میں سے ایک قدم قومی کمیشن برائے تعلیم کا قیام تھا جس کی صدارت ماہرِ تعلیم اور سیکریٹری ایجوکیشن ایس ایم شریف کر رہے تھے۔

انگریزوں کی آمد سے 2005ء تک اب تک جتنی بھی تعلیمی پالیسیاں آئیں ہیں ان میں 1959ء کی رپورٹ سب سے زیادہ جامع ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ سیکریٹری تعلیم خود شعبہ درس و تدریس سے وابستہ (گورنمنٹ کالج لاہور 1939ء اور ڈائریکٹر پبلک انسٹرکشن (DPI) مغربی پنجاب 1947ء) رہے تھے۔ علاوہ ازیں اس کمیشن سے وابستہ اراکین بھی اپنے اپنے شعبہ جات میں مہارت رکھتے تھے۔ مختصر یہ کہ اس میں بیوروکریٹ کم تھے اور ماہرین تعلیم زیادہ تھے۔ بعدازاں آنے والی تعلیمی پالیسیوں میں اس فرق کو بوجوہ جاری نہ رکھا جا سکا۔ رپورٹ کی تیاری کے لیے جو سوالنامہ جاری کیا گیا وہ بذات خود رپورٹ بنانے والوں کی سنجیدگی اور مہارت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہم یہاں پڑھنے والوں کی دلچسپی کے لیے اس رپورٹ میں سے چند سفارشات، تبصروں اور سوالنامہ کو چھاپ رہے ہیں تاکہ اس بات کا آپ سب کو اندازہ ہو سکے کہ ہمارے پالیسی ساز تعلیمی اصلاحات بارے کیا سوچتے تھے۔

ان اصلاحات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت پاکستان نے پانچ مختلف آرڈیننسوں کے ذریعے تعلیمی اصلاحات کے نفاذ کا اعلان کیا۔ اگر ان آرڈیننسوں کا بنظر غائر جائزہ لیا جائے تو یہ بات صاف نظر آتی ہے کہ یہ آرڈیننس مکمل طور پر ان اصلاحات کی روح سے ہم آہنگ نہیں تھے بلکہ بعض جگہ تو آرڈیننس بذات خود اصلاحات روح کو مسخ کرنے کا باعث بنے۔

''ایجوکیشن اِن پاکستان'' کے مصنف ماہر تعلیم محمد اقبال اپنی کتاب میں کمیشن کی سفارشات، نفاذ اور ان کے خلاف ہونے والے ردعمل بارے لکھتے ہیں۔

''کمیشن نے حتی الامکان کوشش کی کہ روحانی اور مادی تعلیم کے درمیان فاصلے کم کئے جائیں۔ تعلیم کے حوالے سے مرکزی سرکار خود کو بنیادی اصول وضع کرنے تک محدود رکھے۔ اس پالیسی کو لاگو کرنے کا کام صوبائی حکومتوں یا ریجنل دفاتر کے سپرد ہو۔ مرکزی اور ریجنل دفاتر کے کام کو الگ الگ بیان کیا جائے۔ رپورٹ میں امتحانات کے طریقہ کار کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات تجویز کئے گئے۔ یہ ایک بہترین رپورٹ تھی جس میں تعلیمی نظام کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیتے ہوئے، ایسے تمام امور کی نشاندہی کی گئی تھی جو کسی بھی تعلیمی نظام کے لیے زہر قاتل ہوتے ہیں۔

صحیح سمت میں اصلاحات کا آغاز ہوا تاہم جذبات میں، سرکاری کارندے کمیشن کی تمام سفاشات کو ایک ہی وقت میں لاگو کرنے کی غلطی کر بیٹھے۔ کمیشن نے بہت سی سفارشات ایسی کیں تھیں جن پر عملدرآمد کے لیے اساتذہ کا ماہر ہونا ضروری تھا۔ یونیورسٹی میں BSc, B.A کا دورانیہ تین سال کر دیا گیا۔ مگر جلد ہی تعلیمی اصلاحات کا جذبہ، طلباء اور اساتذہ کی طرف سے آنے والے ردعمل کی وجہ سے ماند پڑنے لگا۔ ذریعہ تعلیم کے متعلق کمیشن حسب سابق خاموش ہی رہا۔ یوں وہ اصلاحات، جو بہت جذبے سے تیار کی گئیں تھیں نفاذ کے وقت انتہائی متنازعہ بن گئیں''۔



تعلیمی اصلاحات کے خلاف دائیں اور بائیں بازو کی مشترکہ جدوجہد

درج بالا اقتباس اس بات کی غمازی کر رہا ہے کہ شریف کمیشن کی سفارشات اپنی جگہ بہت اہم تھیں تاہم جس طرح ان کو بیوروکریسی نے نافذ کرنے کی کوشش کی وہ عمل بذات خود ان بہترین سفارشات کو غلط رنگ دینے میں حد درجہ معاون ثابت ہوا۔ سیاسی جماعتوں کی غیر موجودگی میں محض محکمانہ طاقت کے ذریعے اصلاحات کو مقبول عام بنانا ویسے بھی ممکن نہ تھا۔ تاہم حکومتِ وقت اس زعم میں بری طرح غلطاں تھی کہ وہ عوامی مفاد کے لیے ہر فیصلہ ازخود نافذ کروالیں گے۔

اس سب کے باوجود ملک میں ایسی سیاسی طاقتیں بھی تھیں جنہیں پہلے دن سے تعلیمی نصاب کے حوالے سے حکومتی اقدامات پر بنیادی اعتراضات تھے۔ ان میں دو طرح کے گروہ شامل تھے۔

1. جو یہ سمجھتے تھے تعلیمی نظام کو ان کے مخصوص مذہبی و فرقہ وارانہ

ذہن کا پرتو ہونا چاہیے۔ کیونکہ ویسے مذہبی حضرات اس کمیشن کے ممبر نہیں ہیں اس لیے یہ کمیشن کبھی بھی ان کے نظریات کی عکاسی نہیں کرے گا۔

2- جو یہ سمجھتے تھے، مارشل لاء کے تحت بننے والی ایوبی حکومت غیر نمائندہ، غیر منتخب اور آمرانہ ہے اس لیے ایسے بنیادی نوعیت کے کام کرنے کا اسے کوئی حق حاصل نہیں ہے۔

پہلے گروہ کی قیادت جماعت اسلامی اور اسلامی جمعیت طلباء کے ہاتھ میں تھی جبکہ دوسرے گروہ میں نیشنل عوامی پارٹی، عوامی لیگ اور بائیں بازو کے کارکنوں کی اکثریت بشمول نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن NSF کے علاوہ وہ تمام سیاسی گروہ شامل تھے جنہیں ایوبی مارشل لاء میں مناسب حکومتی پوزیشن نہیں ملی تھی۔

یہ حقیقت اپنی جگہ اہم ہے سیاسی جماعتوں پر پابندیاں لگانے کے جس سلسلہ کا 1954ء میں کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان پر پابندی عائد کرنے سے آغاز ہوا تھا، ایوبی مارشل لاء نے اسے انجام پر پہنچاتے ہوئے بلا آخر مارشل لاء کے تحت تمام سیاسی جماعتوں تک پھیلا دیا۔ یہ قیاس کیا جاسکتا ہے اگر 1954ء کی حزب مخالف CPP پر پابندی کی بھرپور مخالفت کرتی تو ایوب خان کے لیے تمام سیاسی جماعتوں پر پابندی لگانے کا فیصلہ کرنا مشکل ہوتا۔ اکتوبر 1958ء میں سیاسی جماعتوں اور ان کے زیر اثر چلنے والی طلباء تنظیموں کو کام کرنے سے روک دیا گیا۔

> کراچی میں ایوب دور میں دوسری قومیتوں سے بڑی تعداد میں لوگ کراچی آنا شروع ہوگئے تھے اور پہلی دفعہ مہاجروں کو اپنی عددی طاقت کم ہوتی نظر آرہی تھی۔ یہی وجہ ہے کراچی میں نچلے درمیانے طبقہ نے فاطمہ جناح کا بھی ساتھ دیا تھا"۔

کمیشن نے اگست 1959ء کو یہ رپورٹ حکومت کو پیش کر دی۔ 12 اکتوبر 1960ء کو ''کورسز کے دورانیہ'' کے حوالے سے آرڈی نینس جاری کیا گیا۔ اس آرڈی نینس میں BSc, B.A کا دورانیہ دو سے بڑھا کر تین سال کر دیا گیا۔ باقی چار آرڈی نینس بالترتیب 18 ستمبر 1961ء، 3 نومبر 1961ء، 26 مئی 1962ء اور 7 جون 1962ء کو جاری کیے گئے۔

ان آرڈی نینسوں میں اساتذہ سمیت یونیورسٹی ملازمین کے حوالے سے تحریر تھا۔

دفعہ 3 جزو ''س'' کے مطابق ''یونیورسٹی کا ہر وہ ملازم پروفیسر یا لیکچرار قابل سزا ہے جو تخریبی سرگرمیوں میں حصہ لیتا ہو اور اس کی سرگرمیاں قومی سلامتی کے منافی ہوں''۔

دفعہ نمبر 4 جو جزو ''گ'' ....... ''یونیورسٹی کا کوئی ملازم یا استاد یونیورسٹی کی منظور شدہ تنظیموں کے علاوہ کسی ایسی تنظیم میں حصہ لیتا ہے جسے یونیورسٹی نے منظور نہیں کیا یا وائس چانسلر نے اس میں شامل ہونے کی اجازت نہیں دی تو اسے بھی سزا دی جاسکتی ہے''۔

دفعہ نمبر 3 کے تحت جس پروفیسر کے خلاف کارروائی ہوگی اسے درج ذیل سزائیں دی جاسکتی ہیں۔

الف) تنبیہہ (ب) ترقی روک لینا (ج) تنخواہ کاٹ لینا (د) ملازمت میں درجہ گرا دینا (ر) جبری ریٹائرمنٹ (ز) ملازمت سے سبکدوش کر دینا (س) ملازمت سے اخراج پر کسی عدالت سے رجوع کرنے کی اجازت نہ ہوگی.....

یاد رہے یہ وہ وقت ہے جب پروفیسروں اور لیکچراروں کی معقول تعداد دائیں اور بائیں بازو کے نظریات سے وابستہ تھی۔

جماعت اسلامی اور جمعیت علماء اسلام قیام پاکستان کے ابتدائی دنوں سے ہی ملک میں اپنے اپنے انداز کا اسلام نافذ کروانے کے لیے سرگرم عمل تھے۔ جماعت اسلامی کے دانشور سلیم منصور خالد، اپنے مضمون ''پاکستان میں طلبہ تحریکیں''، میں لکھتے ہیں

''نظام تعلیم کے لیے جمعیت کی جدوجہد کو تاسیس سے پابندی تک (23 دسمبر 1947ء تا 8 جنوری 1959ء) کے دور میں چار مرحلوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ تاسیس سے تیسرے سالانہ اجتماع (1950ء) تک کہ جس میں جمعیت نے نظام تعلیم کی تبدیلی کا احساس اپنے کارکنوں اور ارباب بست وکشاد کے ذہنوں میں پیدا کرنا شروع کیا پہلا مرحلہ تھا۔ دوسرے مرحلے میں جمعیت نے پاکستان میں اسلامی نظام تعلیم کے نفاذ کے لیے کوشش کرنے کو اپنے مقاصد میں پروگرام کے نکتے کی حیثیت سے شامل کیا۔ یہ مرحلہ دو سالوں پر محیط ہے۔ 1952ء میں پانچویں سالانہ اجتماع کے موقع پر جمعیت نے ملک میں اسلامی نظام تعلیم و تربیت نافذ کرنے کے لیے آٹھ نکاتی مطالبہ کیا اور پھر تقریباً تین سال تک وسیع پیمانے پر اس مطالبے کو عام کرنے کی مہم چلائی۔ یہ تیسرا مرحلہ تھا۔ 1955ء میں مرکزی شوریٰ کے ایک فیصلے کے مطابق آٹھ نکاتی مطالبہ کر دیا گیا اور اسلامی نظام تعلیم کے لیے پروگرام کے چوتھے نکتے کے مطابق اپنی سرگرمیاں جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ یہ پانچواں مرحلہ جمعیت پر پابندی لگنے (جنوری 1959ء) تک جاری رہا''۔

''....... اسلامی جمعیت طلبہ کے نزدیک موجودہ نظام تعلیم کی بنیادوں کو بدلے بغیر اور اس کی روح میں تغیر پیدا کئے بغیر اس کے ظاہری ڈھانچے کے رنگ وروغن کو بدل دینے سے ہمارا مطالبہ پورا نہیں ہوتا بلکہ وہ نظریہ تعلیم، مقصد تعلیم، اصول تعلیم، نصاب، اساتذہ اور ماحول تعلیم سب کو از سرتا پا اسلام کے مزاج کے مطابق بدلنے کا تقاضا کرتی ہے''۔

''....... پہلے سالانہ اجتماع (دسمبر 1948ء) منعقدہ لاہور میں مولانا امین احسن اصلاحی نے ''ہمارا نظام تعلیم پاکستان کے لیے سخت مہلک ہے'' کے موضوع پر تقریر کی اس تقریر میں انہوں نے موجودہ نظام تعلیم کی خرابیوں کو اجاگر کیا اور اسلامی نظام تعلیم کی ضرورت پر روشنی ڈالی''۔

جمعیت نے 1953ء میں جو آٹھ نکاتی مطالبات پیش کئے ان میں سے دو یہ تھے۔

1- ''عربی کو ابتدائی تعلیم کے پانچویں سال سے ثانوی زبان کی حیثیت سے لازم کر دیا جائے۔

2- خواتین کی تعلیم و تربیت کا علیحدہ انتظام کیا جائے اور انسانی معاشرے میں ان کی مخصوص ذمہ داریوں اور جداگانہ خدمتوں کے پیش نظر ان کے لیے علیحدہ نصاب تعلیم مرتب کئے جائیں۔

دسویں سالانہ اجتماع منعقدہ کراچی (1957ء) میں ہمارا نظام تعلیم کے موضوع پر ایک دفعہ پھر انتہائی فکر انگیز مذاکرے کا اہتمام کیا گیا۔ اس کی صدارت ممتاز قانون دان جناب

اے کے بروہی نے کی۔ مقررین میں ڈاکٹر بلگرامی، ڈاکٹر علی اشرف، ڈاکٹر امیر حسین صدیقی اور ڈاکٹر ایم ایم احمد شامل تھے۔ اس موقع پر ایک جلسہ عام بھی ہوا جس میں جمعیت کے سابق ناظم اعلیٰ خورشید احمد صاحب نے نظام تعلیم کے موضوع پر قرارداد پیش کرتے ہوئے اس کی تشریح وتوضیح میں ایک نہایت عالمانہ تقریر کی"۔

ان خیالات کے ہوتے ہوئے جماعت اسلامی یا اسلامی جمعیت طلباء کو بجا طور شریف کمیشن پر اعتراض تھا۔ یہ ایک الگ بحث ہے کہ اسلام کے نام پر جس قسم کی تعلیمی اصلاحات بعدازاں جمعیت کی مرضی ومنشا سے یحیٰی اور ضیاء الحق کے ادوار میں کی گئیں ان سے تعلیمی نظام پر کبھی نہ ٹھیک ہونے والے مہلک اثرات پڑے۔ اس کے باوجود کہ شریف کمیشن نے اسلام اور جدیدیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک انتہائی عالمانہ رپورٹ تیار کی تھی مگر علماء نے اسے محض سیاست کی نظر کردیا۔

مذہبی تعلیم، مکتب اور مدرسہ ایجوکیشن کے حوالے سے ہم نے چند اقتباسات انہیں صفحات میں شامل کیے ہیں ان اقتباسات کو دیکھ کر ان مذہبی جماعتوں پر حیرت ہوتی ہے جنہوں نے اپنا "تن من دھن" اس رپورٹ کی مخالفت میں کھپا دیا۔ اگر ساٹھ کی دہائی میں وہ مکتب ومدارس کے حوالے سے درج ذیل سفارشات پر عمل ہونے دیتے تو آج ہم جس فرقہ دارانہ اور دقیانوسی خیالات کی دلدل میں پھنس چکے ہیں اس سے بچ سکتے تھے۔

بائیں بازو سے تعلق رکھنے والے حضرات، پارٹی پر پابندی لگنے کے بعد آزاد پاکستان پارٹی، عوامی لیگ اور نیشنل عوامی پارٹی میں شامل ہوئے۔ یہ پارٹیاں ملکی سطح پر موثر حزبِ اختلاف کا کردار ادا کرنے کے قابل تو تھیں تاہم حقیقی عوامی مسائل پر ان کا ہوم ورک نہ ہونے کے برابر تھا۔ ان کے درمیان ایسے بہت سے لوگ تھے جو جدید تعلیم کی اہمیت سے کماحقہ آگاہ تھے تاہم اس وقت کی سیاسی قیادت نے ایوب خان کی حکومت کے ہر اقدام کی مخالفت کو اپنی سیاست کا بنیادی اصول بنایا ہوا تھا۔ سیاست اور سیاسی جماعتوں پر پابندی کے علاوہ مشہور کمیونسٹ راہنما حسن ناصر کی حکومتی تحویل میں ہلاکت کے بعد تو یہ فاصلے ویسے بھی خاصے بڑھ گئے تھے۔ دیکھا جائے تو شریف کمیشن کی سفارشات اور حکومتی آرڈی نینسوں کا مفصل جائزہ لے کر بہتر اقدامات کی حمایت اور نامناسب اقدامات کی مخالفت کی جاسکتی تھی۔ شریف کمیشن میں بہت سی ایسی سفارشات موجود تھیں جن میں روشن خیالی اور جدیدیت کو بدلتے وقت کے تقاضوں کو مدنظر رکھ کر ترتیب دیا گیا تھا تاہم ایسا نہ ہوا۔ کراچی سمیت (جہاں بائیں بازو کی قیادت نسبتاً زیادہ منظم تھی) ملک بھر میں بائیں بازو سے وابستہ لوگوں نے ان اصلاحات کو یکسر مسترد کرنے کی حمایت کی۔

مشہور صحافی، دانشور اور NSF کراچی کے سابق طالبعلم رہنما حسین نقی ان دنوں کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"1957ء اور 1958ء کے مارشل لاء کے نفاذ کے وقت تک این ایس ایف طالبعلموں کی ایک قوت بن چکی تھی۔ جب اکتوبر 1958ء میں پہلا ملک گیر مارشل لاء نافذ ہوا تو اس طالبعلم تنظیم کو بھی ایک سیاسی جماعت گردانتے ہوئے پابندی کا سامنا کرنا پڑا۔ 1962ء میں جب سیاسی جماعتوں پر عائد پابندیاں اٹھائی گئیں تو یہ طالبعلم تنظیم بھی ازخود بحال ہوگئی۔ اس دوران ایوب خان کا قائم کردہ تعلیمی کمیشن اپنی کارگزاری کر چکا تھا اور ایک ناخواندہ ملک میں گریجوایشن کا کورس دوسالہ کے بجائے تین سالہ ہو چکا تھا۔ جس نے طالبعلم برادری میں ملک کے طول وعرض میں سخت بے چینی پھیلائی ہوئی تھی۔ لیکن ابھی اسے نافذ ہوئے دو سال ہی ہوئے تھے کہ این ایس ایف نے یہ مطالبہ کردیا کہ تعلیم کو محدود کرنے والے اس فیصلہ کو واپس لیا جائے۔ رفتہ رفتہ ساری طالبعلم برادری اس پر متحد ہوکر سامنے آگئی اور تین سالہ ڈگری کورس ختم ہوئے"۔



ایوبی دور میں طلبا سیاست کے دو رہنما پروفیسر عزیز الدین احمد اور سید حسین نقی

دوسری طرف اسلامی جمعیت طلباء نے شریف کمیشن پر تنقید کرتے ہوئے کہا



سید منور حسن جنہوں نے کمیونسٹ پارٹی سے جماعت اسلامی تک کا سفر کیا۔

"اس رپورٹ کے لکھنے والوں کا جو ذہن سامنے آیا وہ ایک خالص مادہ پرستانہ اور مغربی تہذیب سے مرعوب ذہن تھا۔ ایسا ذہن جو مذہب کو اپنی مخصوص ضرورت کے تحت ایک حد تک تسلیم کرکے بقیہ زندگی کے عمل دخل سے روکنے کا قدیمی رویہ رکھتا ہے۔ چونکہ کمیشن کی رپورٹ تقریباً تمام کی تمام ہی اس انداز سے مرتب شدہ تھی کہ اگر اس میں مزید اضافے اور ترامیم کی جائیں تو اس رپورٹ کا وجود ہی باقی نہ رہتا۔ اس لیے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ رپورٹ کو فی الفور واپس لیا جائے اور نیا تعلیمی کمیشن مقرر کیا جائے۔

اس رپورٹ پر ملک کے طول وعرض میں 1962ء ستمبر سے



لے کر 64ء دسمبر تک بے پناہ ہنگامے ہوئے۔ ڈھاکہ، راج شاہی، چٹاگانگ اور کراچی کے کئی طلبہ اس رپورٹ کی مذمت کرتے ہوئے پولیس کی گولیوں کا شکار ہوئے اور 12 طلبہ کی جانیں ضائع ہوئیں۔ پنجاب یونیورسٹی یونین اور انٹر کالجیٹ باڈی کراچی نے کمیشن کی رپورٹ کا جائزہ

**"3 دسمبر 1962ء سے انٹر کالجیٹ باڈی کراچی اور اسلامی جمعیت طلبہ نے سہ سالہ ڈگری کورس کے خلاف مہم کا آغاز کیا جس میں این ایس ایف بھی اپنی قوت کے ساتھ شامل تھی۔**

لیتے ہوئے اس کے تاریک پہلوؤں پر کڑی گرفت کی اور اپنی تجاویز مرکزی و صوبائی وزارت تعلیم کو 31 جولائی 1962 کو ارسال کیں''۔

شریف تعلیمی کمیشن اور آرڈی نینسوں کے خلاف ان دو مختلف نوع دھاروں (ترقی پسندوں اور بنیاد پرستوں) میں بنیادی اختلافات کے باوجود قربت آنی ایک تاریخی جبر بن گیا۔ اس قربت کے ڈانڈے اساتذہ پر لگائی گئی پابندیوں سے ملتے ہیں۔ لاہور میں اسلامی جمعیت طلباء کے رہنما بارک اللہ کو ان اصلاحات کے خلاف ایک مشترکہ امیدوار بنایا گیا۔ لاہور میں بائیں بازو کی طالبعلم سیاست کے ایک اہم لیڈر اور بعد ازاں بننے والی NSO نیشنلسٹ سٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے روح رواں پروفیسر عزیز الدین احمد کے بقول ''اسلامی جمعیت طلبہ اکیلی ہی ان اقدامات کے خلاف تحریک میں موجود نہیں تھی بلکہ اس میں سارے لوگ شامل تھے۔ لاہور کی نسبت راولپنڈی اور کراچی میں زیادہ بڑی تعداد میں طلباء اس تحریک میں شامل ہوئے تھے۔ اس کی ایک وجہ کراچی کی بدلتی ہوئی صورتحال بھی تھی۔ کراچی میں ایوب دور میں دوسری قومیتوں سے بڑی تعداد میں لوگ کراچی آنا شروع ہو گئے تھے اور پہلی دفعہ مہاجروں کو اپنی عددی طاقت کم ہوتی نظر آ رہی تھی۔ یہی وجہ ہے کراچی میں نچلے درمیانے طبقہ نے فاطمہ جناح کا بھی ساتھ دیا تھا''۔ یہ بات پروفیسر عزیز الدین نے برگد کو دیئے گئے ایک انٹرویو میں کہی تھی جسے ہم نے پچھلے شمارے میں چھاپا تھا۔

گو کہ مشہور صحافی حسین نقی اس قربت سے انکاری ہیں اور ان کا خیال ہے یہ قربت اگر ہوگی بھی تو صرف پنجاب تک محدود ہوگی کیونکہ کراچی میں بائیں بازو والے، اسلامی جمعیت طلباء سے الگ، ایوبی تعلیمی اصلاحات کے خلاف سرگرم عمل رہے تھے۔ تاہم حقائق اس سے مختلف ہیں۔ پنجاب یونیورسٹی کے صد سالہ نمبر ''محور'' میں خالد سلیم منصور ان دنوں بارے لکھتے ہیں۔

''3 دسمبر 1962ء سے انٹر کا جیٹ باڈی کراچی اور اسلامی جمعیت طلبہ نے سہ سالہ ڈگری کورس کے خلاف مہم کا آغاز کیا جس میں این ایس ایف بھی اپنی قوت کے ساتھ شامل تھی۔ اس سے قبل 31 اگست 1962ء کو جمعیت کے دفتر کراچی میں طلبہ کی دونوں جماعتوں این ایس ایف اور اسلامی جمعیت طلبہ کی کانفرنس ہوئی تا کہ تین سالہ ڈگری کورس کے خلاف مہم کو تیز انداز سے چلایا جا سکے۔

## طلبہ تحریک کا ایک عہد کہ جو اپنے پیچھے لا تعداد سوالات چھوڑ گیا ہے۔




قدرت اللہ شہاب، ایک بیوروکریٹ کہ جس نے جماعت اور سرکار میں دوریاں ختم کیں۔

مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کہ جنہوں نے تعلیمی اداروں اور ثقافت و اسلامائز کرنے کے لیے طاقت کے مراکز سے رجوع کیا۔

......6 اکتوبر 1964ء کو کراچی میں طلبہ تحریک کا یہ دور ایک ''کل جماعتی طلبہ ایکشن کمیٹی'' کی قیادت میں شروع ہوا۔ اس ایکشن کمیٹی میں اسلامی جمعیت طلبہ اور این ایس ایف شامل تھیں۔ اگلے روز پولیس نے چھ اور طالبعلموں کو گرفتار

**ڈی جے کالج میں ایک احتجاجی جلسہ کیا۔ جس میں اسلامی جمعیت طلبہ کے ناظم سید منور حسن اور این ایس ایف کے صدر باقر عسکری نے خطاب کیا۔**

کر لیا۔ اس روز طالب علم کوئی جلوس تو نہ نکال سکے البتہ انہوں نے ڈی جے کالج میں ایک احتجاجی جلسہ کیا۔ جس میں اسلامی جمعیت طلبہ کے ناظم سید منور حسین اور این ایس ایف کے صدر باقر عسکری نے خطاب کیا۔ دونوں رہنماؤں نے طلبہ سے متحد ہونے کی اپیل کی اور پولیس تشدد کے حوالے سے طلبہ نے پورے ملک میں اپنے لیے رائے عامہ ہموار کرنے کی کوشش کی۔ ملک کے دونوں صوبوں میں اس طرح کے احتجاج ہوئے اور کئی روز تک مذمت کی قرار دادیں پاس ہوتی رہیں۔ 7 دسمبر کو کراچی میں مسلسل ہڑتال کی وجہ سے تعلیمی ادارے غیر معینہ مدت کے لیے بند کر دیئے گئے جبکہ صوبائی وزیر تعلیم نے یقین دلایا کہ 31 مارچ 1965ء کے بعد یونیورسٹی آرڈی نینس پر نظر ثانی کی جائے گی''۔

یوں شریف کمیشن کی اصلاحات کو کبھی نہ حل ہونے والے سیاسی مسئلہ میں الجھا دیا گیا۔ بائیں بازو کے کچھ رہنما آج بھی یہ سمجھتے ہیں انہوں نے اس طلباء تحریک کے ذریعے فوجی اقتدار کی بنیادیں ہلا دیں جبکہ اسلامی جمعیت طلباء کے دانشور یہ دعویٰ کرتے ہیں انہوں نے مادہ پرستانہ تعلیمی نظام لاگو کرنے کی کوششوں کو تہہ و بالا کر دیا۔ ان دونوں حلقوں کے دعوؤں کے باوجود اس تحریک نے درحقیقت تعلیم، اسلام، وطنیت اور روشن خیالی پر مبنی ایک حقیقی کوشش کو پنپنے سے روکا۔ بائیں بازو والے آمریت کی مخالفت کے ساتھ ساتھ مثبت تعلیمی سفارشات کی حمایت کر سکتے تھے جبکہ اسلام کا جو ماڈل ضیاء الحق کے دور میں اسلامی جمعیت طلباء اور جماعت اسلامی کے دانشوروں کی زیر قیادت تیار ہوا تھا اس پر تو آج خود جمعیت کے سنجیدہ کارکن بھی تنقید کر رہے ہیں۔

جہاں تک اساتذہ اور طلبہ تنظیموں کو سیاسی جماعتوں سے باقاعدہ تعلقات رکھنے سے روکنے کا مسئلہ ہے تو یہ ایک غور طلب مسئلہ ہے۔ اس طرح کے تعلقات طلبہ، تعلیمی اداروں اور خود اساتذہ کی پروفیشنل ترقی میں مثبت کردار ادا نہیں کر سکے۔ مخصوص نظریات سے طلبہ کا آگاہ ہونا ایک اور بات ہے جبکہ ان نظریات کے نفاذ کے لیے متحرک تنظیموں میں شمولیت اور جدوجہد کو تعلیمی اداروں سے الگ رکھ کر بھی چلایا جا سکتا تھا۔ تاہم ایسے راستے ڈھونڈنے کی اہمیت سے ہماری مذہبی و نظریاتی قیادتیں ناواقف تھیں۔

# اقتباسات: شریف کمیشن رپورٹ 1959ء

> قدرتی طور پر ہر انسان کا تعلیم پر کوئی نہ کوئی نقطہ نظر ہوتا ہے کیونکہ اس کا براہ راست تعلق اس کے بچوں سے ہے۔ کم و بیش تمام لوگوں کا موجودہ ناکامی پر اتفاق ہے لیکن ان کے حل پر کوئی ایک رائے نہیں۔

## دیباچہ

''چونکہ پاکستان کا موجودہ تعلیمی نظام، قوم کی ضروریات پوری کرنے کے لیے مناسب نہیں ہے۔ اس لیے ایک بااختیار ادارے کا قیام ضروری ہے جو لوگوں کی توقعات اور ملک کے سماجی و معاشی حالات کے مطابق تعلیمی نظام کا جائزہ لے اور مختلف سطح پر تعلیم کی مربوط اور متوازن ترقی یقینی بنانے کے لیے، تعلیمی نظام کی تشکیل نو اور تنظیم نو کے لیے سفارشات پیش کرے۔

آزادی سے لے کر اب تک متعدد مواقع پر، پاکستان کے تعلیمی نظام کا کئی مرتبہ تنقیدی جائزہ لیا جا چکا ہے۔ 1947ء میں پاکستان ایجوکیشنل کانفرنس، ایجوکیشنل کانفرنس 1951ء اور ایجوکیشنل ریفارمز فار ایسٹ پاکستان 1957ء نے ملک میں تعلیمی ترقی کے لیے جامع سفارشات پیش کیں۔ مزید برآں، پہلے پنجسالہ منصوبے کے ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کے باب اور چھ سالہ قومی منصوبہ برائے تعلیمی ترقی 1952ء میں قومی تعلیمی حالت کا مفصل جائزہ اور اس کی بہتری کے لیے تجاویز دی گئی تھیں۔

ان تمام اداروں اور افراد کی سفارشات کے ساتھ ساتھ دیگر ملکوں میں تعلیمی نظاموں کی اصلاح کی تحریکوں اور پاکستان کی سماجی و معاشی ضرورتوں کی رپورٹیں کمیشن کے پاس موجود ہیں۔ اس سارے علمی مواد سے ہمیں اپنے نتائج اخذ کرنے میں بڑی مدد ملی ہے۔

اسی طرح یہاں پر ایڈوائزری بورڈ آف ایجوکیشن، دی کونسل آف ٹیکنیکل ایجوکیشن اور انٹر یونیورسٹی بورڈ کی سفارشات بھی موجود ہیں۔ بہت سے غیر ملکی ماہرین نے بھی پاکستان کے تعلیمی نظام کا جائزہ لیا ہے اور اصلاحات کے لیے سفارشات کی ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستانی ماہرین تعلیم نے بہت سی بین الاقوامی کانفرنسوں، سیمیناروں اور میٹنگوں میں شریک ہو کر اس سلسلہ میں خاصا استفادہ کیا ہے۔

اوپر بیان کیے گئے علمی مواد، کمیشن کے روبرو پیش کئے گئے خیالات، پُر کئے گئے سوالناموں اور جمع کرائی گئی یادداشتوں میں ہمارے موجودہ تعلیمی نظام کی بنیادی خامیوں اور ناکامیوں پر اعلیٰ سطحی اتفاق موجود ہے۔ ہم اس رپورٹ کو اپنے معاشرے کی اقدار اور توقعات سے ہم آہنگ کرتے ہوئے یہ بات بھی مدنظر رکھتے ہیں کہ یہ رپورٹ ان مقاصد کو متعارف کروائے جو کسی تعلیمی نظام کے لیے لازم و ملزوم ہوتے ہیں۔ ہمیں یقین ہے موجود وسائل میں رہتے ہوئے ضروری تنظیم نو اور قومی ضروریات اور توقعات پورا کرنے میں یہ سفارشات مدد دیں گی۔

یہ کام مکمل کرنے کے لیے کمیشن کو دیئے گئے مختصر وقت، زیر نظر مسائل کے حوالے سے پیچیدگیاں اور اس موضوع پر لاتعداد تحقیقی تحریروں کو مدنظر رکھتے ہوئے کمیشن نے موجودہ قومی ضروریات کے لیے ناگزیر مسائل کا انتخاب کر کے خود کو عمومی پالیسی تک محدود رکھا۔

اس رپورٹ میں ہم نے نہ تو تعلیم پر ''علمی کام'' کرنے کا تاثر دیا ہے اور نہ ہی تمام تر تعلیمی مسائل سے نبرد آزما ہونے کا دعویٰ موجود ہے۔ اس میں محض یہ بتایا گیا ہے ہمارے تعلیمی نظام میں کیا کمزوریاں اور خامیاں ہیں اور انہیں کیسے ختم کیا جا سکتا ہے۔ اس رپورٹ کی سفارشات ہمارے تعلیمی نظام کی بہتر تعمیر کے لیے بنیادیں فراہم کرتی ہیں۔ جہاں مناسب سمجھا گیا، وہاں سفارشات کے نفاذ کے لیے ضروری ''اقدامات'' بھی تجویز کیے گئے ہیں۔

قدرتی طور پر ہر انسان کا تعلیم پر کوئی نہ کوئی نقطہ نظر ہوتا ہے کیونکہ اس کا براہ راست تعلق اس کے بچوں سے ہے۔ کم و بیش تمام لوگوں کا موجودہ ناکامی پر اتفاق ہے لیکن ان کے حل پر کوئی ایک رائے نہیں۔ کمیشن نے ایسے طریقہ کار تجویز کیے ہیں جو اس کی ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں گے۔

دستخط

ایس ایم شریف (چیئرمین)

ایم کے آفریدی

اے ایف ایم عبدالحق

ممتاز الدین احمد

آر ایم ای یوانگ

ایم اے راشد

ایم ریاض الدین صدیقی

ایس حامد شاہ

اے ایف اطوار حسین

بی اے ہاشمی

محمد خان

تعلیم اور تعلیمی مینجمنٹ اب ایک الگ مضمون سمجھا جاتا ہے۔ کمیشن نے یہ ضروری گردانا کہ تعلیم بارے مفصل پروگرام ترتیب دینے کے لیے جس قدر وسیع سطح پر ماہرین سے رابطہ ہو سکے وہ ضرور کرنا چاہیے۔ اس مقصد کے لیے کمیشن نے چار مختلف ماہرین کو وقتاً فوقتاً اپنے اجلاسوں میں مدعو کیا۔ ان میں ڈاکٹر ہرمن بی ویلز، صدر انڈیانا یونیورسٹی بلومنگٹن امریکہ اور ڈاکٹر وان سی وارنر صدر کارنیج انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، پٹسبرگ امریکہ کو پاکستان سے باہر سے مدعو کیا گیا جبکہ دو پاکستانی سکالرز میں ڈاکٹر آئی ایچ قریشی وزیٹنگ پروفیسر کولمبیا یونیورسٹی نیویارک اور ڈاکٹر عبدالسلام (جنہیں بعد ازاں نوبل پرائز بھی ملا) پروفیسر آف اپلائیڈ ریاضی، امپیریل کالج لندن شامل تھے۔ کمیشن کو فورڈ فاؤنڈیشن کی طرف سے جو مدد ملی، اسی وجہ سے بیرونی ممالک سے ماہرین کو بلوایا جا سکا۔

## شریف کمیشن

### اقتباسات

''ہمارے خیال میں روحانی اور اخلاقی اقدار، تعمیر قوم، سائنسی ترقی، شہری حقوق سے آگہی اور عوامی خدمت جیسے تصورات کو ہمارے تعلیمی نظام کے ذریعے تحریک اور رہنمائی ملنی چاہیے۔ ان (تصورات) کو مدنظر رکھتے ہوئے تجاویز مرتب کی گئی ہیں۔ ہم نے ان خیالات کو پیش کرتے ہوئے حقیقت پسند رہنے کی کوشش کی ہے اور ایسے اہداف کا تعین کیا ہے جن کے بارے میں ہمیں یقین ہے کہ موجودہ وسائل میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ ہم نے تعلیمی عمل اور اس کی شکلوں پر پیچیدہ فلسفیانہ خیالات کی بحث سے بچنے کی کوشش کی ہے۔ ہم نے عملی اور غیر مبہم ہونے کی کوشش کی ہے اگرچہ بعض موقعوں پر عمومیت ناگزیر تھی۔ تاہم یہ (عمومیت) عملی اور ٹھوس اقدامات کے لیے عقلی بنیاد فراہم کرنے کے لیے استعمال کی گئی ہے۔ ہمارے تجویز شدہ لائحہ عمل کے نفاذ کے لیے بہت تفصیلی کام کی ضرورت ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ (یہ سفارشات) ہمارے تعلیمی نظام کو سمت دیں گی اگرچہ وقتاً فوقتاً ان کے اہداف کی ترتیب نو اور تشخیص نو ناگزیر حد تک ضروری ہوگی۔''

بڑے سائز پر **370** صفحات پر مشتمل یہ رپورٹ اپنی جگہ ایک الگ مطالعہ ہے۔ اعلیٰ پرائمری اور ثانوی تعلیم کے علاوہ انجینئرنگ، زراعت، مذہب، فن و ہنر، آرٹ و ثقافتی ورثہ، مدارس سبھی پر سفارشات موجود ہیں۔ یہ حصہ پرائمری، ثانوی اور مذہبی تعلیم بارے رپورٹ کی پیش کردہ سفارشات پر مشتمل ہے۔ علاوہ ازیں ان صفحات میں آرٹ اور ثقافتی ورثہ، تعلیم نسواں، اور مکتب اور مدرسہ ایجوکیشن کے ضمن میں دی جانے والی سفارشات کا خلاصہ بھی شامل ہے۔ ویسے تو رپورٹ میں بہت سے دیگر اہم موضوعات بارے بھی سفارشات موجود ہیں تاہم رسالہ کی طوالت کے ڈر سے صرف انہیں پر اکتفا کیا جارہا ہے۔ تاکہ آپ حضرات پر واضح ہوسکے کہ رپورٹ میں کس قدر تفاصیل موجود تھیں۔

1- بعض اوقات یونیورسٹی سے پہلے تک کا تعلیمی عرصہ 12 سال سے بڑھا کر 13 سال کرنے کی بات کی جاتی ہے، جیسا کہ تعلیمی طور پر ترقی یافتہ ملکوں میں ہے۔ لیکن ہمیں پہلے اپنی ترجیحات طے کرنی پڑیں گی۔ ہم سمجھتے ہیں سردست ہم ایسی تبدیلی کی سفارش نہیں کرسکتے۔ اس لیے ہم نے اس مفروضے پر کام کیا ہے کہ اعلیٰ تعلیم میں داخلے سے پہلے سکول میں بارہ سال کی تعلیم دی جانی چاہیے۔ اس کا مطلب ہے ایک طالبعلم کو 17 یا 18 سال میں یونیورسٹی آنا چاہیے۔ اس عمر میں طالبعلم سے آزادی اور ذمہ داری سے کام کرنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔

2- یونیورسٹی کی سطح پر معیار (تعلیم) بہتر بنانے کے لیے ہم بیچلرز ڈگری کی مدت دو سال سے بڑھا کر تین سال مقرر کرنے کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔ درحقیقت ڈگری کورس، اعلیٰ سطح کی صلاحیتوں کا وسیع تعلیمی عمل ہے جو دو سال میں تسلی بخش طریقے سے ختم نہیں کیا جاسکتا۔ یہ نظام تعلیمی طور پر ترقی یافتہ ملکوں میں پہلے سے ہی رائج ہے۔ کچھ مغربی ممالک میں درحقیقت یہی کورس چار سال کا ہے۔

3- ہم تجویز دیتے ہیں خارجی (External) امتحانات کو

> یہ استاد کا حق ہے وہ اپنی علمی قابلیت کے میدان میں سچائی کی تعلیم دے جس طرح وہ سچ کو سمجھتا ہے۔ وہ نئے سچ اور نئے مفاہیم کی اس بات سے قطع نظر ہو کر تلاش کرے کہ یہ تلاش اسے کہاں لے جائے گی اور اس کی دریافتوں سے کسی پر کیا اثرات پڑتے ہیں۔

تعلیمی سال میں باقاعدگی سے ہونے والے اندرونی امتحانات، جو اساتذہ لیں اور جانچ کریں، سے مستحکم کیا جائے۔ ہم ہر پیپر کے کل کا 25 فیصد اندرونی جائزے کے لیے

> پاس ہونے کے لیے ہر مضمون میں 40% جبکہ مجموعی طور پر 50% نمبروں کا حصول، سیکنڈ ڈویژن کے لیے 60% اور فرسٹ ڈویژن کے لیے 70% نمبروں کا حصول لازمی قرار دیا جائے۔

مختص کرنے کی تجویز دیتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے ہم سفارش کرتے ہیں کہ یہ وقتاً فوقتاً (Periodic) امتحان اساتذہ خود لیں۔ یہ امتحان ہر مہینے ہونے چاہئیں یا پھر کچھ کم وقفے سے۔ جوابی پیپر واپس کیے جانے چاہئیں نتیجہ سمیت، ہر طالبعلم کے لیے ایک مجموعی ریکارڈ بنا چاہیے۔ اندرونی اور بیرونی دونوں امتحانوں میں پاس ہونے کے لیے نمبر حاصل کرنا ہر طالبعلم کی ذمہ داری ہونی چاہیے۔ تاہم طالبعلم کا مقام اور تعلیمی درجہ حاصل کیے گئے کل نمبروں سے طے ہونا چاہیے۔

4- پاس ہونے کے لیے ہر مضمون میں 40% جبکہ مجموعی طور پر 50% نمبروں کا حصول، سیکنڈ ڈویژن کے لیے 60% اور فرسٹ ڈویژن کے لیے 70% نمبروں کا حصول لازمی قرار دیا جائے۔ فیل ہونے والے طالبعلم کو صرف ایک مزید موقع دیا جائے۔ اگر طالبعلموں کو اس طرح محنت کا عادی بنایا جائے، تو ہم سمجھتے ہیں پاس ہونے والوں کی تعداد بڑھ جائے گی۔

5- کمیشن کی خواہش ہے وہ علمی آزادی کے اصول کی اولیت پر زور دے۔ علمی آزادی کا دفاع علمی ذمہ داری کے متوازی اصول پر زور دے کر کیا جاسکتا ہے۔ استاد کا کام سکھانا، تشریح کرنا، مطالعہ کرنا اور علم کو ممکنہ حد تک حاصل

کرنے کی کوشش کرنا ہے۔ اس عمل میں استاد کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے نہ کہ اس کے راستے میں رکاوٹیں۔ نئے خیالات اکثر عوام اور صاحب اختیار دونوں میں غیر مقبول ہوتے ہیں۔ علمی آزادی استاد کو افسران بالا کی ناراضگی اور سماج کی من مرضی سے بچا سکتی ہے۔ یہ استاد کا حق ہے وہ اپنی علمی قابلیت کے میدان میں سچائی کی تعلیم دے۔ جس طرح وہ سچ کو سمجھتا ہے۔ وہ نئے سچ اور نئے مفاہیم، کی اس بات سے قطع نظر ہو کر تلاش کرے کہ یہ تلاش اسے کہاں لے جائے گی اور اس کی دریافتوں سے کسی پر کیا اثرات پڑتے ہیں۔

6- ملازمت میں ترقی بہتر کارکردگی کی بنیاد پر ملنا چاہیے نا کہ محض مدت ملازمت میں دوسروں سے سبقت کی وجہ سے۔ اس وقت، ترقی مدت ملازمت میں سبقت کی بنیاد پر دی جاتی ہے اس صورتحال میں علمی شہرت یا منفرد کارکردگی کی بجائے عرصہ ملازمت زیادہ اہمیت کا حامل بن جاتا ہے۔

7- پروفیسر کی علمی استطاعت میں بڑھوتری بارے چانسلر کی مقرر کردہ کمیٹی فیصلہ کرے جس کے اراکین ایمانداری کی شہرت رکھنے والے مشہور ماہر تعلیم ہوں جبکہ چیئرمین وائس چانسلر ہوں۔ دوسرے سٹاف کے لیے قدر پیمائی کا کام سالانہ بنیادوں پر وائس چانسلر کی مقرر کردہ کمیٹی کرے جس کے چیئرمین صدر شعبہ ہوں جبکہ اراکین میں دو ماہر مضمون شامل ہوں۔

8- آزادی کے بعد، بدقسمتی سے نہ تو استاد کلاس روم یا لیبارٹری اور نہ ہی طالبعلم مطالعے کی طرف جا سکے۔ سیاستدانوں نے اس وقت سے تعلیمی برادری کو فروعی سیاست میں گھسیٹنے کی مسلسل کوشش کی ہے۔ اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے، سیاستدان نے طالبعلم کو طالبعلم، طالبعلم کو استاد اور جب کبھی اسکے مفادات کے لیے ضروری ہوا، دونوں کو یونیورسٹی کی قانونی اتھارٹی کے خلاف استعمال کیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہے استاد کا اثر ختم ہو گیا ہے اور آہستہ آہستہ علم سے وابستہ لوگوں کا مورال (حوصلہ) کم ہو رہا ہے۔

9- اگر ہمارے کالجوں اور یونیورسٹیوں کو اپنا وقار برقرار رکھنا ہے اور اپنی ذمہ داریاں نبھانی ہیں تو ہمیں تعلیمی اداروں سے فروعی سیاست روکنی ہوگی۔ اس وقت اساتذہ اور طلباء دونوں کو آزادی کی عظیم جدوجہد کو پیش نظر رکھنا چاہیے۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں کے لیے بہت ضروری ہے کہ ایسے

**پرائمری سکول کے ہر ٹیچر کو اسلامیات پڑھانے میں مہارت حاصل ہونی چاہیے اس کو پرائمری کلاسز کے اساتذہ کی تربیت کے نصاب کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہیے۔**

عناصر سے چھٹکارا حاصل کریں جو علم سے غیر وابستہ لوگوں کے مذموم مقاصد کے لیے کام کر رہے ہیں۔ پاکستان کے مستقبل کے لیے تعلیمی اداروں میں اختلافات احتجاج اور سیاسی سرگرمیاں نقصان دہ ہیں۔ اب یہ ذمہ داری ہمارے کالجوں اور یونیورسٹیوں پر ہے وہ اپنے وسائل اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان مرد و زن پر صرف کریں جو اپنے علم اور مہارتوں کی مدد سے فلاحی ریاست کی تعمیر کریں۔ یہ سیاسی سرگرمیوں سے ممکن نہیں۔ بلکہ اس کے لیے سماجی خدمت کے میدان میں علمی اور نفع بخش کام پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ اس رپورٹ کے دوسرے حصے میں ہم نے ایسے کاموں کا خاکہ بنایا ہے جو ہمارے طالبعلموں کو کرنے چاہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر وہ ان کاموں کو جوش و خروش اور نوجوانی کی طاقت سے کرتے ہیں، تو قوم شکریے اور احسان مندی کے ساتھ طالبعلموں کے کردار کو یاد کرے گی۔ جیسے انہوں نے قیام پاکستان کے لیے اپنا کردار ادا کیا تھا۔

10- انسانی تاریخ میں مذہب سب سے زیادہ اہم تہذیبی قوت رہا ہے۔ مذہبی عقیدے نے انسانی زندگی کو نیکی اور پارسائی کی راہ دکھلائی۔ خدا کے لیے تکریم نہ صرف انانیت اور خودنمائی کو ختم کرتی ہے بلکہ متانت اور عاجزی پیدا کرتی ہے۔ مذہب سے ملنے والا حیرانگی کا احساس ان جانے کی تلاش کو تحریک دیتا ہے جو تمام سائنسی علم کی بنیاد ہے۔ مذہبی تعلیمات نے نہ صرف انسانی زندگی کو بدل دیا ہے بلکہ انسانوں کو بے انتہا قربانی اور ہمت کے جذبے بھی دیئے ہیں۔ خدا سے محبت نے انسانی جذبوں کو وقار بخشا، جمالیاتی قدر کا شعور دیا اور انسان کو اپنی حس لطیف کو تسکین دینے کے لیے فن کی تخلیق کے لیے اکسایا۔ مذہب سے تعلق نے افراد کو ہم آہنگ گروہوں میں اکٹھا کیا ہے جن میں اخوت کا احساس مسلسل بڑھ رہا ہے، جو انسانوں کو آخر کار آفاقی انسانی بھائی چارے کی طرف لے کر جا رہا ہے۔ پس مذہب نے انسانوں کو قابل قدر خواب اور امنگیں دی ہیں۔ اس نے انسانی زندگی کے ہر پہلو کا احاطہ کیا ہے اور یہ ایسی طاقت ہے جو معاشرے کو ہم آہنگی عطا کر سکتی ہے۔

11- تعلیم کا مقصد افراد کی جسمانی، نفسیاتی اور روحانی، مربوط اور متوازن نشوونما ہے۔ تعلیم کو لازمی طور پر اپنی تہذیب کی بنیادی اخلاقی و روحانی اقدار سے سولینی چاہیے۔ یہ کام کرنے کے لیے، تعلیمی نظام کو مذہب کے انسان دوست اثرات سے ضرور استفادہ کرنا چاہیے۔ جو ہمدردی کا دائرہ کار بڑھاتا ہے، برداشت قربانی اور سماجی خدمت کی آبیاری کرتا ہے اور انسانوں کے بیچ مصنوعی فرق کو ختم کرتا ہے۔ خدا اور پیغمبر کی تکریم، روح پر بہت قابل ستائش اثرات ڈالتی ہے اور انسان کا دماغ انسانی وحدت کے لیے تیار کرتی ہے۔

12- ہمارے ملک میں لوگ مختلف مذہبی عقیدوں کے مطابق زندگی گزارتے ہیں اور یہ عقائد انہی حضرات تک محدود رہنے چاہیں جو انہیں مانتے ہیں۔ چونکہ ہماری آبادی کی اکثریت مسلمان ہے اس لیے اسلام کی یہاں خاص اہمیت ہے۔ درحقیقت پاکستان کو اپنی روح کو پانے کے لیے اسلام، اس کے اصولوں اور نظریات سے فیضان حاصل کرنا چاہیے۔

13- البتہ مذہبی تعلیم کو ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ اس کے کارن ملک میں سماجی اور سیاسی وحدت کو نقصان پہنچنے کا خدشہ بڑھے۔ دوسری طرف اس کو برداشت کا رویہ اور باہمی اعتماد کے ذریعے انسانیت کو اکٹھا کر کے، وحدت کو مضبوط کرنا چاہیے۔ مذہب کو کٹڑپن، تو ہم پرستی یا رواج کے طور پر پیش نہیں کرنا چاہیے۔ مذہبی تعلیم میں فروعی اور فرقہ وارانہ اختلافات کی کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے۔

14- اس طرح کی مذہبی تعلیم بالکل اسلام کی اصل روح کے عین مطابق ہوگی جو انسانی بھائی چارے، انصاف، برابری اور عظمت انسانیت کے رویے پروان چڑھاتے ہوئے عملی نیکی اور اچھائی پر زور دے۔

15- بچوں کی اخلاقی اور عقلی نشوونما کا عمل، عمر اور تعلیم کے مختلف مرحلوں پر بدلتا رہتا ہے۔ اس لیے مذہبی تعلیم اس طریقے سے دی جانی چاہیے کہ وہ (تعلیمی ماحول) کے مختلف مدارج کے تقاضوں کو پورا کرتی ہو۔

16- ہم یقین سے کہتے ہیں اسلامیات کے مضمون کا مطالعہ پہلے آٹھ سالوں تک تمام مسلمان طالبعلموں کے لیے لازمی ہونا چاہیے۔ یعنی پرائمری اور مڈل کی سطح پر۔ اس کا نصاب اور تدریس درج ذیل خطوط پر ہونی چاہیے۔

i- تمام (مسلمان) طالبعلموں کو قرآن پاک پڑھنا سیکھنا چاہیے (ناظرہ)

ii- کلمہ اور نماز میں پڑھی جانے والی سورتوں کا سیکھنا تمام مسلمان بچوں کے لیے لازمی ہونا چاہیے۔ قرآن پاک سے کچھ مزید سورتیں بھی یاد کرائی جائیں۔

iii- قرآن پاک اور رسول پاکؐ کی زندگی اور تاریخ سے کہانیوں اور مثالوں کو اسلامیات کی کتابوں کا حصہ بنایا جائے۔ ان کو اخلاقی اور روحانی نصیحتوں کو اجاگر کرنا چاہیے اور یہ آسان اور دلچسپ زبان میں لکھی جائیں۔

iv- قرآن پاک سے آیات کا مجموعہ جو سماجی اخلاقی اور عملی نیک سیرتی پیدا کرے، کو بھی نصاب میں شامل کیا جاسکتا ہے اور یہ ترجمے کے ساتھ پڑھائی جاسکتی ہیں۔ طالبعلموں کو ایسی آیات کی تلاوت کے قابل ہونا چاہیے۔ کمیشن نے نوٹ کیا ہے عیسائی (مشنری) سکولوں میں مسلمان طالبعلموں کے لیے مذہبی تعلیم کا معاملہ پہلے ہی اعلیٰ حکومتی سطح پر زیر غور ہے۔

17- ایک بچہ کی شخصیت پر ابتدائی سالوں میں اساتذہ اور والدین کی ذاتی زندگی گہرا اثر ڈالتی ہے۔ اس لیے اساتذہ کو چاہیے وہ خود فرض شناسی، ایمانداری، انسانی عظمت کا نمونہ بنیں تا کہ بچے ان سے سیکھ سکیں۔

18- پرائمری سکولوں کی ایک بڑی تعداد میں صرف ایک استاد تمام پانچ کلاسوں کو پڑھانے کے ذمہ دار ہیں جس کی وجہ سپیشلسٹ اساتذہ کی کمی ہے۔ اس کی کوئی خاص ضرورت بھی نہیں۔ پرائمری سکول کے ہر ٹیچر کو اسلامیات پڑھانے میں مہارت حاصل ہونی چاہیے اس کو پرائمری کلاسز کے اساتذہ کی تربیت کے نصاب کا لازمی حصہ بنایا جانا چاہیے۔

19- مذہبی تعلیم کلاس نہم اور دہم میں ایک اختیاری مضمون کے طور پر متعارف کروائی جائے۔ گیارھویں اور بارھویں جماعت میں اسے اسلامیات کے ترکیبی مضمون کے طور پر شامل کیا جائے جو اختیاری مضمون کی حیثیت سے پیش کیا جائے۔

ایک یونیورسٹی کا کام علم و تحقیق کو ترقی دینا ہے۔ ہماری یونیورسٹیوں کو اس لیے دوسرے مضامین کی طرح اسلامیات میں انتہائی قابل افراد پیدا کرنے چاہئیں۔ اس علمی استعداد کا معیار بیرون ملک یونیورسٹیوں کے برابر ہونا چاہیے۔

20- تحقیق کرنے اور اسلام کو اس کی اصل روح کے مطابق پیش کرنے کے لیے یونیورسٹی اساتذہ کو مذاہب کے تقابلی مطالعہ اور تاریخ عالم پر عبور ہونا چاہیے تا کہ وہ واضح طور پر اور اعتماد سے نوع انسانی کی سماجی، معاشی اور سیاسی زندگی میں مذہب کے اہم کردار کو دکھا سکے۔ اسلام کی تعبیر کرتے ہوئے اسے اس طرح پیش کرے جو جدید زمانے کے تقاضوں پر پورا اترتا ہو۔ اس کا تقاضا ہے کہ رفتہ رفتہ اسلامی ضابطہ حیات کا قرآن پاک اور پیغمبرؐ کی زندگی کی روشنی میں تنقیدی جائزہ لیا جائے۔ اصل لبرل اور عقلی اسلام کی مناسب تعبیر ہونی چاہیے اور اس کا اطلاق جدید زمانے کے مسائل پر کیا جائے۔

21- طالبعلموں کو قرآن پاک اور حدیث کی مکمل فہم دینی چاہیے۔ اسلامی فقہ، تاریخ اور فلسفہ نصاب کا حصہ ہونے چاہئیں۔

22- اسلامیات کے سکالرز اور اساتذہ کو ایک معروضی نقطہ نظر اپنانا چاہیے اور جدید سائنس (نیچرل اور سوشل) کی روح اور طریقوں کو سمجھنا چاہیے تا کہ اس کا اسلام کی تعبیر میں آزادانہ استعمال کیا جاسکے۔ اسلامیات پڑھانے والے اپنے مضمون کے تسلی بخش علم کے ساتھ ساتھ کسی ایک سوشل سائنس جیسے اکنامکس، فلسفہ، سوشیالوجی، سائیکالوجی یا پولیٹیکل سائنس میں بھی مہارت رکھتے ہوں اور نیچرل سائنسز کے اصولوں اور طریقوں کو سمجھنے کے قابل ہوں تو اسے ایک مستحسن قدم سمجھا جائے گا۔

> بطور دین فطرت، اسلام کو سائنسی دریافتوں اور ایجادوں سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ سائنسی فکر کی ترقی، فطرت کے قوانین کے وجدان کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ جن کی مدد سے ان مظاہر کو انسانی بھلائی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ وہ کام ہے جس کی ذمہ داری اسلام ہر مسلمان پر ڈالتا ہے۔

23- یونیورسٹی میں ٹیچنگ ڈیپارٹمنٹس کے علاوہ ملک کے دونوں حصوں میں انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک سٹڈیز قائم کیا جائے جس میں نہ صرف جدید لائبریری اور محققین ہوں بلکہ اس میں تحقیق کی اشاعت کا بندوبست بھی ہو۔

24- اسلام کے مختلف پہلوؤں پر تحقیقاتی کام کرنے کے لیے یونیورسٹیوں اور تحقیقی اداروں میں بڑی تعداد میں وظائف دیئے جائیں۔ اس طرح اسلامیات کے یونیورسٹی اساتذہ کو مسلم اور غیر مسلم ممالک کے دوروں پر بھیجا جائے اور خیالات کے مروج رجحانات کے بارے میں براہ راست معلومات لی جائیں۔

25- ہمارے نزدیک اسلامی تعلیمات کو زندگی سے ہم آہنگ کرنا بہت اہم کام ہے۔ بطور دین فطرت، اسلام کو سائنسی دریافتوں اور ایجادوں سے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔ سائنسی فکر کی ترقی، فطرت کے قوانین کے وجدان کے علاوہ اور کچھ نہیں۔ جن کی مدد سے ان مظاہر کو انسانی بھلائی کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ یہ وہ کام ہے جس کی ذمہ داری اسلام ہر مسلمان پر ڈالتا ہے۔ قرآن پاک میں فطرت اور تاریخ کی سمجھ کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہ انسانی علم کے وسیع ہونے کا اعتراف ہے اور اسلام کے بنیادی اصولوں کی مختلف جگہوں پر اطلاق کی تعبیر۔ اسلام کی روح ابدی اور ہمیشہ رہنے والی ہے۔ اس کو ہر دور کے تقاضوں کے مطابق نئے اظہار اور ادراک کے طریقے ڈھونڈنے چاہئیں۔

26- تمام اسلامی مفکرین کے لیے بڑا کام بنیادی اسلامی اقدار اور جدید سائنسوں کو یکجا کرنا ہے۔ تعلیم یافتہ لوگوں کو لازمی طور پر اسلام کو سمجھنا چاہیے اور اس کی اقدار کا احترام اور ان پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ ان حضرات کے لیے اسلام کا مطالعہ بہت اہم ہے۔ ان کو صرف عربی کا ہی مکمل علم حاصل نہیں کرنا چاہیے بلکہ انہیں جدید سائنسوں (نیچرل اور سوشل) میں بھی ماہر ہونا چاہیے۔ انہیں مسلسل زمانے کے تقاضوں کو جانتے رہنا چاہیے تا کہ عملی زندگی کی بدلتی ضرورتوں کو پورا کیا جاسکے۔ انہیں چاہیے تیزی سے بڑھتے ہوئے انسانی علم کی روشنی میں اسلام کو جدید حقیقی مسائل حل کرنے کے لیے قابل عمل رہنما بنائیں۔

27- مغربی دنیا میں اسلامی فکر، تاریخ، تہذیب اور کلچر سمجھنے کی بڑی ضرورت محسوس کی جارہی ہے۔ پاکستان ان سب

موضوعات کے لیے بہت مناسب جگہ ہے۔ اس لیے یہ بہت ضروری ہے کچھ یونیورسٹیاں اور تحقیقی ادارے اعلیٰ علمی معیار حاصل کریں تاکہ باہر سے بہت اچھے دانشوروں کے لیے یہاں دلچسپی پیدا کی جاسکے۔

**نصاب کو پانچ سے دس سال کے بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق بنایا جائے اور اس کا تعلق روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے عام واقعات سے جوڑا جائے۔**

28- ابتدائی سطح پر لازمی تعلیم اچھے شہری اور ہنرمند افرادی قوت پیدا کرنے کے لیے ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے کم سے کم آٹھ سال سکول جانا ضروری ہے۔

29- پانچ سال کی لازمی تعلیم کا حصول اگلے دس سالوں کا ہدف ہونا چاہیے جبکہ آٹھ سالوں کی لازمی تعلیم اگلے پندرہ سالوں کا۔

30- پرائمری تعلیم اس طرح آراستہ کی جائے:

(اے) بچے کو خواندہ بنانا۔

(بی) اس کی شخصیت، اخلاقی، جسمانی اور ذہنی تمام پہلوؤں کی نشوونما کرنا۔

سی) اسے بنیادی علم اور مہارتیں دینا جو ایک فرد اور شہری کے لیے ضروری ہیں جو اسے مزید تعلیم کے لیے تیار کریں۔

ڈی) شہری ذمہ داری کا احساس، ملک کے لیے محبت اور ترقی میں حصہ لینے کی خواہش پیدا کرنا۔

ای) محنت، ایمانداری اور تجسس کی عادتیں پیدا کرنا۔

ایف) جسمانی سرگرمیوں اور کھیلوں کے لیے پسندیدگی پیدا کرنا۔

31- نصاب کو پانچ سے دس سال کے بچوں کی ذہنی صلاحیتوں کے مطابق بنایا جائے اور اس کا تعلق روزمرہ زندگی میں پیش آنے والے عام واقعات سے جوڑا جائے۔ یہ لازمی طور پر اس طرح ڈیزائن کیا جائے کہ اس سے پڑھنے، لکھنے، حساب کتاب کرنے اور اپنے ہاتھ سے کام کرنے میں عار نہ سمجھنے سمیت حب الوطنی کی ترویج و ترقی ہو۔

32- تدریسی طریقوں کو، جہاں تک ممکن ہو، سرگرمی یا پراجیکٹ کی اپروچ سے ہم آہنگ کیا جائے اور اساتذہ کو مقامی چیزیں بطور تدریسی اعانات (Teaching Aids) استعمال کرنی چاہئیں۔

33- پرائمری تعلیم کے دوران مذہبی تعلیم لازمی مضمون ہونا چاہیے۔

34- قومی زبانوں کی تدریس پر مناسب توجہ دینی چاہیے۔

35- سکول ایک اجتماع میں قومی ترانے کے ساتھ دن کا آغاز کرے اور باقاعدہ وقفوں سے قومی پرچم سربلند کیا جائے اور حب الوطنی اور کردار سازی پر تقریریں کی جائیں۔

36- سکول کی عمارت اور فرنیچر سادہ، کم قیمت اور مقامی طرز زندگی اور تعمیراتی سامان کے مطابق ہوں۔ لیکن یہ صاف ستھرے اور مرمت شدہ ہوں۔ تعمیرات کے لیے منصوبے ایک معیار کے مطابق ہوں۔

37- لازمی تعلیم کے پروگرام کو چلانے کے لیے مطلوب اساتذہ اور تربیتی سہولتوں کی مقدار اور معیار کے تعین کے لیے فوری طور پر ایک سروے کرایا جائے۔ غیر تربیت یافتہ اور غیر تسلی بخش تربیت یافتہ اساتذہ کے لیے تجدیدی کورس منعقد کیے جائیں۔

38- خواتین پرائمری سطح، خصوصاً پہلی سے تیسری جماعت تک پڑھانے کے لیے سب سے زیادہ قابلیت کی حامل ہیں۔ ملازمت کی شرائط قابل قبول بنانے اور رہائشی سہولتیں بہم پہنچانے سے خواتین اساتذہ کو بھرتی کرنے کے اقدامات کیے جائیں۔

39- تنخواہوں کے سکیل اس قدر مناسب ہوں کہ پرائمری سکول ٹیچر مناسب زندگی گزار سکے۔ اس کے علاوہ اسے صحت، انشورنس اور ریٹائرمنٹ کے فوائد بہم پہنچانے کو بھی توجہ دینی چاہیے۔

40- استاد کے معاشرے میں مقام کو بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر، چند اعلیٰ قابلیت کے اساتذہ کو ہر سال کسی تقریب کے موقع پر صدر یا گورنر سے ملوایا جائے اور اس واقعے کی وسیع پیمانے پر تشہیر کی جائے۔

41- لازمی پرائمری تعلیم کے لیے جس قدر فنڈز درکار ہیں وہ گورنمنٹ اور کیمونٹی کی خصوصی کوششوں سے اکٹھے کیے جاسکتے ہیں۔ یہ اس طرح اکٹھے کیے جانے چاہئیں۔

(اے) زمین، عمارت، فرنیچر، تدریسی اشیاء اور اساتذہ کے لیے رہائش کیمونٹی کو دینی چاہیے۔ تاہم حکومت اگر چاہے تو معاشی طور پر پسماندہ علاقوں میں آبادیوں کو مالیاتی معاونت دے سکتی ہے۔

(بی) دیکھ بھال کے لیے:

i- مغربی پاکستان میں ضلعی سطح اور مشرقی پاکستان میں تحصیل کی سطح پر سپیشل ٹیکس کے ذریعے 50%۔

ii- صوبائی حکومتوں کے جنرل ریونیو سے 50% ہر ضلع اور تحصیل گرانٹ مختص کرتے ہوئے پسماندہ اور غریب علاقوں کو ضرورت کے حساب سے توجہ دی جائے۔

42- اعلیٰ حکومتی سطح پر لازمی پرائمری تعلیم پر مسلسل توجہ دی جائے۔ ہر صوبے میں گورنر یا اس کے مقرر کردہ شخص کی سربراہی میں، پانچ یا چھ اراکین، جن میں سے دو افراد کا تجربہ ریونیو اور ٹیکس قوانین میں ہو، پر مشتمل کمیٹی بنائی جائے تاکہ وہ لازمی تعلیم کے لیے درکار اضافی فنڈز کے حصول کا طریقہ تلاش کرسکیں۔

43- صوبائی کمیٹیوں کے مابین کوآرڈی نیشن اور جائزے کے لیے ایک اور اعلیٰ سطحی کمیٹی قائم کی جائے جس میں صوبوں کے گورنر، وفاقی وزیر تعلیم اور دیگر حضرات شامل ہوں۔ سنٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی ہر سال صدر کو پیش رفت سے آگاہ کرے۔

44- تعلیمی ضروریات پورا کرنے کے لیے ایک لمبے عرصے تک اضافی فنڈز کی ضرورت ہوگی اور وزارت تعلیم میں کسی افسر، جو ریونیو اور ٹیکس قوانین سے واقف ہو، کی سربراہی میں ایک سیکشن قائم کیا جائے، جو ان مسائل کا حل نکالے۔

45- پرائمری تعلیم کا انتظام و انصرام مقامی حکومتوں کو نہ دیا جائے۔ اس کی تنظیم مغربی پاکستان میں ضلعی سطح جبکہ مشرقی پاکستان میں تحصیل کی سطح پر کی جائے۔ یہ انتظام پرائمری ایجوکیشن کمیٹیوں کے ذریعے چلایا جائے۔ ہر کمیٹی ڈپٹی کمشنر سب ڈویژنل آفیسر یا ان کے مقرر کردہ (بطور چیئرمین) اور چار دوسرے اراکین جن میں ڈسٹرکٹ سب ڈویژنل ایجوکیشن آفیسر پر مشتمل ہو۔

46- ڈسٹرکٹ / سب ڈویژن کی تقسیم 10-15 ہزار افراد کے

پنچوں میں کی جائے جو ایک علاقے یا یونین کمیٹی میں ہو۔ جس کے تین ممبران ہوں جن کو ڈپٹی کمشنر/سب ڈویژنل آفیسر نامزد کرے اور جن کو کچھ اختیارات جیسے اساتذہ کا تبادلہ کرنا وغیرہ سونپے جائیں۔

47- ثانوی تعلیم بذات خود ایک مکمل درجہ تسلیم کی جانی چاہئے اور اسکا انتظام ایک علیحدہ اور منظم علمی اور انتظامی یونٹ کی حیثیت سے کیا جائے جو ہر لحاظ سے یونیورسٹی سے الگ ہو۔

48- اے) ثانوی تعلیم کو ایک بچے کی بطور محب وطن فرد اور شہری، مکمل تربیت کرنی چاہیے۔

بی) تاکہ اسے سماجی ترقی، سائنسی ایجادات و دریافت کا مطلب سمجھنے سے مستفید ہونے اور معاشی طور پر نفع بخش سرگرمیوں میں شرکت کے قابل بنایا جاسکے۔

دورانیہ اور مدارج: ثانوی تعلیم نویں اور دسویں جماعت پر مشتمل ہونی چاہئے لیکن جب تک کہ لازمی تعلیم پہلی آٹھ جماعتوں تک بہم نہ پہنچائی جائے، چھٹی سے آٹھویں تک کو ثانوی تعلیم کا حصہ سمجھا جائے۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کو تین درجوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ جماعت ششم تا ہشتم (مڈل)، جماعت نہم اور دہم (ثانوی)، جماعت گیارہ اور بارہ (اعلیٰ ثانوی)۔

49- ثانوی درجے کا نصاب لازمی طور پر دو اصولوں پر مبنی ہونا چاہئے۔ اول، تیزی سے ترقی کرتے ہوئے معاشرے میں نصاب کو یوں ترتیب دیا جائے طالبعلم ایک نفع بخش اور خوشگوار زندگی گزارنے کیلئے کچھ لازمی مضامین پر مشتمل علم ضرور حاصل کرے۔ دوم، اس میں کچھ اضافی مضامین اور تربیتی پروگرام شامل ہونا چاہئے تاکہ طالب علم کو ایک خاص پیشے اور ملازمت کے لئے تیار کیا جاسکے۔

50- مختلف مضامین کو مختلف سطح کی اہمیت دیتے ہوئے تدریسی وقت مختص کیا جائے اور مختلف سالوں میں مختلف درجوں پر ان کی تدریس شروع اور ختم کی جائے۔ ہائی سکول سے نکلتے وقت ہر طالب علم کو 10-12 مضامین کی بنیادی سمجھ ہونی چاہئے۔

51- اے) قومی زبان، سائنس اور ریاضی کی تدریس پر زیادہ زور دینا چاہئے۔ انگریزی کو استعمال آنے والی زبان کے طور پر پڑھایا جائے نہ کہ لٹریچر کے طور پر۔

**ایک استاد کو مناسب تنخواہ کا تقاضا کرنے کا حق حاصل ہے تاکہ اسے پرائیوٹ ٹیوشن نہ ڈھونڈنی پڑے اور وہ اپنی پوری توجہ سکول کو دے سکے۔**

**کلاسیکل اور پاکستانی زبانوں کے اساتذہ کی تنخواہیں دوسرے مضامین کے اساتذہ کے برابر ہونی چاہیں۔**

بی) مذہبی تعلیم چھٹی سے آٹھویں تک لازمی ہونی چاہئے اور اس کے بعد اختیاری۔

سی) دستی آلات کا استعمال چھٹی سے آٹھویں تک لازمی بنایا جائے۔

52- عملی ہنر (فنون) کے کورس ثانوی تعلیم میں متعارف کروائے جائیں۔ ان میں دھات کا کام، لکڑی کا کام، زرعی باغات، ٹائپ رائٹنگ، ہوم اکنامکس (لڑکیوں کیلئے) اور دیگر فنی مہارتوں کے کورسز شامل ہیں۔

53- دس سالوں میں جہاں تک ممکن ہو ثانوی سکولوں کو کثیر المقاصد سکولوں میں بدل دیا جائے جہاں مختلف قسم کے کورسز ہوں۔

54- نظام امتحانات کی تنظیم نو کی جائے اور طالب علم کو سرٹیفکیٹ کارگردگی کی بنیاد پر دیا جائے جس میں (a) یونیورسٹی/بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے انعقاد کردہ عام امتحان کل نمبروں کا 75 فیصد اور، طالب علم کا سکول ریکارڈ، بشمول ضمنی امتحانات کے نتائج اور روزمرہ کردار اور عادتوں کا جائزہ، کل نمبروں کے بقیہ 25% پر مشتمل ہو۔

55- ضمنی امتحانات کے نتائج کا ریکارڈ استاد کو رکھنا چاہئے جو نوٹس بورڈ پر آویزاں کیا جائے اور طالب علم کی پراگرس رپوٹ میں لکھا جائے۔

56- وہ امیدوار جو کوئی باقاعدہ کورس کسی منظور شدہ ادارے میں نہیں پڑھتے ان کے لئے علیحدہ امتحانات یعنی خارجی امتحانات کا انعقاد کیا جائے۔

57- نصاب کا عمومی طریقہ کار، لازمی مضامین کیلئے، خارجی امتحانات میں بالکل ایسے ہو جیسے ریگولر طالب علموں کے لئے ہے۔

کلاسیکل اور پاکستانی زبانوں میں امتحانات: 1- ان امتحانات کیلئے نصابوں کا موجود ضروریات کے مطابق جائزہ لیا جانا چاہئے۔

58- اعلیٰ سطح امتحان کے لئے جب امیدوار چھوٹی سطح کا امتحان پاس کر چکا ہو تو یہ تعلیمی اعتماد اور کردار سازی کو لمبے عرصے کے مطالعے کے ذریعے یقینی بنائے گا۔

59- ملازمت شروع کرنے سے اساتذہ کی مناسب تربیت کی جائے۔ ان کے علم اور پیشہ ورانہ مہارتوں کو وقفے وقفے سے بہتر بنایا جائے۔ انہیں اتنی تنخواہ دی جائے جس سے وہ مناسب معیارِ زندگی حاصل کر لیں۔ ان کی عزت نفس کو مجروح نہ ہونے دیا جائے۔ وہ یہ محسوس کریں ان کا تعلق ایک ایسے پیشے سے ہے جہاں مسلسل ترقی کے مواقع میسر ہیں۔ وہ اس قابل ہوں کہ اپنا کردار حالات کے مطابق تشکیل دے سکیں۔

60- اساتذہ، طالب علموں کو براہ راست خدمات بہم پہنچاتے ہیں اور والدین جو اس عمل کا خرچ برداشت کرتے ہیں، کو حق حاصل ہے وہ اسے مستعد بنانے کا تقاضا کریں۔ دوسری طرف ایک استاد کو مناسب تنخواہ کا تقاضا کرنے کا حق حاصل ہے تاکہ اسے پرائیوٹ ٹیوشن نہ ڈھونڈنی پڑے اور وہ اپنی پوری توجہ سکول کو دے سکے۔ اساتذہ کی تنخواہ کے سکیل کا تعلق کام کی نوعیت سے ہونا چاہئے جو وہ طالب علموں اور معاشرے کے لئے کرتے ہیں۔ تنخواہ کے سکیل کا تعلق دوسری خدمات کے ساتھ نہیں ہونا چاہئے اور وہ مسلسل بڑھائے جانے چاہیں۔

61- کلاسیکل اور پاکستانی زبانوں کے اساتذہ کی تنخواہیں دوسرے مضامین کے اساتذہ کے برابر ہونی چاہیں۔

62- مناسب علمی استعداد کے حامل اساتذہ کی دستیابی بہت اہم کام ہے۔ اس لیئے سکولوں کو باقاعدہ کرنے کے قوانین پر سختی سے عمل کیا جائے۔

63- چھٹی سے آٹھویں جماعت تک کے اساتذہ کو سال میں پورے 225 دن کام کرنا چاہیئے۔ ان میں اتوار کی چھٹیاں، تعطیلات اور امتحانات شامل نہیں ہیں۔ ان کو تقریباً 1600 گھنٹے درج ذیل تقسیم کے مطابق کام کرنا چاہئے۔ تدریس

800، نیوٹوریل 200، رہنمائی 100، اسباق کی تیاری 300، اور تصحیحی کام 200۔

64- استاد کی کارکردگی کا ایک جامع بنیاد پر جائزہ لینا چاہیئے۔ اس جائزے میں نئے تدریسی طریقوں کو استعمال کرنے کا شوق، طلباء کے امتحانی نتائج، اسکا اخلاقی اثر، اسکے کیمونٹی میں تعلقات اور سکول کو بہتر کرنے کی کوششیں شامل ہوں۔ اس جائزہ کی بنیاد پر اساتذہ کو سپیشل ترقیاں اور تیز رفتار پروموشن دی جائے۔ جن کی کارکردگی غیر تسلی بخش ہو ان کی سالانہ ترقی اور پروموشن روک لی جانی چاہیئے

65- صدر یا صوبوں کے گورنر اچھے اساتذہ کو ہر سال مناسب مواقع پر خصوصی انعام دیکر انکی حوصلہ افزائی کریں۔

66- محکمہ تعلیم کے افسران، سکولوں اور کمیونٹیوں کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہیئے کو وہ پڑھائی کے کمروں کے علاوہ سائنس لیبارٹریوں، ورکشاپوں، لائبریریوں، باغات، کھیل کے میدانوں اور متعلقہ آلات جیسی سہولات بہم پہنچائیں تاکہ کثیر المقاصدی ثانوی سکولوں کے مختلف مضامین میں تعلیم دینے کے مقاصد پورے ہوسکیں۔

67- استاد، ان سہولیات کے حصول کیلئے، سکولوں کو کیمونٹی کے قریب لاکر اور علاقے میں سکولوں کو ساجی ترقی کا مرکز بنا کر کمیونٹی کا اعتماد اور تعاون حاصل کریں۔

68- اساتذہ اور طالب علم باہر کی دیواروں، عمارت کی مرمت اور باغات بنانے جیسی سہولیات بہم پہنچانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ استاد کو یہ کام کرنے میں بذات خود مثال قائم کرنی چاہیئے۔

69- تعلیمی سیشن کو 40 ہفتوں پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ جس میں گرمی کی دو مہینے، سردی کے دس دن اور موسم بہار کے 14 دن کی تعطیلات بھی ہوں۔ طالب علموں کو ہر سال 1400 کلاسیں پڑھنی چاہئیں۔

70- تعلیمی سیشن کے دوران ہر قسم کی خلل اندازی ختم کی جائے۔ اساتذہ کو سال میں 5 دن سے زیادہ اتفاقی چھٹی نہ دی جائے اور یہ بھی ہنگامی حالت میں۔

71- استاد کو بچوں کے کردار کے بارے مکمل علم ہونا چاہیئے تاکہ وہ اسے تعلیمی اور پیشہ ورانہ رھنمائی دے سکے۔ ثانوی اور پیشہ ورانہ سکولوں میں کیئریر آفیسر تعینات کیئے جائیں جو

**ملازمت شروع کرنے سے اساتذہ کی مناسب تربیت کی جائے۔ ان کے علم اور پیشہ ورانہ مہارتوں کو وقفے وقفے سے بہتر بنایا جائے۔ انہیں اتنی تنخواہ دی جائے جس سے وہ مناسب معیارِ زندگی حاصل کرلیں۔ ان کی عزت نفس کو مجروح نہ ہونے دیا جائے۔ وہ یہ محسوس کریں ان کا تعلق ایک ایسے پیشے سے ہے جہاں مسلسل ترقی کے مواقع میسر ہیں۔**

اساتذہ کو اپنے کام سرانجام دینے میں معاونت دیں۔

72- ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیم (xi - xii) کے انتظام و انصرام اور ترقی کی ذمہ داری بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن پر ہوگی۔ ان بورڈز کا علاقائی دائرہ اختیار مختلف ملکی یونیورسٹیوں کی تعلیم کے مطابق ہونا چاہیئے۔ پشاور، حیدرآباد، راج شاہی میں نئے بورڈ قائم کئے جائیں جبکہ کراچی اور ڈھاکہ بورڈ کا دائرہ اختیار اعلیٰ ثانوی سطح تک بڑھایا جائے۔

73- اے) بورڈز آف سیکنڈری ایجوکیشن میں حتمی اختیار کنٹرولنگ اتھارٹی کے پاس ہونا چاہیئے۔ جو صوبے کا گورنر ہو اور مرکزی سطح پر وزیر تعلیم ہونا چاہیئے۔

بی) بورڈ 10-12 اراکین اور ایک چیرمین پر مشتمل بااختیار ادارہ ہونا چاہیئے جس کو کنٹرولنگ اتھارٹی کل وقتی بنیاد پر مقرر کرے۔ اس میں یونیورسٹی، محکمہ تعلیم، سکولوں اور کالجوں اور تعلیم سے مخلص ایک یا دو شہری شامل کئے جائیں۔

سی) ایک اکیڈمک کمیٹی بنائی جائے جو بورڈ کی تعلیمی معاملات پر رہنمائی کرے۔

74- پچھلے تیس سالوں میں ایک ثانوی سکول کے اخراجات، تین سے چار گناہ بڑھ چکے ہیں جبکہ فیس، گرانٹ اور پرائیویٹ عطیات کی مدد میں آنے والے وسائل اتنے ہی ہیں۔ اسکا نتیجہ آمدنی اور خرچ میں بڑھتا ہوا فاصلہ ہے۔ نئے سکولوں کی ایک بڑی تعداد دباؤ کے نتیجے میں بنی ہے اور مستعد سٹاف اور مناسب سہولتوں کے بغیر ہے۔ نا مناسب مالی وسائل اور بلا سوچے سمجھے سکولوں میں اضافہ نے تعلیمی معیار میں کمی کی ہے اور کئی طرح کی غلط روایات کو جنم دیا ہے۔

75- جیسے جیسے زندگی کے اخراجات بڑھتے ہیں اساتذہ کو زیادہ بہتر تنخواہوں کی توقع اور ضرورت ہوتی ہے۔ سکول کے مناسب فنڈز کی موجودگی کو لازم بنانے کے لیے حل ڈھونڈنے چاہئیں۔

76- سکول کی آمدنی تین ذرائع سے پیدا کی جائے۔ فیس، منتظمین کی اعانت اور حکومت کی گرانٹ۔ ان تینوں ذرائع کا مناسب حصہ اس ترتیب سے بنتا ہے۔ فیس 60%، اعانت 20%، اور حکومتی امداد 20%۔

77- حکومت کی طرف سے 20% گرانٹ اسی صورت میں دی جائے اگر سکول سٹاف عمارات اور آلات کی بنیادی ضروریات پوری کرتا ہے اور مختلف مضامین پر تعلیم دیتا ہے۔

78- جو سکول آلات اور سٹاف کے بہتر معیار کو قائم کریں انہیں سپیشل سکول قرار دیا جائے اور انکے لئے اضافی گرانٹس مختص کی جائیں۔

79- رہائشی سکولوں کو اپنی فیسیں کم کرنے کیلئے مالیاتی معاونت دی جائے۔ گرانٹس دینے کیلئے انہیں سپیشل سکولز کی طرح سمجھا جائے۔

80- غیر سرکاری سکولوں کی تعلیمی نظام میں بڑی اہمیت حاصل ہے اور انہیں لازمی طور پر اس قابل بنایا جائے وہ لیڈرشپ کا کردار ادا کریں۔ ان کا انتظام ایسے افراد کے ہاتھوں میں ہونا چاہیئے جو سکول اور کمیٹی کو قریب لاسکیں اور پرائیویٹ امداد حاصل کرسکیں۔ انہیں اس قدر وقف فنڈ بنانا چاہیے جس سے سالانہ 15,000 سے 20000 کی آمدنی ہو سکے یا پھر انہیں قوانین کے مطابق سکول چلانے کی اپنی قابلیت کا کوئی اور ثبوت دینا چاہیئے۔

81- دیکھ بھال پر خرچ کے علاوہ، سکولوں کو عمارت اور زمین کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ حکومت قانون سازی کے ذریعے ترقیاتی اتھارٹیز کے لئے سکول اور عمارات تعمیر کرنے کیلئے زمین مختص کرنا لازمی قرار دے۔ اس کا خرچ ترقیاتی چارجز کے ذمے ڈالا جائے۔ تنگ جگہوں پر متعلقہ حکام کو چاہیے وہ سکولوں کی تزئین کریں یا سپیشل ٹیکس لگا کر نئے سکول تعمیر کریں۔

82- اس وقت ضروری ہو گیا ہے موجودہ بہت سارے غیر معیاری سکولوں کو ایک مناسب معیار پر لائے اور کچھ اعلیٰ معیار کے ادارے بھی قائم کئے جائیں۔ اس کام کی تکمیل

> غیر سرکاری سکولوں کی تعلیمی نظام میں بڑی اہمیت حاصل ہے اور انہیں لازمی طور پر اس قابل بنایا جائے وہ لیڈرشپ کا کردار ادا کریں۔ ان کا انتظام ایسے افراد کے ہاتھوں میں ہونا چاہئیے جو سکول اور کمیٹی کو قریب لاسکیں اور پرائیویٹ امداد حاصل کرسکیں۔

کے لئے چھوٹی اور لمبی مدت کے پروگرام زور وشور سے فوراً شروع کئے جائیں۔

**(i)** اس وقت ضروری تربیت یافتہ سٹاف کی تعداد کا تعین کرنے کیلئے سروے کئے جائیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے تربیتی کالج کھولے جائیں۔

**(ii)** سائنس ٹیچرز کی تربیت کے لئے ''قلیل المدتی'' کورسز شروع کئے جائیں۔

83- ثانوی سکولوں کی بحالی کیلئے بہت سارے فنڈز کی ضرورت ہوگی۔ تعلیمی حکام کو چاہیے فوری طور پر آدھے سکولوں کا ہدف طے کریں۔ اس معاملے میں حکومت فوراً سبقت لے اور اپنے سکولوں کی بحالی شروع کر دے۔ اسی دوران مقامی حکومتیں اور پرائیویٹ ادارے سکولوں کی بحالی شروع کریں۔

84- کچھ سکولوں کو اعلیٰ معیار کے سکولوں کے طور پر ترقی دیں۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر حضرات ہر ضلع میں، آبادی اور وسائل کے مطابق کچھ سکولوں کا انتخاب کریں اور انہیں اعلیٰ معیار کے کثیر المقاصد سکول بنائیں۔ ان میں سے ہر سکول کی انتظامیہ تین سے پانچ لوگوں کے ایک چھوٹے بورڈ کے پاس ہو۔ اس بورڈ کے چیئرمین کمشنر یا ڈپٹی کمشنر یا پھر ان کا کوئی نمائندہ ہو۔

85- ذہین، لیکن غریب طالب علموں کو اچھے وظائف دیئے جائیں۔

86- ان علاقوں میں جہاں کسی خاص سطح تک مفت تعلیم مہیا کر دی گئی ہے وہاں حکومت کو یا تو ان رعایتوں کو جاری رکھنا چاہئے یا ان علاقوں کو خصوصی وظائف دینے چاہئیں۔

87- رہائشی سکولوں کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے انکی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ ترقی کریں۔ ان میں پورے ملک سے طالب علموں کو آنا چاہئے۔ ان میں ہر علاقے کے طالب علموں کی نمائندگی کی کوشش کی جائے۔ مستقبل قریب میں ہر صوبے میں ایک رہائشی پری کیڈٹ سکول قائم کیا جائے۔

88- رہائشی سکولوں کی ترقی کے لئے ایک مرحلہ وار پروگرام تیار کیا جائے۔ وقت کے ساتھ ساتھ ہر ڈویژن میں کم سے کم ایک رہائشی سکول قائم ہو۔ آغاز کے لئے ایک نیا رہائشی سکول ہر صوبے میں فوری طور پر کھولا جائے۔

89- صرف کاروباری مقاصد اور اپنے مالکوں کو منافع پہنچانے کی غرض سے سکول کھولنے کی اجازت نہ دی جائے۔ ہر سکول رجسٹرڈ ہو اور اساتذہ، عمارات اور آلات جیسی سہولیات مہیا کرے۔ یہ اپنا پراسپکٹس اور آمدنی و اخراجات کی تفصیل شائع کرے۔ سکول کی فیس محکمہ تعلیم کے حکام سے منظور شدہ ہو۔ پرائیویٹ سکولوں کی رجسٹریشن کے لئے سارے پاکستان میں قانون نافذ کیا جائے۔

90- دونوں صوبوں میں ہائی سکولوں کی مرحلہ وار کثیر المقاصد سکولوں میں تبدیلی کو ممکن بنایا جائے۔ اس سلسلہ میں تعلیمی معیار بہتر بنانے اور تعلیمی پروگراموں کی بنیادی تنظیم نو اور سٹاف، کی تربیت کیلئے تعلیمی توسیعی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ ان مراکز کا کام قومی اہمیت کا حاصل ہے اور اسے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مل کر چلانا چاہئے۔

90- تعلیم کی اصلاح اور توسیع کے لیے اس رپورٹ کے دوسرے ابواب میں دی گئی تجاویز دیتے ہوئے لڑکوں اور لڑکیوں کی ضروریات کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

91- مستقبل کے پرائمری تعلیم کے توسیعی منصوبوں میں لڑکیوں کو مہیا کی جانے والی سہولتیں لڑکوں کو دی گئی سہولتوں کے برابر ہونی چاہئیں۔

92- خواتین مزاجاً چھوٹے بچوں کی بہتر کردار سازی کے لیے نہایت موزوں ہیں اس لیے پہلی تین کلاسوں میں چھوٹے بچوں اور بچیوں کو پڑھانے کی ذمہ داری، جیسے جیسے خواتین اساتذہ دستیاب ہوں، کو دے دی جائیں۔

93- تعلیم کی مڈل کی سطح (کلاس ششم سے ہشتم) اور مابعد، لڑکیوں میں خصوصی جسمانی وروحانی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں کے اکثر مضامین ایک سے ہوں گے تاہم لڑکیوں کی خصوصی دلچسپی والے مضامین جیسے ابتدائی گھرداری، ٹیلرنگ، کپڑے کی بنت، کھانا پکانا اور گھر اور بچے کی نگہداشت، متعارف کروائے جائیں۔

94- آٹھویں جماعت کے بعد، پہلی بڑی تبدیلی آتی ہے اور یہاں پر لڑکیوں کی دلچسپیاں اور رجحانات دیکھتے ہوئے ان کی پیشہ وارانہ یا ثانوی سکولوں میں داخلے کے لیے رہنمائی کی جائے۔

95- تکنیکی اور پیشہ وارانہ سکولوں کو روزگار کمانے والی خواتین کے لیے کورسز تیار کرنے چاہئیں۔ ان میں ایسے کورسز جو دفاعی خدمات سے متعلق اور ہنگامی حالات میں فائدہ مند ہوں، مثلاً بطور سیکریٹری، ٹیلی کمیونیکیشن اور الیکٹرونک آلات کا استعمال اور چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کی ڈرائیونگ وغیرہ شامل ہے۔

96- ہمارے ہائی سکولوں میں متنوع مضامین جیسے ٹائپنگ، سٹینو گرافی اور حساب کتاب، فوڈ ٹیکنالوجی بشمول غذائی توانین، کیٹرنگ اور کنٹین مینجمنٹ، ٹیکسٹائل ڈیزائن اور انٹیریئر ڈیکوریشن، میں تعلیم دی جانی چاہیے۔

97- خواتین کے کالجوں اور یونیورسٹیوں کے علاوہ اضافی اداروں میں ہوم اکنامکس پڑھانے کو بہت ترجیح دی جانی

**رہائشی سکولوں کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے انکی ہر ممکن حوصلہ افزائی کی جائے تا کہ وہ ترقی کریں۔ ان میں پورے ملک سے طالب علموں کو آنا چاہئے۔**

چاہیے۔ ہوم اکنامکس کورس کو ڈیزائن کرتے وقت اس بات کو توجہ دی جانی چاہیے یہ ہمارے ملک میں موجود حالات کے مطابق ہو۔

98- کمرشل کالجوں اور شعبوں کو خواتین کی آفس مینجمنٹ اور دفتری کام میں تربیت کے خصوصی انتظام کرنے چاہیں کیونکہ خواتین ان کاموں کے لیے بہت موزوں ہیں۔ ان اداروں کو خواتین کے لیے اکاؤنٹنگ اور کمرشل بینکنگ میں بھی تربیتی مواقع دینے چاہئیں۔

99- نرسنگ کے شعبہ میں، جس کی یہاں خاصی ضرورت ہے، قومی سطح پر ہسپتال کے بستروں کے حساب سے نرسوں کا تناسب بڑھانے کی ضرورت ہے۔

100- خواتین کالجوں اور ہماری یونیورسٹیوں میں آرٹ کے شعبہ جات قائم کئے جائیں اتنی جلدی میں جتنا کہ وسائل موجود ہوں۔

101- لڑکیوں کے ہر سکول اور کالج میں کھیل کے میدان اور جسمانی تربیت دینے کے لیے تربیت یافتہ ڈائریکٹر ہو، غیر نصابی سرگرمیاں گرل گائیڈ (بلیو برڈز) پرائمری سکولوں میں اور ثانوی سکولوں میں جونیئر ریڈ کراس اور گرل گائیڈز پر مشتمل ہوں۔

102- سکولوں اور کالجوں میں رہائش پذیر خواتین کو صاف اور آرام دہ رہائش اور اچھی خوراک بہم پہنچائی جائے۔

103- بیوی اور ماں ہونے کے ناتے، عورتوں کی بنیادی ذمہ داری گھر اور سکول میں اپنے بچوں کی کردار سازی اور تعلیم کا بندوست کرنا ہے۔

104- یونیورسٹی کی ڈگری کے ہر امیدوار کو ایک منظم قومی پروگرام میں شرکت کرنی چاہیے۔ خواتین کے معاملے میں، نرسنگ، تعلیم بالغاں یا سول یا ملٹری ڈیفنس سب سے زیادہ موزوں ہیں۔

105- ادب: 1- (اے) اچھے ادبی کام کی انعامات، خطابات اور مصنفین کو پنشن دے کر حوصلہ افزائی کی جائے، (بی) ادب کی ترویج کے لیے بنائے گئے بورڈز اور مصنفین کی انجمنوں، جیسے رائٹرز گلڈ، کو مناسب رعائتیں دی جائے، (سی) مصنفین کے مفاد کو تحفظ دینے کے لیے کاپی رائٹ ایکٹ کو موثر بنایا جائے۔

106 نیشنل بک سنٹر، لاہور اور ڈھاکہ میں قائم کیے جائیں۔ جو کتابوں کی ڈیمانڈ، دستیابی، اشاعت، فروخت، رائلٹی اور معاوضے کے حوالے سے عوام کو معلومات بہم پہنچائیں۔

107- حکومت کے قرض سے ایک نیشنل بک ٹرسٹ قائم کیا جائے جو درسی کتابوں کے علاوہ سستی کتابیں چھاپے اور شائع کرے۔

108- عوام کے فائدے کے لیے مقامی حکومتیں اپنے فنڈز سے لائبریریاں اور ریڈنگ روم بنوائیں۔ لائبریری کے انچارج کی تربیت کا بندوبست کیا جائے اور لائبریری کے کام کرنے کے لیے مناسب حالات کو یقینی بنایا جائے۔

فائن آرٹس: 1- لوگ اچھے فن کی تحسین براہ راست تجربے کے ذریعے کرتے ہیں نا کہ اس کے بارے میں چند ضابطے سیکھنے سے۔

109- سکولوں اور کالجوں کی عمارتیں، آرکیٹیکچر ڈیزائن سے لے کر باغات کے نقشوں تک، دلکش اور خوش کن ہونے چاہئیں۔ دیواروں پر آویزاں تصویریں اور ڈرل کے دوران بجائی جانے والی موسیقی کا انتخاب احتیاط سے کیا جائے۔

110- فائن آرٹ کی کئی صورتوں میں نمائش ہونی چاہیے۔ بڑے قصبوں اور شہروں میں مستقل نمائشیں جبکہ دور دراز دیہاتوں کے لیے سفری نمائشوں کا اہتمام کیا جائے۔

111- موجودہ ڈرائنگ ماسٹر جو کہ درمیانے درجے کا استاد ہے، کی جگہ پر مناسب تعلیم یافتہ آرٹ ٹیچر رکھے جائیں جو اپنے طلباء میں آرٹ کا صحیح فہم اجاگر کر سکیں اور انہیں آرٹ کی بنیادی تعلیم دے سکیں۔

112- کالجوں اور یونیورسٹیوں میں فائن آرٹس کے شعبے کھولے جائیں اور مضبوط کیے جائیں خصوصاً خواتین کے کالجوں میں اس کام کو ترجیح دی جائے۔

**صرف کاروباری مقاصد اور اپنے مالکوں کو منافع پہنچانے کی غرض سے سکول کھولنے کی اجازت نہ دی جائے۔**

عجائب گھر اور ثقافتی تعلیم: 1- آرکیالوجیکل عجائب گھر، تاریخی عجائب گھر اور سائنس اور صنعت کے عجائب گھر تعلیمی عمل کے لیے نہایت معاون ہیں۔ انہیں بنانے کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ موجود، عجائب گھروں کو بہتر بنایا جائے اور نئے قائم کیے جائیں۔ چڑیا گھر اور پلانیٹریم قائم کیے جائیں۔

113- اساتذہ کے ساتھ مشاورت کر کے، عجائب گھروں کو، خصوصی پروگرام اور گائیڈڈ ٹورز کا بندوبست کرنا چاہیے۔

114- ہمارے عجائب گھروں کی پالیسی تشکیل دینے اور ان کی تعلیمی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے ایک ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دی جائے۔ یہ کمیٹی تعلیم اور آرکیالوجی کے محکموں کے ساتھ کام کرے۔

115 ابتدائی سطح پر، تعلیم لازمی طور پر وسیع البنیاد ہونی چاہیے اور مکتبوں، مدرسوں اور دارالعلوموں کے نصاب میں ایسے مضامین کے لیے گنجائش موجود ہونی چاہیے جو طالبعلموں کو پیشہ وارانہ اور فنی تعلیم و تربیت کے لیے تیار کریں۔ اعلیٰ درجوں پر ان اداروں کو چاہیے کہ اسلام کو حرکیاتی اور ترقی پسند تحریک کے طور پر پیش کریں جو بدلتے ہوئے وقت میں خود کو قائم رکھ سکتا ہے۔ اسلام کی حرکیاتی تصویر صرف اسی صورت میں قائم رکھی جا سکتی ہے اگر اسلام کو ہر دور میں اس وقت کی سائنس، فلسفہ، معاشیات اور تاریخ کی روشنی میں سمجھا جائے۔

116- مدرسے، مکتب اور دارالعلوم اسلامی مضامین پڑھاتے کے محدود مقصد پر مبنی تعلیم کے روایتی طریقہ کا تسلسل ہیں۔ ان کا مرکزی کام عربی کی تدریس ہے، جو بہت ابتداء سے شروع کی جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ قرآن، تفسیر، حدیث اور فقہ کی تعلیم دیتے ہیں۔ ان کا بنیادی مقصد اسلام کی تعلیم ہے جس کی فہم اور تعبیر میں جدید علم کا کوئی دخل نہیں۔

117- ایسے بہت سے ادارے مشرقی پاکستان میں ہیں جہاں انہیں مدرسہ کہا جاتا ہے۔ یہ باقاعدہ تعلیمی ادارے ہیں

## ہمارے ملک میں لوگ مختلف مذہبی عقیدوں کے مطابق زندگی گزارتے ہیں اور یہ عقائد انہی حضرات تک محدود رہنے چاہیں جو انہیں مانتے ہیں۔

جس کا ایک مقررہ نصاب ہے۔ یہ اپنے طلباء کو مدرسہ ایجوکیشن بورڈ کے منعقدہ امتحانات میں بھیجتے ہیں۔ اس میں تعلیم کے کئی مراحل ہیں۔ ابتدائی، داخل، عالم، فاضل اور کامل۔ یہ نصاب ایک مرحلے سے دوسرے تک تعلیم میں تسلسل کا مظہر ہے اور ایک فرد چھوٹے درجے سے ترقی کر کے اعلیٰ درجے تک پہنچ سکتا ہے۔

118- ماضی میں 16-1915 کے لگ بھگ عام سکولوں میں پڑھائے جانے والے نصاب کو مدرسہ میں لاگو کر کے مدارس کو سکولوں کے برابر حیثیت دینے کے عمل کی کوشش کی گئی تھی۔ اس اصلاحی تدبیر کو بہت سے مدرسوں نے اپنا لیا لیکن باقیوں نے اپنے پرانے نصاب کو ہی جاری رکھا۔ جس کے نتیجے میں مدارس دو اقسام میں منقسم ہو گئے۔ 1- پرانی سکیم والے مدارس، اور 2- اصلاحی مدارس۔ یعنی وہ مدرسے جو روایتی طریقوں پر تعلیم دیتے ہیں اور وہ جو اصلاح شدہ سکیم کے تحت تعلیم دیتے ہیں۔ مدرسوں کی دوسری قسم کو اپنانے کی وجہ سے مشرقی پاکستان میں رائج عام تعلیم اور مدارس میں تعلیم کے مابین فاصلے ختم ہوئے ہیں۔ صوبائی حکومت نے حال ہی میں اصلاحی مدارس کو سکول کی تعلیم کے نظام کے ساتھ مربوط کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

119- اب اولڈ سکیم مدرسے بھی جدید زندگی کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں۔ وہ ریاضی، تاریخ، جغرافیہ، بنیادی سائنس، انگریزی اور بنگالی زبان کی تدریس کو متعارف کروا رہے ہیں۔ تاہم ابھی تک اسلام کی تعلیم پر ہی زیادہ زور دیا جاتا ہے جبکہ دوسرے مضامین کی تدریس ثانوی حیثیت کی حامل ہے۔ اسلام کی تعلیم کو کل وقت کا 75% دیا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہے کہ مدرسہ اعلیٰ سطح کے درجے تک، جس میں 15 تا 17 سال لگتے ہیں، دوسرے مضامین کا علم میٹرک کی سطح سے کسی صورت زیادہ نہیں ہوتا۔

120- ابتدائی سطح پر مغربی پاکستان میں عربی اور اسلامیات پڑھانے والے مدرسوں کی تعداد نسبتاً کم ہے۔ یہاں پر انہیں مکتب کہا جاتا ہے اور یہ ابتدائی تعلیم دیتے ہیں اور شاید ہی کبھی پرائمری سطح سے زیادہ کچھ پڑھاتے ہوں۔ تاہم ان میں سے کچھ ادارے جنہیں عام طور پر دارالعلوم کہا جاتا ہے بڑی سطح کی تعلیم دیتے ہیں۔ یہ روایتی طریقے سے اسلام کی تعلیم دیتے ہیں اور ان کے پاس جدید علم اور سائنسی ترقی کی معلومات بہت ہیں۔

121- مدرسے، مکتب اور دارالعلوم جیسے تعلیمی ادارے قائم کر کے مسلمانوں نے اس وقت مذہبی تعلیم پر زور دیا جب وہ مروجہ تعلیمی نظام میں شامل نہیں تھی۔ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے مدرسوں اور دارالعلوموں نے اپنے نصاب میں مذہب اور اس سے متعلق مضامین کو حد سے زیادہ شامل کر لیا۔

122- اب پاکستان ایک آزاد ملک ہے اور اس نے پہلے ہی مذہبی تعلیم کو متعارف کروا دیا ہے۔ اس رپورٹ میں ہم نے ایک طرف اخلاقی اور روحانی اقدار اور مذہبی تعلیم جبکہ دوسری طرف جدید معاشرے میں بہتر زندگی سے متعلقہ مضامین پڑھانے پر خاص زور دیا ہے۔ ''مذہبی تعلیم'' کے باب میں ہم نے (اسلامیات) کو پہلے آٹھ سال کے لیے لازمی جبکہ کلاس نہم سے اختیاری بنانے کی سفارش کی ہے۔ اعلیٰ سطح کی تعلیم اور تحقیق کی ترویج کے لیے یونیورسٹی اور اسلامک ریسرچ کے اداروں میں انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ ہمیں یقین ہے ہماری سفارشات میں ایسا توازن ہے جو طالبعلموں میں مذہب کی اخلاقی اور روحانی اقدار سے محبت پیدا کرے گا اور انہیں خدا اور انسانوں کے حقوق کے بارے میں سمجھنے میں مدد دے گا۔ ایسے لوگ جو اسلام پر تحقیق کرنا چاہتے ہیں انہیں یہ سفارشات مناسب مواقع بہم پہنچائیں گی۔ اس سے مذہبی تعلیم کو تعلیمی نظام میں جائز مقام ملے گا اور سائنسی دور کے تقاضے بھی پورے ہوں گے۔

123- مدرسوں، مکتبوں اور دارالعلوموں کا نظام تعلیم قدرے یکطرفہ ہے کیونکہ اس کا مقصد طالبعلموں کو صرف اسلام پر تعلیم دینا ہے۔ ابتدائی تعلیم کو لازمی طور پر وسیع البنیاد اور بہت سے مضامین پر مشتمل ہونا چاہیے۔ اس سطح پر بچوں کی خصوصیات اور صلاحیتوں کو عام طور پر نہیں جانا جا سکتا۔ پرائمری جماعتیں مختلف افراد پر مشتمل ہوتی ہیں جو اپنی بعد کی زندگی میں انجینئرز، منتظمین، ڈاکٹرز، سائنسدان، فلسفہ دان اور ماہر مذہب بنیں گے۔ بچے کی کسی خاص پیشے یا علمی مضمون کے لیے موزونیت جاننے کے لیے یہ عمر بہت چھوٹی ہے۔ چھوٹے بچوں کی تعلیم ان تمام مضامین پر مشتمل ہونی چاہیے جو مختلف پیشوں کی بنیاد ہیں اور طالبعلم جس کا انتخاب بعد میں کر سکے۔ مذاہب کا مطالعہ ابتدائی تعلیم کا لازمی حصہ ہونا چاہیے لیکن اور بھی ایسی ناگزیر چیزیں ہیں جو نظرانداز نہیں کرنی چاہئیں اور جنہیں مناسب توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ طالبعلموں کو قومی زندگی کے مختلف شعبوں کے لیے تیار کیا جا سکے۔ مدرسے اور مکتب ایسی وسیع البنیاد تعلیم فراہم نہیں کر رہے۔

124- اعلیٰ سطح پر، مدرسوں اور دارالعلوموں کو اسلام کو حرکیاتی اور ترقی پسند تحریک، جو بدلتے ہوئے وقت اور اقدار میں قائم رہ سکتا ہے، کے طرز پر پیش کریں۔ اسلام کی حرکیاتی تصویر اسی صورت میں قائم رکھی جا سکتی ہے اگر اسلام کو ہر دور میں اس وقت کی سائنس، فلسفہ، معاشیات اور تاریخ میں پیش رفت کی روشنی میں پیش کیا جائے۔

125- یہ ایک امید افزاء بات ہے کہ مدرسے جدید دور کے لیے فائدہ مند مضامین کے مطالعے کی ضرورت محسوس کر رہے ہیں۔ یہ صحیح سمت میں ایک قدم ہے اور ہم امید کرتے ہیں یہ رجحان، وقتاً فوقتاً مدرسے اور دارالعلوم کے نصاب میں تبدیلی کرنے، مذہبی مضامین کے علاوہ عملی زندگی سے متعلقہ مضامین کو جائز مقام دینے، اور اسلام کی تعبیر کے لیے جدید فکر کا بھرپور استعمال کے ذریعے شدومد سے جاری رہے گا۔

# کمیشن کا جاری کردہ سوال نامہ

# کمیونٹی میں تعلیم کا کردار

1- کیا ہمارے تعلیم ادارے ان کیمونٹیوں کے لیے موثر طور پر کام کر رہے ہیں جہاں وہ بنائے گئے ہیں؟

2- کیا ان کے نصابات اس کیمونٹی کی دلچسپیوں اور ضروریات کی عکاسی کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر کھیتی باڑی، چھوٹی صنعت، ماحولیاتی عناصر جیسے صحرا اور دریا؟

3- کیا ان کے طلباء اور اساتذہ کی کیمونٹی کی زندگی میں شرکت اور کیمونٹی کی فلاح کے لیے سوچنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے؟

4- کیا کیمونٹی کے ایسے لوگ جو سکول میں داخل نہیں ہیں، وہ سکول کی سہولیات جیسے لائبریریاں، سٹاف کے لیکچر اور کیمونٹی منصوبوں سے مستفید ہو سکتے ہیں؟

5- یونیورسٹی کی تعلیم کے مقاصد کیا ہونے چاہئیں؟ یہ مقاصد پاکستان میں کس حد تک پورے ہو رہے ہیں؟

6- کیا یونیورسٹی اور کالج کی تعلیم نے طالبعلموں میں اخلاقی، شہری اور قومی شعور اور ذمہ داریاں اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کیا ہے؟ کون سے عوامل ان مقاصد کے حاصل کرنے پر اثر انداز ہوئے ہیں؟

7- یہ ذہن میں رکھتے ہوئے کہ انٹرمیڈیٹ جماعتیں یونیورسٹی سے پہلے کا مرحلہ ہیں:۔

i- یونیورسٹی سے پہلے کی تعلیم کا کل عرصہ کتنا ہونا چاہیے؟

ii- یونیورسٹی میں داخلے کی کم از کم عمر کیا ہونی چاہیے؟

8- یونیورسٹی کے غیر پیشہ وارانہ کورسز میں داخلے کے لیے امیدواران کے لیے انتخابی معیار کیا ہونا چاہیے؟

i- بیچلرز ڈگری کورس، اور ii- ماسٹرز ڈگری کورسز، غیر پیشہ وارانہ شعبہ جات میں؟

a- کیا صرف ایک ڈگری کورس ہونا چاہیے، عام سند یا اعزازی سند، یا پھر دو مختلف کورسز ہونے چاہئیں؟

b- اگر دو مختلف کورسز ہوں، عام سند اور اعزازی سند، ان کی مدت ایک سی ہو یا مختلف؟

c- بیچلرز ڈگری کورس، عام سند اور اعزازی سند، کے نصاب میں کتنے مضامین شامل ہوں، اور ہر ایک میں کتنے امتحانی پیپر لیے جائیں؟

10- آپ کے خیال میں عام سند اور اعزازی سند کورسز میں کسے پڑھانا چاہیے i- یونیورسٹی کو- ii- ملحقہ کالجوں کو، یا iii- دونوں کو؟

11- کالجوں اور یونیورسٹیوں میں گرتے ہوئے تدریسی اور مطالعاتی معیار کی کیا بڑی وجوہات ہیں؟ آپ ان خرابیوں کو دور کرنے کے لیے نصاب اور تدریسی طریقوں میں کیا ترامیم تجویز کرتے ہیں؟

12- کیا آپ کی یونیورسٹی یا کالج میں سائنس کے مضامین کی تدریس کے لیے مناسب سٹاف اور آلات موجود ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ بہتری کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

13- سائنس اور آرٹس کے شعبوں میں کون سے مضامین بنیادی نوعیت کے ہیں جن کے پڑھانے کا بندوبست، آپ کے خیال میں، ہر کالج اور یونیورسٹی میں ہونا چاہیے؟

14- ہمارے محدود مالیاتی، وسائل اور سائنسی آلات کی کمی کے پیش نظر، کیا یہ بہتر ہوگا کہ سپیشلائزڈ تحقیقی کام اور سرگرمیوں کو ملک کی مختلف یونیورسٹیوں کے لیے مختص کیا جائے؟ براہ کرم، اپنی یونیورسٹی کے ایسے شعبوں کے نام لکھیں جہاں خصوصی سہولتیں موجود ہیں؟

15- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ موجودہ کالجوں میں سٹاف اور آلات ضرورت سے کم ہیں؟ اگر ایسا ہے، تو اس کو بہتر کیسے بنایا جا سکتا ہے؟

16- i- کیا آپ سمجھتے ہیں پوسٹ گریجوایٹ کورسز صرف یونیورسٹیوں میں پڑھائے جانے چاہئیں؟

ii- کیا کچھ منتخب شدہ کالجوں، خصوصاً کو پوسٹ گریجوایٹ تدریس کی اجازت دے دینی چاہیے؟ اگر آپ متفق ہیں، تو ان کے کام کو یونیورسٹی کے معیار کے مطابق بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں؟

17- یونیورسٹیوں اور کالجوں میں ''ٹیوٹوریل سسٹم'' کو بہتر بنانے کے لیے کیا اقدامات ضروری ہیں؟ آپ طالبعلموں پر انفرادی توجہ دینے اور طالبعلم اور اس کے استاد کے بیچ رابطہ بڑھانے کے لیے کیا تجاویز دیتے ہیں؟

18- وہ کون سے عوامل ہیں جو تحقیقی اور تخلیقی کام کی ترقی میں رکاوٹ ڈالتے ہیں؟ آپ یونیورسٹیوں اور کالجوں میں اعلیٰ سطح کی تعلیم و تحقیق کے لیے کیا اقدامات تجویز کریں گے؟

19- سٹاف اور طالبعلموں میں ٹیلنٹ دریافت کرنے اور اسے ترقی دینے کے لیے کون سے طریقے اختیار کیے جائیں؟

20- کیا آپ یونیورسٹیوں اور کالجوں میں سائنسی تدریس کے لیے دی گئی سہولتوں سے مطمئن ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ بہتری کے لیے کیا تجویز کریں گے؟

21- ملک کی سائنسی اور تکنیکی ماہرین کی مسلسل بنیادوں پر ضرورت معلوم کرنے کے لیے آپ کیا اقدامات تجویز کرتے ہیں؟

22- اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں جن کے کارن ملکی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے مناسب ذہانت کے سائنسدانوں اور ٹیکنالوجسٹوں کو تیار کیا جا سکے؟

23- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ سائنسوں کے موجودہ کورسز طالبعلموں کو اطلاقی اور ٹیکنالوجی سے متعلقہ شعبوں میں کام کے لیے تسلی بخش طریقے سے تیار کرتے ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ بہتری کے لیے کیا تجاویز دیتے ہیں؟

24- یونیورسٹیوں اور کالجوں میں موجود سائنسدانوں کی کس طرح حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ وہ ملک میں موجود خام مال کو ملک کی قدرتی وسائل کی ترقی کے لیے استعمال کرنے پر تحقیق کریں؟

25- یونیورسٹیوں اور دیگر سائنٹیفک اور ٹیکنالوجیکل اداروں کے بیچ موثر تعلق قائم کرنے اور برقرار رکھنے کے لیے کون سے اقدامات کیے جائیں؟

26- کس قسم کی یونیورسٹی ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے مناسب ہے۔ i- وحدانی، ii- وفاقی اور iii- ----

27- کیا ملک میں موجود یونیورسٹیوں کی تعداد ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہے، یا پھر آپ مزید یونیورسٹیاں قائم کرنے کی تجویز دیں گے؟ اگر آپ مزید یونیورسٹیاں قائم کرنے کے حق میں ہیں تو وہ کس قسم کی ہونی چاہئیں اور انہیں کہاں بنایا جائے؟

28- i- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ مختلف یونیورسٹیوں کی وضع کردہ الحاق کی شرائط، استعداد کے مناسب معیار قائم کرنے کو یقینی بنا سکتی ہیں؟

ii- اگر ایسا ہے، تو آپ یونیورسٹیوں اور کالجوں میں کارکردگی کے گرتے ہوئے معیار کی وضاحت کیسے کریں گے؟

iii- آپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا تجویز کریں گے کہ کالج الحاق کی شرائط کے مطابق اعلیٰ معیار کو حاصل کریں؟

29- i- آپ کے خیال میں یونیورسٹی کی سطح پر اسلامی تعلیم کس حد تک اور کتنی ہونی چاہیے؟

ii- آپ کی رائے میں یونیورسٹی میں اسلامی تعلیم کا انتظام کس طرح کیا جائے؟

iii- اچھی شہرت کے حامل سکالرز کی دلچسپی پیدا کرنے کے لیے اسلامی تعلیم کا تدریسی اور تحقیقی معیار کیسے بڑھایا جائے؟

30- i- کیا آپ سمجھتے ہیں یونیورسٹی کی سطح پر علوم شرقیہ کی تدریس کا موجودہ طریقہ کار مناسب ہے؟ اگر نہیں، تو براہ کرم ضروری اقدامات تجویز کریں؟

i- علوم شرقیہ میں تحقیق کے امکان کیا ہیں اور آپ اس تحقیق کی ترویج کیسے کریں گے؟

iii- آپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے طریقے بتائیں جس سے عربی اور فارسی کے گریجوایٹ یہ زبانیں روانی سے بول سکیں۔

iv- عربی اور فارسی کے مطالعہ میں، زبان کے مطالعہ کے طریقوں کو کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے؟

31- i- اساتذہ کے مختلف درجے کیا ہونے چاہئیں؟

(a) یونیورسٹیوں میں، اور (b) کالجوں میں؟

ii- ان کی اہلیت، ملازمت کی میعاد اور شرائط، استحقاق اور فرائض کیا ہونے چاہئیں؟

iii- کیا آپ سمجھتے ہیں اساتذہ کی تنخواہوں کے سکیل ایک سے ہوں؟

(a) تمام یونیورسٹیوں میں، اور (b) تمام کالجوں میں؟

32- انتخاب اور تقرری کا طریقہ کار کیا ہو؟ (i) یونیورسٹی کے اساتذہ کا، اور (ii) کالجوں کے اساتذہ کا؟

33- i- آپ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا تجویز کرتے ہیں کہ استاد طالب علموں میں کردار سازی اور شخصیت بنانے اور ان میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے کیا کام کرے؟

ii- ملازمت کے تسلسل، تنخواہ میں اضافے اور اساتذہ کی ترقی کا کس حد تک انحصار ان کی مطالعہ، تدریس اور تحقیق میں لگن پر منحصر ہو؟

iii- آپ یونیورسٹیوں اور کالجوں کے اساتذہ کی دانشورانہ ترقی کی مسلسل جانچ اور حوصلہ افزائی کرنے کے لیے کن اقدامات کی تجویز دیں گے؟

34- آپ طالبعلموں میں نظم وضبط بہتر بنانے، ان میں فرض کا احساس، حب الوطنی اور قومی اتحاد پیدا کرنے کے لیے کیا تجاویز دے سکتے ہیں؟

35- کیا آپ یونیورسٹیوں اور کالجوں میں دانشورانہ، سماجی اور کھیل سے متعلق سرگرمیوں کی موجودہ سطح سے مطمئن ہیں؟ کیا آپ کے پاس ان کی بہتری کی تجویز ہیں؟

36- آپ امتحانات کے موجودہ نظام میں کیا تبدیلیاں تجویز کریں گے تاکہ طالبعلموں میں علم کے اکتساب، اسے جذب کرنے اور استعمال کرنے کی صلاحیت کی آزمائش کی جاسکے؟

37- طالبعلم کی حتمی امتحان پر پوزیشن کا تعین کرنے کے لیے کلاس ورک، وقتاً فوقتاً امتحانات اور ٹیوٹوریل ریکارڈز کی اہمیت کس قدر ہونی چاہیے؟

38- کیا عارضی امتحانات یونیورسٹی کو لینے چاہئیں؟

39- کس مرحلہ پر زبانی امتحان لیا جائے؟

40- آپ کس کے ہونے سے متفق ہیں (i) صرف داخلی ممتحن، یا (ii) صرف خارجی ممتحن، یا پھر دونوں، برائے

(a) بیچلرز ڈگری امتحانات

(b) ماسٹرز ڈگری امتحانات

41- اگر آپ اس حق میں ہیں کہ خارجی اور داخلی ممتحن، اوپر بیان کی گئی ایک یا دونوں ڈگریوں کے لیے ہو، تو آپ ان دونوں ڈگریوں کے ممتحن کو کیا ذمہ داریاں دیں گے؟

42-(i) یونیورسٹی کی سطح پر کس زبان میں پڑھایا جائے؟ (i) پیشہ وارانہ مضامین میں، (ii) سائنسی مضامین میں اور (iii) علوم انسانی میں؟ اگر آپ کسی تبدیلی کے خواہاں ہیں تو وہ اچھے معیار کو قائم رکھتے ہوئے کیسے متعارف کرائی جاسکتی ہے؟

ii- یونیورسٹی کی سطح پر انگلش کو بطور مضمون کیا حیثیت دی جائے؟ طالبعلموں کی کارکردگی کا معیار بہتر بنانے کے لیے آپ کیا تجاویز دیں گے؟ اس مضمون کے پڑھانے میں آپ زبان اور ادب کو نسبتاً کس قدر اہمیت دیں گے؟

iii- کیا آپ چاہتے ہیں انگریزی میں مستعمل سائنسی اور تکنیکی اصطلاحات، علامات اور فارمولے جاری رکھے جائیں یا پھر ان کا قومی زبان میں ترجمہ کیا جائے؟ اگر آپ ترجمے کی حمایت کرتے ہیں، تو ایک [illegible] کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں؟

43-i- انجینئرنگ میں داخلے کے لیے تعلیمی اہلیت کیا ہونی چاہیے؟

ii- کیا آپ کے خیال میں کالج میں داخلے سے پہلے امیدواران کے پاس صنعتی تربیت یا فیلڈ کا تجربہ ہونا چاہیے؟

iii- کیا ایسے طالبعلموں کے لیے پری انجینئرنگ کورس کا انتظام کیا جائے جن کے پاس تجربہ نہ ہو؟

44- کیا آپ سمجھتے ہیں پولی ٹیکنیک یا کسی اور منظور شدہ ادارے سے حاصل کیا گیا ڈپلومہ یا سرٹیفیکیٹ داخلے کے لیے متبادل اور مناسب اہلیت ہے؟ اگر ایسا ہے تو کیا ایسے ڈپلومہ یا سرٹیفیکیٹ کے حامل فرد کو کسی رعایت کا مستحق قرار دیا جائے؟

45- کیا عام امتحان کے علاوہ انجینئرنگ کالج کو ایک داخلہ ٹیسٹ بھی لینا چاہیے؟ کیا ایسے ٹیسٹ میں رجحان کا ٹیسٹ بھی شامل ہونا چاہیے؟

46- انجینئرنگ میں بیچلرز ڈگری کے کورس کی مدت کیا ہونی چاہیے جو نظریاتی اور عملی کام دونوں پر مشتمل ہو؟

47-i- کیا انجینئرنگ کالجز مختلف شعبوں میں ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی تعداد میں ٹیکنالوجی کے ماہرین تیار کر رہے ہیں؟ مرکزی خلا کیا ہیں اور انہیں کیسے پُر کیا جاسکتا ہے؟

ii- کیا موجودہ طور پر سول، مکینیکل، الیکٹریکل، کیمیکل، مائننگ، پیٹرولیم اور الیکٹریکل انجینئرنگ پڑھانے کا موجودہ انتظام تسلی بخش ہے؟

iii- کیا ملک میں اعلیٰ ٹیکنالوجی کے شعبوں جیسے کہ بحری، ہوابازی اور نیوکلیئر اور دیگر میں تعلیم کے مواقع پیدا کیے جانے چاہئیں؟

48- انجینئرنگ کے نصاب میں کس حد تک سماجی اور انسانی علوم شامل کیے جائیں؟

49- کیا انجینئرنگ کی تعلیم کے موجودہ پروگرام طالبعلموں کو مناسب طور پر قابلیت دیتے ہیں (i) لیبارٹری کے طریقہ کار میں، (ii) ورکشاپ کی مہارتوں میں، (iii) صنعتی اور فیلڈ ورک میں؟

i- آپ کا انجینئرنگ کالجوں کے موجودہ انتظام و انصرام کے بارے میں کیا خیال ہے؟ آپ ان میں بہتری کے لیے کیا تجویز کرتے ہیں؟

ii- کیا آپ انجینئرنگ میں ------- یونیورسٹی کے قیام کی حمایت کرتے ہیں؟

51- آپ کے خیال میں آرکیٹیکس کو انجینئرنگ کالجوں میں تعلیم و تربیت دینی چاہیے یا پھر الگ اداروں میں؟ ہمارے پروگرام میں اس تعلیم اور تربیت کو شامل کرنے کے لیے آپ کی ترجیحات کیا ہوں گی؟

52-i- کیا انجینئرنگ کالجز مناسب تحقیقی کام کر رہے ہیں؟ آپ اس کی بہتری کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

ii- کیا انجینئرنگ کالجوں میں پوسٹ گریجوایٹ تعلیم علمی پروگرام کا لازمی حصہ ہونی چاہیے؟

53- انجینئرنگ کالجوں کے مختلف مدارج کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

54- انجینئرنگ کالجوں میں کس قسم کی شام کی کلاسیں یا جزوقتی کورس شروع کرنے چاہئیں؟

(i) برائے دوران ملازمت تربیت، (ii) نئے طریقہ کار کی تدریس، (iii) نئی پیش رفتوں کے بارے میں معلومات؟

55-i- تکنیکی اداروں میں داخلے کے لیے تعلیمی اہلیت کیا رکھی جائے؟

ii- کیا آپ سمجھتے ہیں ان اداروں میں داخلے سے پہلے امیدواروں کے پاس صنعتی تربیت یا فیلڈ کا تجربہ ہونا چاہیے؟

56- کیا داخلے سے پہلے رجحانات کا ٹیسٹ لیا جانا چاہیے؟

57- پولی ٹیکنیک اور دیگر اداروں میں ڈپلومہ کورسوں کی مدت کیا رکھی جائے؟

58- کیا موجودہ سہولتیں صنعت اور انجینئرنگ میں سپروائزری افرادی قوت کی تربیت کے لیے کافی ہیں؟ جیسے کہ تخمینہ لگانے والوں، سروے کرنے والوں اور ڈرافٹسمینوں کے لیے؟ موجودہ سہولتوں کو وسیع کرنے اور تربیتی خلا پُر کرنے کے لیے آپ کی تجاویز کیا ہیں؟

59- کیا آپ سمجھتے ہیں پولی ٹیکنیک اور دیگر تکنیکی اداروں کے موجودہ پروگرام طالبعلم کو مناسب حد تک قابل بناتے ہیں (i) لیبارٹری کے طریقوں میں (ii) ورکشاپ کی مہارتوں میں (iii) صنعتی اور فیلڈ ورک میں؟

60- آپ کا پولی ٹیکنیک اور دیگر تکنیکی اداروں کے انتظام و انصرام کے بارے میں کیا خیال ہے؟ آپ ان میں بہتری کے لیے کیا تجاویز دیتے ہیں؟

61- آپ پولی ٹیکنیک اور تکنیکی اداروں میں کارکردگی کے اچھے معیار قائم کرنے کے لیے کیا تجاویز دیتے ہیں؟

62- ان اداروں میں مختلف درجوں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

63- ان اداروں کے اساتذہ کی تدریسی طریقوں میں تربیت کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں؟

64- ان اداروں میں کس قسم کی شام کی کلاسیں یا جزوقتی کورس شروع کیے جائیں (i) برائے دوران ملازمت تربیت (ii) نئے طریقوں کی تدریس (iii) نئی پیش رفتوں کی جانکاری؟

65-i- زراعت کے کسی ڈگری کورس میں داخلے کے لیے کیا اہلیت مقرر کی جائے؟

ii- کیا آپ سمجھتے ہیں زراعت کے ڈگری کورس میں داخلے کے امیدواروں کے پاس داخلے سے پہلے فیلڈ کا تجربہ ہونا چاہیے؟

iii- کیا ناتجربہ کار امیدواروں کے لیے پری ایگریکلچرل کورس شروع کیا جائے؟

66- کیا داخلہ دیتے وقت، امیدواروں کے عام امتحانات کے نتائج کے علاوہ، زرعی کالجوں کے انعقاد کردہ سپیشل ٹیسٹ کے نتائج کو بھی اہمیت دی جائے؟

67- زراعت میں بیچلرز ڈگری کے لیے بشمول نظریاتی اور عملی کام کے، کل دورانیہ کتنا ہونا چاہیے؟

68-i- کیا زرعی کالجز ملکی ضروریات کے مطابق ٹھیک تعداد میں گریجوایٹ تیار کر رہے ہیں؟

ii- کیا زراعت پڑھانے کا موجودہ طریقہ کار ٹھیک ہے؟

69- زراعت کے نصاب میں کس حد تک انسانی اور سماجی علوم شامل کیے جائیں؟

70- کیا زرعی تعلیم کا موجودہ نظام طالبعلموں کو اچھی طرح قابل بناتا ہے (i) زراعت سے متعلقہ سائنسوں میں (ii) فیلڈ ورک میں؟

71-i- زرعی کالجوں کے موجودہ انتظام وانصرام کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ آپ اس میں بہتری کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

ii- کیا آپ زراعت کے لیے مرکزی یونیورسٹی قائم کرنے کے حق میں ہیں؟

72- کیا آپ سمجھتے ہیں زرعی تعلیم اور زرعی تحقیق ایک ہی ادارے میں ہونی چاہیے؟

73-i- کیا زرعی کالجوں میں تحقیق پر مناسب توجہ دی جارہی ہے؟ آپ بہتری کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

ii- کیا پوسٹ گریجوایٹ کورسز کو زرعی کالجوں کے تعلیمی عمل کا لازمی حصہ ہونا چاہیے؟

74- زرعی کالجوں میں مختلف درجوں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

75- زرعی کالجوں میں کس قسم کی شام کی کلاسیں یا جزوقتی کورس شروع کرنے چاہئیں؟ اگر آپ اس سے متفق ہوں تو، (i) داخلوں کے لیے کیا

معیار ہو (ii) موضوعات کیا ہوں (iii) ان کورسوں کی مدت کیا ہو؟

77- کامرس، بزنس اور پبلک ایڈمنسٹریشن میں داخلے کے لیے تعلیمی اہلیت کیا ہونی چاہیے؟

i- پوسٹ گریجوایٹ کورس؟ کیا بیچلرز سند سے زیادہ اہلیت ہونی چاہیے؟ کیا عام امتحان کے علاوہ کوئی داخلہ ٹیسٹ بھی لینا چاہیے؟ کیا رجحان کا ٹیسٹ لینا چاہیے؟

ii- بیچلرز کے لیے؟ آپ کس حق میں ہیں: ایک داخلہ ٹیسٹ یا رجحان کا ٹیسٹ یا پھر دونوں؟

78- ان کورسوں کا دورانیہ کیا ہونا چاہیے؟

79- i- کیا ان کورسز کو پڑھانے کا موجودہ طریقہ کار تسلی بخش ہے؟ اگر نہیں تو اسے کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

ii- آپ ان کورسز میں گریجوایٹس کے بارے میں اپنے علم کی روشنی میں بتایئے وہ کس حد تک ہنرمند اور قابل ہیں؟ ان کے اہم مسائل کیا ہیں؟ اور آپ انہیں کیسے دور کر سکتے ہیں؟

80- ان اداروں کے نصاب میں سماجی اور انسانی علوم کو کس حد تک شامل کیا جاسکتا ہے (i) پوسٹ گریجوایٹ سطح پر (ii) بیچلرز کی سطح پر؟

81- آپ ان کورسز کو بہتر بنانے اور دیگر طریقہ کار پر کیا تجاویز دیں گے؟

82- کیا کالجوں اور یونیورسٹیوں میں موجودہ کامرس، بزنس اور پبلک ایڈمنسٹریشن کے شعبہ جات مناسب تحقیقی کام کر رہے ہیں؟ آپ کے پاس ان کی بہتری کے لیے کیا تجاویز ہیں؟

83- ان شعبوں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

84- i- ان کمرشل مضامین پر اساتذہ کی دوران ملازمت تربیت کے لیے کون سے کورس شام کو یا جزوقتی شروع کیے جائیں؟

ii- سرکاری افسروں اور کاروباری اداروں میں کام کرنے والے سیکریٹریل سٹاف کی دفتری انتظام پر تربیت کرنے کے لیے کس قسم کے کورس شروع کیے جائیں؟

85- قانون کے کالجوں میں داخلے کے لیے کیا اہلیت ہونی چاہیے؟

86- قانون کے کالج میں داخلے کے لیے کیا آپ تجویز کرتے ہیں کہ ابتدائی تیاری کے نصاب کی تیاری ضروری قرار دی جائے؟

87- کیا عام امتحان کے نتیجہ کے علاوہ قانون کے کالجوں کے اپنے داخلہ ٹیسٹ کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے؟ کیا اس ٹیسٹ میں رجحان کا ٹیسٹ بھی شامل ہونا چاہیے؟

88- قانون کے ڈگری کورس کی مدت کیا ہونی چاہیے؟

89- کیا آپ سمجھتے ہیں موجودہ کورسز جامع اور مناسب ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ کیا تبدیلیاں تجویز کرتے ہیں؟

90- کیا آپ سمجھتے ہیں برطانیہ میں بیرسٹر ایٹ لاء کو دی جانے والی قانونی تعلیم و تربیت پاکستان میں قانون کے گریجوایٹس کی تعلیم و تربیت سے بہتر ہے؟ اگر ایسا ہے، تو آپ پاکستان میں قانون کی تعلیم کو برطانیہ میں بیرسٹر ایٹ لاء کی تعلیم کے برابر لانے کے لیے کیا تجویز دیتے ہیں؟

91- کیا آپ قانون کی ڈگری کی مدت بی اے آنرز کی طرح تین سالہ کرنے کی حمایت کرتے ہیں؟ فرض کیا آپ قانون کی تعلیمی ڈگری کے حق میں ہیں، آپ پیشہ وارانہ تعلیم و تربیت کے لیے کیا تجویز کرتے ہیں تاکہ فارغ التحصیل افراد عدالتوں میں قانون کی پریکٹس کر سکیں؟

92- اگر آپ قانون کی تعلیمی ڈگری کے حق میں ہیں تو کیا اسے پیشہ وارانہ تربیت کے ساتھ ہونا چاہیے؟

93- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یونیورسٹیوں کی قانونی تعلیم کا جھکاؤ عمل کی طرف ہو، اس مقصد کے لیے وہ ٹیوٹوریل ورک، قانونی بحثوں کا انعقاد کرنے اور عدالتوں کے دوروں پر زور دیں؟

94- آپ قانون میں اعلیٰ تعلیم اور تحقیق کی ترقی کے لیے کون سے اقدامات تجویز کرتے ہیں؟

95- تعلیمی سٹاف کو کس طرح ہونا چاہیے۔ (i) مکمل کل وقتی اساتذہ، یا (ii) مکمل طور پر جزوقتی، یا (iii) کچھ جزوقتی اور کچھ کل وقتی؟

96- قانون کے مختلف درجوں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط اور فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

97- کیا آپ کے خیال میں قانون کے کالجوں کی لائبریریاں مناسب اور تازہ ترین ہیں؟ اگر نہیں تو آپ انہیں بہتر بنانے کے لیے کیا تجویز دیتے ہیں؟

98- i- ثانوی تعلیم کے مقاصد کیا ہونے چاہئیں؟

ii- تعلیم کا موجودہ نظام ان مقاصد کو کس حد تک پورا کر رہا ہے؟ اگر نہیں، تو آپ بہتری کے لیے کیا تجویز کرتے ہیں؟

95- i- وہ کون سے اقدامات ہیں جن کی وجہ سے اساتذہ اور طالبعلموں کو ذہن نشین ہو

(a) ذمہ داری، شہری احساس اور ملک کے لیے محبت

(b) اخلاقی اقدار، ایمانداری، محنت اور سنجیدہ فکر براہ کرم، واضح تجاویز دیں۔

ii- سکول کس طرح افراد کی زندگیوں اور سرگرمیوں میں اوپر بیان کی گئی خوبیاں پیدا کر سکتے ہیں؟

100- کیا آپ سمجھتے ہیں والدین سکولوں کی فلاح میں مناسب دلچسپی لیتے ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ اسے بڑھانے کے لیے کیا اقدامات تجویز کرتے ہیں؟

101- i- یونیورسٹی سے پہلے کی تعلیم کی کل مدت کیا ہونی چاہیے بشمول پرائمری اور ثانوی درجوں کے؟

ii- کیا ثانوی درجے کو مزید مختلف درجوں میں تقسیم کرنا چاہیے۔ اگر ایسا ہے تو ہر درجے کی مدت کیا ہونی چاہیے؟ اس ضمن میں انٹرمیڈیٹ کلاسوں کے بارے میں اپنے خیالات بتایئے؟

102- ثانوی سکولوں میں کون سے مضامین کی تعلیم دی جانی چاہیے نیز یہ بھی بتائیں مختلف درجوں پر کون سے مضامین متعارف یا ختم کر دیے جائیں؟

103- ثانوی سطح پر کون سے مضامین لازمی ہونے چاہئیں؟ کیا وہ جنرل سائنس اور سوشل سائنس پر مشتمل ہو؟ اگر آپ اتفاق کرتے ہیں تو بتایئے ان دونوں مضامین کا نفس مضمون کیا ہونا چاہیے؟

104- اختیاری مضامین کون سے ہوں اور ان کی گروہ بندی کیسے کی جائے؟

105- آپ کے خیال میں موجودہ نصاب (i) مناسب ہے، (ii) بہت زیادہ ہے، (iii) بہت آسان ہے؟ براہ کرم بہتری کے لیے واضح تجاویز دیں؟

106- ثانوی سطح پر ذریعہ تعلیم کیا ہونا چاہیے؟ کیا طالبعلم ذریعہ تعلیم کے لیے استعمال کی جانے والی زبان میں مناسب مہارت رکھتے ہیں؟ اگر ایسا نہیں ہے، تو انہیں اس میں مستعد کیسے بنایا جاسکتا ہے؟

107- مختلف مضامین پڑھانے کا طریقہ کار کیا ہونا چاہیے؟ کیا انہیں عملی طور پر استعمال کیا جا رہا ہے؟ اگر نہیں، تو اس سلسلے میں کیا مشکلات ہیں اور انہیں کیسے دور کیا جاسکتا ہے؟

108- i- سکول کے نصاب میں انگریزی کی کیا حیثیت ہونی چاہیے؟ (a) کس سطح پر ان کا مطالعہ شروع کیا جائے (a) انگریزی اور (b) دوسری قومی زبان؟

ii- انگریزی کی تعلیم کا مقصد کیا ہونا چاہیے؟

iii- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہ مضمون اچھی طرح اور ٹھوس طریقے سے پڑھایا جا رہا ہے؟ اگر نہیں، تو آپ اسے کیسے بہتر بنائیں گے؟

109- کیا آپ سمجھتے ہیں لکھے ہوئے کام کی اصلاح پر مناسب توجہ دی جا رہی ہے؟ اگر نہیں، تو براہ کرم بہتری کے لیے تجاویز دیں۔

110- i- تعلیمی نظام میں رہائشی سکولوں کی کیا اہمیت ہے؟

ii- ایسے ذہین بچے، جن کے مالی وسائل بہت کم ہیں، کا ان سکولوں میں داخلہ یقینی بنانے کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟

111- رہائشی سکولوں کے احسن کام کیسے عام سکولوں کا حصہ بنائے جاسکتے ہیں؟

112- تعلیمی نظام میں ہاسٹلز کی کیا اہمیت ہے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں کہ یہاں اور ہاسٹلوں کی ضرورت ہے؟ اگر ایسا ہے، تو نئے ہاسٹلوں کی تعمیر اور دیکھ بھال کے لیے مالی وسائل کیسے حاصل کیے جائیں اور ان ہاسٹلوں کو اچھی طرح چلانے میں اساتذہ کیا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

113- دن میں ملازمت یافتہ افراد کو سرکاری امتحانات کی تیاری اور امتحانات دینے کے قابل بنانے کے لیے آپ کے خیال میں کیا انتظامات کرنے ضروری ہیں؟ کیا ان کے لیے مناسب تعلیمی ماحول میں شام کی تعلیم کا بندوبست کرنا بہتر اور قابل عمل ہے؟ اگر آپ متفق ہیں، تو کورس کا دورانیہ کیا ہو اور اس کا انتظام کیسے کیا جائے؟

114- کلاس کا سائز کیا ہونا چاہیے (i) لیکچرز دینے کے لیے، (ii) سائنسی اور تکنیکی مضامین کے عملی کام کے لیے؟

115- سکول کا انتظام بہتر طور پر چلانے کے لیے ایک سکول میں طالبعلموں کی زیادہ سے زیادہ تعداد کیا ہونی چاہیے؟

116- i- کیا آپ سکولوں میں پڑھائی کے موجودہ دنوں کی تعداد سے مطمئن ہیں؟ اگر نہیں تو آپ بہتری کے لیے کیا تجویز کرتے ہیں؟

ii- سکول میں کام کے اوقات کار کیا ہیں؟ کیا انہیں بڑھانے یا گھٹانے کی ضرورت ہے؟

117- گرمیوں کی چھٹیوں کو فائدہ مند کیسے بنایا جاسکتا ہے؟ (i) کمزور طالبعلموں کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے، فطین بچوں کی مدد کے لیے (iii) خصوصی کورسوں کے انعقاد کے لیے، (iv) دیگر مفید سرگرمیوں کے لیے۔

118- i- سکول کے پروگرام میں لائبریری کی کیا اہمیت ہے؟ کیا یہ فرض مستعدی سے سرانجام دیا جا رہا ہے؟

ii- کیا لائبریری سروسز کے لیے موجودہ سہولیات کافی ہیں؟ اگر نہیں تو انہیں کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

iii- لائبریری کے زیادہ استعمال کے لیے اساتذہ اور طلباء کی حوصلہ افزائی کیسے کی جاسکتی ہے؟

119- مختلف قسم کے اساتذہ بشمول ڈرائنگ ماسٹرز، ہینڈی کرافٹ انسٹرکٹرز اور لینگوئج ٹیچرز کی کم سے کم اہلیت کیا ہونی چاہیے؟

120- i- گورنمنٹ، مقامی حکومت یا پرائیویٹ مختلف قسم کے اساتذہ کے لیے کم سے کم تنخواہ کتنی ہونی چاہیے؟

ii- فرض کریں کم سے کم پے سکیل مقرر شدہ ہیں۔ آپ کیسے یقینی بنائیں گے اساتذہ کو ان کی قابلیت اور کام کے مطابق تنخواہیں دی جا رہی ہیں؟

121- ثانوی سکولوں میں اساتذہ کے استحقاق اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

122- مختلف قسم کے مضامین، درجوں اور ڈگریوں کے لیے زیادہ سے زیادہ وقت کتنا ہونا چاہیے (i) تدریسی کام (ii) غیر نصابی کام (iii) ٹیوٹوریل ورک؟

123- i- استاد کے ٹیوٹوریل کام کا انتظام کیسے کیا جائے؟ مختلف درجوں کے اساتذہ کو کتنے طالبعلم سونپے جائیں؟ ایک ایک طالبعلم کی رہنمائی اور مشاورت کے لیے استاد کو کتنا وقت دینا چاہیے؟

ii- کیا استاد کو ٹیوٹوریل گروپ کے عملی کا ریکارڈ رکھنا چاہیے؟ اگر ایسا ہے، تو ریکارڈ میں کیا شامل کیا جائے اور کیسے؟ والدین کو ان کے بچوں کی کارکردگی اور کردار کے بارے میں کیسے بتایا جائے؟

124- کیا اساتذہ کو پرائیویٹ ٹیوشن پڑھانے کی اجازت ہونی چاہیے؟ اگر ایسا ہے تو کس حد تک اور کن شرائط پر؟

125- اساتذہ کے کام کی حوصلہ افزائی کیسے کی جائے؟ اچھے کام پر انعام اور غیر معیاری کام پر سزا کیسے دی جائے؟

126- i- کیا اساتذہ کی تربیت کے لیے موجودہ سہولتیں کافی ہیں؟ (a) برائے تعلیمی مضامین (b) خصوصی اور تکنیکی مضامین؟ اگر نہیں، تو انہیں بڑھایا کیسے کیا جا سکتا ہے؟

ii- کیا اساتذہ کے تربیتی پروگرام تسلی بخش ہیں؟ اگر نہیں تو انہیں موثر کیسے کیا جا سکتا ہے؟

127- اساتذہ کی دوران ملازمت تربیت کے لیے کیا انتظامات ضروری ہیں؟ ایسی تربیت کو موثر کیسے بنایا جا سکتا ہے؟

128- تیزی سے گرتے ہوئے تعلیمی معیارات کی کیا وجوہات ہیں؟ اس رجحان کو کیسے روکا جا سکتا ہے اور دوبارہ معیار کیسے بہتر بنائے جا سکتے ہیں؟

129- کیا آپ سمجھتے ہیں منظور شدہ ہونے سے متعلق قوانین میں ثانوی سکولوں میں سٹاف، بلڈنگ اور آلات کے بارے میں مناسب معیار موجود ہے؟ کیا عملی طور پر ان قوانین پر عمل کیا جاتا ہے؟ اگر نہیں، تو ان کا نفاذ کیسے ہو سکتا ہے؟

130- i- کیا آپ امتحانات کے موجودہ نظام سے مطمئن ہیں؟ اگر نہیں، تو بہتری کے لیے آپ کی تجاویز کیا ہیں؟

ii- آپ اس بات کو کیسے یقینی بنائیں گے امتحانات کے ذریعے ایک فرد کی فہم اور لیاقت کی آزمائش ہو جبکہ محض یادداشت کی حوصلہ شکنی؟

131- i- ثانوی سطح کے دوران کتنے عام امتحانات کا انعقاد ہو؟

ii- حتمی امتحان میں طالبعلم کی حیثیت متعین کرنے کے لیے کلاس ورک، وقتاً فوقتاً امتحانوں اور ٹیوٹوریل کے ریکارڈز کو کیا حیثیت دی جائے؟

132- کیا آپ سمجھتے ہیں انسپکٹوریٹ کی نظامت مناسب ہے اور ان کی ترویج کے قابل ہے۔ (i) انتظامی مستعدی، اور (ii) تکنیکی قابلیت؟ ضروری بہتریاں تجویز کریں؟

133- نگرانی کرنے والے سٹاف کی اہلیت کیا ہونی چاہیے اور انہیں کیسے منتخب کیا جائے؟

134- ثانوی سکولوں کی نگرانی کس حد تک موثر ہے؟ اسے کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے؟

135- نگرانی کرنے والے سٹاف کی دوران ملازمت تربیت کا انتظام کیسے کیا جائے؟

136- کیا نگرانی کرنے والے کو تربیتی کالجوں اور ثانوی سکولوں کے سٹاف کے ساتھ مبادلہ پذیر ہونا چاہیے؟

137- اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ حکومت کے وسائل محدود ہیں اور حکومت کو عام اور تکنیکی تعلیم کے لیے کلی طور پر مالی وسائل مختص کرنا ہوتے ہیں۔ کس حد تک ثانوی تعلیم کو مالی معاونت دیں؟ (i) حکومت (ii) مقامی حکومتیں (iii) مقامی کمیونٹیاں؟

138- اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ سکولوں کو سٹاف، بلڈنگ اور آلات سے متعلق قوانین پر عمل کرنا ہوتا ہے، ان سے اپنے بجٹ کو متوازن کرنے کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے؟

139- i- کیا لوکل بورڈز کو سپیشل ٹیکس لگانے یا قرض لینے کے لیے بااختیار بنایا جانا چاہیے تاکہ وہ

ii- کیا نجی منتظمین کو تعلیم کے لیے قرض لینے کی اجازت دی جائے؟

iii- کیا ریاست کو نجی تنظیموں کو تھوڑے ریٹس پر قرض دینے چاہییں تاکہ وہ سکول کی تعمیر کے ابتدائی تخمینے کا ایک حصہ فراہم کر سکیں یا پھر عمارتوں میں بڑی سطح پر اضافے کر سکیں؟

140- کیا لوکل باڈیز اور پرائیویٹ تنظیموں کو ملنے والی موجودہ گرانٹس ان ایڈ کافی ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ کے خیال میں ایسی گرانٹس دینے کی مناسب بنیاد کیا ہے؟

141- i- تعلیم کو تجارتی طریقوں پر چلانے کو کیسے روکا جانا چاہیے؟

ii- سکولوں کی انتظامیہ کے استحصال یعنی اساتذہ پر کام کا اضافی بوجھ ڈالنا، ان کے اوقات کار میں اضافہ اور ان کی کلاسوں کا حجم بڑھانا، انہیں بہت کم تنخواہیں دینا اور سال میں کچھ عرصے کے لیے ان کی ملازمتیں ختم کرنا، سے اساتذہ اور طالبعلموں کو بچانے کے لیے کیا کیا جانا چاہیے؟

142- ثانوی سکولوں کے تناظر میں، یونیورسٹیوں، ثانوی تعلیم کے بورڈز اور تعلیم کے محکموں کی ذمہ داریوں کی تقسیم کس طرح ہونی چاہیے؟ ان کی سرگرمیوں میں رابطہ کیسے قائم کیا جائے؟

143- i- کیا اس سطح پر تمام مضامین کے لیے درسی کتابیں تجویز کی جائیں یا پھر کچھ مضامین کے لیے اور باقیوں کے لیے نہیں؟ اگر ایسا ہے تو کن مضامین کے لیے؟

ii- ''نوٹس'' کے استعمال کی کیسے حوصلہ شکنی کی جانی چاہیے اور اسے کیسے روکا جائے؟

144- کیا موجودہ انتظامات ان کے لیے تسلی بخش ہیں: (i) نصاب مقرر کرنے (ii) چھاپنے (iii) درسی کتابوں کی تقسیم کے لیے؟ اگر نہیں تو بہتری کی تجاویز دیں؟

145- آپ ان میں بددیانتی کیسے روکیں گے؟ (i) حکومتی افسران (ii) تعلیمی اداروں (iii) نصاب مقرر کرنے چھاپنے اور کتابوں کی تقسیم (جیسے کتابوں کی تجارت کے معاملات ہیں)؟

146- کیا ثانوی درجے میں کام کا تجربہ یا سماجی خدمت کا کام کرنا ضروری ہونا چاہیے؟ اگر ایسا ہے، تو اس کے مخصوص مقاصد کیا ہیں ان کی تنظیم کیسے کی جائے؟

147- ان کو کس قدر اہمیت دی جائے۔ (i) منظم سماجی و ثقافتی سرگرمیوں کو (ii) کھیلوں اور جسمانی تعلیم کو (iii) مشاغل کو؟ ان غیر نصابی سرگرمیوں کو ہر ہفتے کے ٹائم ٹیبل میں کتنا وقت دیا جائے؟

148- i- مطالعاتی کورسوں میں صنعتی ہنر (لکڑی کا کام، دھات کا کام، بجلی وغیرہ) کو کتنا حصہ دیا جائے؟ کیا آپ سمجھتے ہیں ہر ثانوی سکول کو ان میں سے ایک مضمون پڑھانا چاہیے؟

ii- کیا تمام طالبعلموں کو بنیادی دستی آلات کا استعمال آنا چاہیے؟

149- i- یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ زراعت پاکستان میں بنیادی پیشہ ہے، درج ذیل نصاب میں اس کی کیا جگہ ہونی چاہیے (a) دیہاتی سکولوں میں (b) شہری سکولوں میں؟

ii- کس درجہ پر اور کس شکل میں اس مضمون کو متعارف کرایا جائے؟ کورس کا دورانیہ کیا ہونا چاہیے؟

iii- کیا آپ اس مضمون کو پڑھانے کے موجودہ انتظامات سے مطمئن ہیں؟ آپ اس میں کیا بہتری تجویز کریں گے؟

iv- اس مضمون میں عملی تربیت کا انتظام کیسے کیا جائے؟

150- i- مختلف کاموں اور پیشوں کے لیے پیشہ وارانہ تربیتی اداروں میں داخلے کی کم سے کم عمر کیا ہونی چاہیے؟

ii- ان تربیتی کورسوں میں داخلے کی کم سے کم اہلیت کیا ہونی چاہیے؟

151- کیا داخلے سے پہلے رجحان کا ٹیسٹ بھی لینا چاہیے؟

152- i- اپنے علاقے میں ایسے ادارے کے لیے آپ کون سے کورسوں کو تجویز کریں گے؟

ii- آپ ان کورسوں کے کام کا انتظام کیسے کریں گے؟ پیشہ وارانہ کورس میں عام تعلیم یعنی زبان، ریاضی، سائنس وغیرہ کس حد تک شامل ہونی چاہیے؟

153- ان اداروں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور ذمہ داریاں کیا ہونی چاہئیں؟

154- ان اداروں کے اساتذہ کی تربیت کیسے کی جائے؟

155- کیا آپ سمجھتے ہیں ان اداروں کا موجودہ طریقہ انتظام تسلی بخش ہے؟ اگر نہیں، تو آپ کی تجاویز کیا ہیں؟

156- پیشہ وارانہ اداروں میں کس قسم کے شام یا جزوقتی کورس شروع کیے جائیں؟ (i) برائے دوران ملازمت تربیت (ii) نئے طریقے سیکھنے کے لیے (iii) نئی پیش رفتوں سے باخبر رکھنے کے لیے؟

157- i- ان کورسوں کی ہیئت اور نفس مضمون کیا ہونا چاہیے: (i) کامرس (ii) ہوم سائنس (iii) نرسنگ؟

ii- کیا ان مضامین کو پڑھانے کا موجودہ طریقہ کار تسلی بخش ہے؟ ان کورسوں کو کس طریقے سے تیار کیا جائے؟

158- کیا آپ کثیر الاطرافی سکولوں کے حق میں ہیں جہاں علمی اور تکنیکی مضامین میں کئی ایک اختیاری کورسز پڑھائے جا سکیں؟ اگر ایسا ہے، تو ہر اختیاری مضمون کی گروہ بندی کیسے کی جائے؟

159- فرض کریں پرائمری تعلیم اپنے آپ میں ایک مکمل تعلیمی سطح ہے، درج ذیل امور بارے رائے دیں؟
i- اس کے مقاصد
ii- پرائمری سکول میں داخلے کی عمر
iii- کورس کی مدت؟

160- مقامی کیمونٹی میں پرائمری تعلیم کی اہمیت کیا ہے؟ آپ ان دونوں کے بیچ موثر رابطے کو ترویج کیسے دیں گے؟

161- i- کیا طالبعلموں کی قابلیت اور رجحان کو مدنظر رکھتے ہوئے موجودہ نصاب کو مناسب کہا جاسکتا ہے؟ آپ بہتری کے لیے کیا تجویز دیں گے؟
ii- کیا پرائمری سکولوں میں طالبعلموں اور کیمونٹی کے لیے کھیلوں کی سہولیات یا تفریحی مراکز موجود ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ انہیں ایسا کرنے میں مدد دینے کے لیے کیا عملی اقدامات تجویز کریں گے؟
iii- کیا ان میں لائبریریاں اور پڑھنے کے لیے عام دلچسپی کی اور چیزیں موجود ہیں؟ کیمونٹی ان سے کس حد تک مستفید ہوتی ہے؟

162- i- ایک پرائمری ٹیچر کی کم سے کم علمی اور پیشہ وارانہ اہلیت کیا ہونی چاہیے؟ اساتذہ کی تربیت کے پروگرام کو بہتر بنانے کے لیے ضروری تجاویز دیں؟
ii- کیا آپ اساتذہ کی وقتاً فوقتاً تربیت کو لازمی بنائیں گے؟
iii- کیا آپ عام سکولوں میں تربیت کی کوالٹی سے مطمئن ہیں؟ اگر نہیں، تو براہ کرم بہتری کے لیے تجویز دیں؟

163- آپ کے خیال میں پرائمری سکول کے اساتذہ کا رتبہ اور تنخواہ کیا ہونی چاہیے؟ آپ ایک فرد کو پرائمری سکول ٹیچر بننے کی ترغیب دینے کے لیے کیا تجویز کریں گے؟

164- i- ہمہ گیر پرائمری تعلیم بلاشبہ ایک مقصد ہے۔ اس عظیم ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے اٹھائے جانے والے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے کیا عملی اقدامات تجویز کریں گے؟
ii- آپ کے خیال میں انہیں بہم پہنچانے کی ذمہ داری پوری کرنے کے لیے

(a) بلڈنگ (b) آلات اور فرنیچر (c) ٹیچنگ سٹاف کے حوالے سے کیسے اقدامات ضروری ہیں۔ اساتذہ کو کیمونٹی جہاں پر سکول ہے، سے منتخب کیا جائے اور اس مقصد کے لیے حکومت کو ضروری ٹیکس لگانے چاہیں؟

165- اوپر بیان کیے گئے پرائمری سکول کے لیے انتظام نظم ونسق کیا ہونا چاہیے؟

166- پچھلے سوالوں کے جوابات کی روشنی میں پرائمری سکول کو کنٹرول کیسے کیا جائے اور اس کا نظم ونسق کیسے چلایا جائے؟

167- کیا عورتوں کی تعلیم جیسا کہ وہ مردوں کی تعلیم سے مختلف ہے، کو خصوصی توجہ کی ضرورت ہے؟ اگر ایسا ہے تو بتایئے کس طرح اور کیوں؟

168- براہ کرم خواتین کی ان خصوصی ذمہ داریوں کی وضاحت کریں جو ملکی اور ثقافتی ترقی کے لیے ضروری ہوسکتی ہیں؟

169- آپ سکولوں اور کالجوں میں ہوم اکنامکس کی تدریس کو کیا درجہ دیتے ہیں؟

170- مختلف شعبوں اور پیشوں میں خواتین کی تعلیم وتربیت کے مسائل کیا ہیں اور ان سے کیسے نمٹا جاسکتا ہے؟

171- کیا آپ کے خیال میں یہ بہتر اور قابل عمل ہے کہ پرائمری سکولوں میں تمام بچوں کو خواتین اساتذہ پڑھائیں؟ دیہاتوں میں کام کے حالات کو خواتین اساتذہ کے لیے دلچسپ اور خوشگوار بنانے کے لیے کیا خصوصی سہولتیں دی جائیں؟

172- لڑکیوں کے سکول اور خواتین کے کالج بہتر بنانے کے لیے تجاویز دیں جو ان تجاویز سے مختلف ہوں جو آپ عام تعلیم کے لیے دیں؟

173- تعلیمی اداروں میں کھیل یا تفریح منظم کرنے پر کتنا زور دینا چاہیے؟

174- اگر یہ سچ ہے کہ فی زمانہ کھیل وتفریح میں شامل ہونے میں کم دلچسپی لی جارہی ہے تو یہ دلچسپی کس حد تک سنجیدگی سے لینی چاہیے اور اس رجحان کو تبدیل کرنے کے لیے کیا اقدامات کیے جائیں؟

175- تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے پروگرام کے اخراجات کیسے پورے کیے جائیں؟

176- کیا غیر معمولی ذہین طالبعلموں کو مالی اور تعلیمی رعایتیں دینی چاہئیں؟ اگر ایسا ہے تو ایسی رعایتوں کی حد اور شکل کیا ہونی چاہیے؟

177- ہمارے لوگوں کے وسائل، خواہشات اور رویوں کو مدنظر رکھتے ہوئے، آپ کے خیال میں کھیل وتفریح کے کون سے پروگراموں کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے؟

178- اس ضمن میں کون سے لوک رقص اور کھیل زیادہ توجہ کے مستحق ہیں؟

179- تعلیم کے مختلف مدارج کو مدنظر رکھتے ہوئے سکولوں اور کالجوں میں، جسمانی تعلیم کو بطور نصاب کے ایک مطلوبہ مضمون یا غیر نصابی سرگرمی کے شامل کرنے پر کتنا زور دینا چاہیے؟

180- آپ جسمانی تعلیم کے لیے کس قسم کی سہولتوں اور ساز وسامان کو ناگزیر سمجھتے ہیں؟

181- فرض کریں بڑے قصبوں میں کھیل کے میدان نہیں ہیں، ایسی جگہوں پر جسمانی تربیت (پی ٹی) کے لیے کیا سامان دیا جائے؟

182- مختلف سطحوں پر جسمانی تربیت کے اساتذہ کی اہلیت، تنخواہیں اور رتبہ کیا ہونا چاہیے؟

183- کیا تربیت یافتہ ملازمین کی مناسب تعداد موجود ہے؟ اگر نہیں تو اس کمی کو کیسے پورا کیا جاسکتا ہے؟

184- کیا آپ جسمانی تعلیم کے کالجوں میں بہتری کے لیے کچھ تجاویز دیں گے؟

185- مختلف قسم کے تعلیمی اداروں میں صحت کے لیے کم سے کم کون سی سہولیات دی جائیں؟ ایسی سہولتوں کے لیے مالی وسائل کیسے حاصل کیے جائیں؟

186- کیا آپ پاکستان میں رومن رسم الخط اپنانے کی حمایت کرتے ہیں؟

187- کیا آپ سمجھتے ہیں اس قدم سے
i- عوام کو کم وقت میں خواندہ بنایا جاسکتا ہے؟
ii- سکول کے بچوں پر دوسری اور تیسری زبانیں سیکھنے کے بوجھ میں کمی ہوگی؟
iii- قومی زبان کی تشکیل ہوسکے گی اور قوم متحد ہوگی؟
iv- کتابی مواد شائع کرنے میں سہولت ہوگی؟
v- کئی اور دوررس اثرات مرتب ہوں گے؟

188- میڈیکل کالجوں میں داخلے کے لیے تعلیمی اہمیت کیا ہونی چاہیے؟

189- کیا میڈیکل کالجوں کو عام امتحان کے علاوہ ایک داخلہ ٹیسٹ بھی لینا چاہیے؟ کیا ایسے ٹیسٹ میں رجحان کا ٹیسٹ بھی شامل ہونا چاہیے؟

190- بیچلرز ڈگری کورس کی مدت کیا ہونی چاہیے اور آپ پری کلینک اور کلینک شعبوں کا انتظام کیسے کریں گے؟

191- میڈیکل کے نصاب میں سماجی اور انسانی علوم کو کس حد تک شامل کیا جائے؟

192- کیا میڈیکل کالجز ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ڈاکٹر تیار کررہے ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ کے پاس یہ تعداد بڑھانے کے لیے کیا تجاویز ہیں؟

193- کیا طبی تعلیم کا موجودہ پروگرام طالبعلموں میں مناسب قابلیت پیدا کرتا ہے؟ (i) لیبارٹری کے موجودہ طریقوں میں (ii) احتیاطی ادویات اور صحت عامہ (iii) جراحی؟ اگر نہیں، تو براہ کرم بہتری کے طریقوں اور ذریعوں پر تجاویز دیں؟

194- سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی پوسٹ گریجوایٹ تربیت کے لیے موجودہ انتظامات مناسب ہیں؟ اگر نہیں تو انہیں بہتر بنانے کے لیے ٹھوس تجاویز دیں؟

195- آپ میڈیکل کالجوں کے موجودہ انتظام نظم ونسق کے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟ آپ ان میں بہتری کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

196- کیا میڈیکل کالجز مناسب تحقیق کررہے ہیں؟ آپ کے پاس بہتری کے لیے کیا تجاویز ہیں؟

197- i- میڈیکل کالجوں کے مختلف درجوں کے اساتذہ کی اہلیت، ملازمت کی شرائط، فرائض اور استحقاق کیا ہونے چاہیں؟
ii- پری کلینک شعبوں میں اہل افراد کو رکھنے کے لیے ان کی دلچسپی کیسے پیدا کی جاسکتی ہے؟

198- میڈیکل کے مختلف شعبوں میں رکھے جانے والے ٹیکنیشنز کی تعلیم اہمیت اور تربیت کیا ہونی چاہیے؟

199- کیا آپ سمجھتے ہیں کہ مناسب تعداد میں ٹیکنیشنز موجود ہیں اور وہ کام میں مستعد ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ کے پاس کیا تجاویز ہیں؟

200- نرسوں کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے، آپ ملک میں نرسوں کے پیشہ کو مقبول بنانے کے لیے کیا تجویز کریں گے؟ براہ کرم، ان کے لیے ٹھوس اقدام تجویز کریں (i) مطالعاتی کورس اور مطالعاتی مواد (ii) شرائط ملازمت برائے (a) خواتین (b) مرد۔

201- معذور بچوں کی تعلیم کا مقصد اور نفس مضمون کیا ہونا چاہیے؟

202- کیا معذور بچوں کے لیے مناسب تعلیمی سہولتیں موجود ہیں؟ اگر نہیں، تو آپ ان سہولتوں کو بہتر بنانے اور پھیلانے کے لیے کیا تجاویز دیں گے؟

203- چونکہ عام اور تکنیکی تعلیم کے تمام شعبوں کے لیے حکومتی وسائل محدود ہیں، معذور افراد کی تعلیم کے لیے مندرجہ ذیل کتنے مالی وسائل دیں (i) حکومت (ii) مقامی حکومتیں (iii) مقامی کیمونٹیاں؟

# سرگرمیاں

## گوجرانوالہ کی ترقی میں نوجوانوں کے عملی اقدامات

نوجوانوں کی تنظیم برگد نے 1997 میں نوجوانوں کے لئے کام کرنے کا فیصلہ کیا تو اس میں تمام گروہوں، طبقوں اور مذاہب کے نوجوان شامل تھے۔ برگد نے تعلیمی اداروں میں کام شروع کرنے کے ساتھ ساتھ مدارس میں زیر تعلیم نوجوانوں پر بھی خصوصی توجہ دی۔ برگد لڑکیوں کے مسائل کو خصوصی اہمیت دیتی ہے۔ سکول کالج جانے والی لڑکیوں کی مانند مدارس جانے والی لڑکیوں کو بھی لاتعداد مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔ انہیں گھر سے باہر صرف مدرسہ جانے کی اجازت ہوتی ہے۔ ان کے پاس ایسی کوئی جگہ نہیں ہوتی جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو اجاگر کرسکیں اور اپنی شخصیت کو نکھار سکیں۔ بہت سی لڑکیاں صرف دینی تعلیم حاصل کرتی ہیں۔ کسی علاقہ میں لڑکیوں کا کالج ہو نہ ہو تین چار مدرسے ضرور ہوتے ہیں۔ بطور این جی او، مدارس کے ساتھ مل جل کر کام کرنا آج کے دور میں آسان کام نہیں رہا۔

برگد آفس میں لڑکیوں کے لیے کوکنگ سکھانے کا اہتمام کیا گیا جس میں مدرسے کی لڑکیوں کو بھی بلایا گیا۔ یہ جاننے کے لیے کہ مدرسوں میں پڑھنے والی لڑکیوں کی دلچسپی کس طرح کے ہنر سیکھنے میں ہے ایک جائزہ لیا گیا۔ یہ سروے ایک سادہ سے سوالنامہ پہ مشتمل تھا جسے کچھ مدارس نے حل کرنے کی اجازت دی اور باقیوں نے انکار کر دیا۔ جتنے فارم پُر ہوئے ان کے مطابق سب سے زیادہ خواہش بیوٹیشن کورس کی تھی جبکہ اسکے بعد سلائی کڑھائی اور کمپیوٹر سیکھنے کی طلب تھی۔

اس سروے کی بنیاد پہ ایک پراجیکٹ ڈیزائن کیا گیا جسے برطانوی سفارتخانے کا مالی تعاون حاصل تھا۔ یہ منصوبہ جنوری 2006 کو شروع ہوا اور اس کا دورانیہ ایک سال تھا۔ اس منصوبے کے تحت گوجرانوالہ کے علاقے میں موجود لڑکیوں کے مدرسوں میں مختلف پروگرام کیے گئے جن میں مختلف کورسسز اور موضوعاتی بحث ومباحث شامل تھے۔

برگد نے اپنے ایک سالہ منصوبے کی تکمیل کے لیے مدرسوں میں جانا شروع کیا۔ کچھ لڑکیاں برگد کے پروگراموں میں شرکت کرنا چاہتی تھیں لیکن وہاں کی انچارج باجیوں نے مدرسوں میں پروگرام کرنے کی اجازت نہ دی۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے اس علاقے میں لڑکیوں کا ایک ریسورس سنٹر بنایا گیا تاکہ مدرسے کی لڑکیاں شامل ہوسکیں۔ یہاں یہ بتانا ضروری ہے کہ مدرسے کی کچھ لڑکیوں کو برگد کے دفتر آنے کی بھی اجازت نہیں ملتی تھی لیکن ریسورس سنٹر بنانے سے یہ مسئلہ ختم ہو گیا۔ ریسورس سنٹر کا نام بانی پاکستان کی زوجہ رتی جناح کے نام پر رکھا گیا اور اسے کشمیر کالونی راہوالی میں بنایا گیا۔

BHC پروجیکٹ بارے ایک اجلاس۔





اکھڑ ریسورس سنٹر میں فلم سکریننگ کے پروگرام کا ایک منظر۔

27 اپریل 2006ء کو لڑکیوں کے ریسورس سنٹر کا باقاعدہ افتتاح قرآن خوانی سے کیا گیا۔

رتی جناح ریسورس سنٹر کی انچارج محترمہ شاہین ہیں جو عرصہ سات سال سے برگد کے ہمراہ کام کر رہی ہیں انہوں نے اس کام کے حوالے سے بتایا ''ہم اس ریسورس سنٹر میں مختلف قسم کے ہنر سکھائیں گے مثلاً فیشل کرنا، بیوٹیشن کورس، کوکنگ کورس، منقیش لگانا، ٹائی اینڈ ڈائی، وغیرہ۔

عام طور پر این جی اوز کے حوالے سے بہت سی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں یہ بے راہرو ہیں کچھ کے نزدیک ہم مغربی تہذیب کو یہاں رائج کرنا چاہتے ہیں، کچھ ہمیں کسی بڑی سازش کی کڑی قرار دیتے ہیں۔ میں یہاں اس بارے کوئی وضاحت نہیں کروں گی۔ جیسے جیسے آپ ہمارا کام دیکھیں گے آپ کو خود بخود اندازہ ہو جائے گا کہ ہم کس قدر ''خطرناک'' ہیں۔ ہمارے اپنے معاشرے میں بہت سے متمول حضرات، کسی نہ کسی حوالے سے بہت سے خاندانوں کی مدد کرتے رہتے ہیں۔ اب باہر کے ممالک میں اس کام کے لیے ادارے بنا دیئے گئے ہیں۔ وہ اشتہار چلاتے ہیں کہ افریقہ میں بھوک سے نبٹنے کے لیے رقوم درکار ہیں، بہت سے لوگ 20,10 پاؤنڈ فی کس کے حساب سے جمع کروا دیتے ہیں۔ یوں وہاں جو ادارے یہ پیسہ اکٹھے کرتے ہیں وہ اسے ہمارے جیسے ملکوں میں تعلیم، صحت، روزگار وغیرہ کے حوالے سے خرچ کرتے ہیں۔ حکومتوں نے بھی اس حوالے سے فنڈز مختص کیے ہوتے ہیں۔ برگد کا شمار بھی ان مقامی اداروں میں ہوتا ہے جو بیرونی فنڈز لیتے ہیں۔ تاہم برگد اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ موثر انداز میں کام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے معاشرے کی مثبت اقدار سے ہم آہنگ ہو کر کام کریں۔ مغرب سے سیکھنا اور بات ہے مگر مغرب کو عقل وشعور کا ''گھنٹہ گھر'' قرار دے دینا غلط ہے۔ اب قائداعظم اور علامہ اقبال دونوں نے مغرب سے تعلیم حاصل کی تھی مگر وہ ہم سے اچھے مسلمان تھے۔ ہمارا معاشرہ ذات برادری سمیت بہت سی جاگیردارانہ روایات میں الجھا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے معاشرے میں عورتوں کو زیادہ دبایا جاتا ہے۔ بس ہم اس کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں۔''

## فیشل کلاس

پچیس تاریخ کو آفس سے مس بشریٰ، حبیبہ بٹ اور شکیلہ کوکب رتی جناح ریسورس سنٹر پہنچیں جہاں کچھ لڑکیاں پہلے سے موجود تھیں۔ سب سے پہلے گروپ کا تعارف کروایا گیا۔

اس کے بعد بشریٰ بٹ نے کہا ''تمام لوگ آ چکے ہیں اب ہم اپنی کلاس کا باقاعدہ آغاز کرتے ہیں۔ میں چاہوں گی کہ آپ لوگوں میں سے کوئی لڑکی فیشل کے لیے آ جائے جس کا چہرہ آپ لوگ مناسب سمجھتے ہیں اور جس کے چہرے پہ فیشل کا رزلٹ صحیح پتہ چل سکے۔'' گروپ میں سے ایک لڑکی جس کا نام سمیرا تھا فیشل کے لیے آئی۔ اسی دوران ہمیں کچھ اور لوگوں نے جوائن کیا۔

بیوٹیشن نے فیشل کے آغاز میں فیشل کے دوران استعمال ہونی والی مختلف لوشن اور کریموں کے بارے میں اور ان کی کمپنیوں کے بارے میں معلومات دیں۔ یہ بھی بتایا کہ کونسی کمپنی کی کی پراڈکٹس معیاری ہوتی ہیں۔ اس کے بعد فیشل کے مختلف مراحل بتائے۔ سمیرا کے چہرے پر پریکٹس کی۔ فیشل کے بعد لڑکیوں نے جلد کی صفائی اور خوبصورتی کے طریقے پوچھے۔ بیوٹیشن نے گروپ کو مفید ٹوٹکے بتائے کہ گھر میں جلد کی صفائی کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بالوں، ہاتھوں پیروں کو صاف اور خوبصورت بنانے کے ٹوٹکے بتائے۔



برگد کے دفتر میں کوکنگ کلاس۔

آخر میں گروپ میں ایک فارم تقسیم کیا گیا کہ آئندہ یہ گروپ کیا سیکھنا چاہے گا۔ فارم پر مختلف ہنر لکھے ہوئے تھے مثلا کوکنگ، بیکنگ، مقیش لگانا وغیرہ۔ گروپ نے فارم بہت شوق سے پُر کیا اور خواہش کی کہ آئندہ بھی ہمیں بیوٹیشن سے متعلقہ کوئی چیز سکھائی جائے۔ زیادہ تر لڑکیاں پارٹی میک اپ اور بیس سیکھنے میں دلچسپی رکھتی تھیں۔

## مقیش کورس

گروپ کی دلچسپی کی وجہ سے ان کے لیے دو ہفتے کے مقیش کورس کا اہتمام کیا گیا۔ مقیش ایک سلور کی تار ہوتی ہے جو خواتین کے کپڑوں پہ استعمال ہوتی ہے۔ اس کورس کا دورانیہ دو ہفتے تھا۔

28 جون کورتی جناح ریسورس سنٹر میں مقیش کورس شروع ہوا۔ اس کورس کی ٹریز مس شکیلہ کوکب تھیں۔ پہلے دن گروپ کو مقیش کی اقسام، قیمت، اہمیت اور اہم باتوں کے بارے میں لیکچر دیا گیا۔ یہ بتایا کہ اس ہنر کو سیکھتے ہوئے کن چیزوں کی ضرورت ہے۔ اس کے علاوہ مقیش لگانے کے مختلف مراحل کے بارے میں بتایا گیا۔ مقیش لگانے کے لیے سب سے پہلے سوئی میں دھاگہ ڈالنا سکھایا گیا۔ مقیش لگانے کے لیے دھاگہ ایک خاص طریقے سے ڈالا جاتا ہے۔ دھاگہ ڈالنے کا طریقہ تمام گروپ کو انفرادی طور پر بتایا گیا۔ اس کے بعد مقیش کو کاٹنا اور اس کی کنڈی سی بنانا بھی بتایا۔ مقیش سے دانہ بنانا بتایا پھر یہ بتایا پھول کیسے بنتا ہے۔ اس کے علاوہ مقیش سے ستارہ کیسے بنتا ہے۔ اسکے بعد مقیش سے رنگ (Ring) بنانا بتایا۔ مقیش سے پتی بنانا بھی بتائی۔ ان تمام چیزوں کو بار بار دہرایا تا کہ ان چیزوں کی پریکٹس ٹھیک طرح سے ہو۔ اس کے علاوہ پرنٹ کپڑوں پر مقیش کا لگانا اور کڑھائی میں مقیش کا استعمال بھی بتایا۔ اس کے بعد مس کوکب نے تمام مراحل کی پریکٹس کروائی تا کہ سیکھا ہوا ہنر گروپ کو ہمیشہ یاد رہے۔ اس کے علاوہ مس سلمیٰ نے گروپ کو برگد اور برٹش ہائی کمیشن کا تعارف کروایا۔ گروپ کو بتایا کہ اس ریسورس سنٹر میں آپ لوگوں کے ساتھ مختلف موضوعات پہ بات چیت بھی کی جائے گی۔ گروپ کی رائے لی گئی کہ ان کے ساتھ کس قسم کی گفتگو کی جائے۔ گروپ نے بتایا کہ ہمیں خوشی ہوگی اگر ہمارے ساتھ خواتین کے مسائل پہ بات چیت کی جائے اور بتایا جائے کہ خواتین کے ساتھ زیادتیاں کیوں کی جاتیں ہیں۔ اس نظام کو کیسے بدلا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ مختلف ملکی مسائل پر بھی بات چیت کریں تا کہ ہماری معلومات میں اضافہ ہو۔

مقیش کورس جیسے کورس کروانے سے برگد اور علاقہ کی لڑکیوں دونوں کو فائدہ ہوا۔ لڑکیوں کے پاس ایک اچھا ہنر آ گیا جسے استعمال کر کے وہ اپنی کمائی میں اضافہ کر سکیں گی جبکہ برگد کو اس کا یہ فائدہ ہوا کہ علاقہ میں اس کی پہچان بڑھی۔ برگد کا پیغام زیادہ لوگوں تک پہنچا۔ برگد ادارے پر لوگوں کا اعتماد بڑھا اور لڑکیوں کا ایک نیا گروپ وجود میں آ گیا۔

گروپ کی طرف سے یہ تجویز پیش کی گئی کہ ہمیں بیوٹیشن کا کورس کروایا جائے تا کہ شادی یا پارٹیز وغیرہ پر ہم لوگ خود ہی تیار ہو سکیں اور ہمارا بیوٹی پارلر پر اٹھنے والا خرچہ بچ سکے۔ اس کے علاوہ ہمیں کوکنگ پر اور کمپیوٹر کورس کروائے جائیں۔

اس پراجیکٹ کا بنیادی مقصد ہی یہ تھا کہ ہمارے وہ نوجوان جو تعلیمی اداروں سے وابستہ نہیں ہیں ان کے ساتھ بھی مختلف موضوعات پہ گفتگو کی جا سکے اور ان کی معلومات کا دائرہ وسیع کیا جا سکے۔ ان کے ساتھ عورتوں کو درپیش مسائل اور مشکلات پر گفتگو کی جا سکے اور پھر ان کے حل کی بات کی جا سکے۔ لیکن اعتماد کی فضا نہ ہونے کی وجہ سے مدارس میں جا کر یہ بات کرنا آسان نہیں ہوتا۔ یوں مدارس کے ساتھ اعتماد

کی فضا بنانے کے لیے مختلف تربیتی پروگرام ترتیب دیئے گئے۔ یہ تربیتی پروگرام لڑکیوں کی ضروریات کے مطابق تھے۔ مثلاً کوکنگ کورس، بیوٹیشن کورس، ٹائی اینڈ ڈائی، مقیش لگانا وغیرہ وغیرہ۔ اس سلسلے میں اب تک جتنے مدرسے وزٹ کیے جا چکے ہیں اوران سے جو رسپانس آیا وہ درج زیل ہے۔

## مدرسہ محمدی کینٹ

مس فرح نے کہا کہ ہمارے انچارج ہیں طارق بٹ۔ میں ان سے پوچھ کے آپ کو بتادوں گی کہ ہم آپ کے ساتھ مل کر کوئی کام کر سکتے ہیں کہ نہیں۔

دو دن بعد مس بشریٰ نے مس فرح سے فون پہ بات کی تو انہوں نے بتایا کہ ''اس کام کی اجازت نہیں ملی۔ ہم اس لیے آپ کے ساتھ کام نہیں کر سکتے کہ ایک تو ہم آپ کو جانتے نہیں دوسرا یہ کہ مدرسہ صرف قرآن پڑھنے اور پڑھانے کی جگہ ہے یہاں ہم دوسرے کاموں کی اجازت نہیں دے سکتے۔

## مدرسہ الہدیٰ انٹرنیشنل

مس ثروت انعام سے ملنے کے لیے مس بشریٰ کو تین مرتبہ الہدیٰ جانا پڑا۔ پہلی مرتبہ مس آسیہ نفیس سے ملاقات ہوئی۔

**برگد کا شمار بھی ان مقامی اداروں میں ہوتا ہے جو بیرونی فنڈز لیتے ہیں۔ تاہم برگد اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ موثر انداز میں کام کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اپنے معاشرے کی مثبت اقدار سے ہم آہنگ ہو کر کام کریں۔ مغرب سے سیکھنا اور بات ہے مگر مغرب کو عقل وشعور کا ''گھنٹہ گھر'' قرار دے دینا غلط ہے۔ اب قائداعظم اور علامہ اقبال دونوں نے مغرب سے تعلیم حاصل کی تھی مگر وہ ہم سے اچھے مسلمان تھے۔**

انہوں نے کہا کہ میں یہاں پہ ابھی نئی آئی ہوں یہاں کی اصل انچارج مسز ثروت انعام ہیں اور آج چھٹی پر ہیں۔ اگلے سوموار کو مسز ثروت سے ملاقات نہ ہو سکی کیونکہ وہ اس دن بھی چھٹی پر تھیں۔ تیسری مرتبہ الہدیٰ جانے پہ مسز ثروت انعام سے ملاقات ہوئی۔ بشریٰ نے انہیں برگد کا تعارف کرواتے ہوئے کہا ہم چاہتے ہیں الہدیٰ میں بھی لڑکیوں کو تربیتی پروگرامز کروائیں۔ لیکن مسز ثروت نے انکار کر دیا اور کہا کہ مدرسہ قرآن پڑھنے کی جگہ ہے۔

## منہاج القرآن

18 تاریخ کو مس بشریٰ منہاج القرآن کی انچارج مس فریحہ سراج سے ملیں۔ ان سے اپنی تنظیم کا تفصیل سے تعارف کروایا اور انہیں اپنے تربیتی پروگرام کے بارے میں بتایا۔ مس فریحہ نے کہا کہ ہماری تحریک میں کچھ اور لوگ بھی ہیں جو ہمارے سینئر ہیں۔ میں ان کی اجازت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتی۔ ان سے بات کرنے کے بعد میں آپ کو بتادوں گی کہ ہم آپ کے ساتھ مل کر کوئی پروگرام کر سکتے ہیں یا نہیں۔ اس کے ایک ہفتہ کے بعد مس فریحہ سے فون پر بات کی تو انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے سینئرز سے بات کی ہے میں معذرت چاہتی ہوں کہ ابھی ہم آپ کے ساتھ کوئی تعاون نہیں کر سکتے۔ یہ ہماری پالیسی ہے کہ ہم این جی اوز کے ساتھ کام نہیں کر رہے۔ ہو سکتا ہے کہ سال ڈیڑھ سال بعد ہم آپ کے ساتھ کام کر سکیں لیکن ابھی نہیں کر سکتے۔

رتی جناح ریسورس سنٹر میں بیوٹیشن کورس۔



## مدرسہ خورشیدیہ البنات

مدرسہ خورشیدیہ دینی تعلیم کا نجی ادارہ ہے جو کوٹلی رستم خان گوجرانوالہ میں واقع ہے۔ یہ مدرسہ دیوبند مسلک سے منسلک ہے۔ ان سے برگد سٹاف ممبر نے اپنے پراجیکٹ اور تنظیم کا تعارف کروایا جس میں انہوں نے دلچسپی لی اور کہا کہ آپ کا مقصد نیک ہے تو ہم ضرور آپ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہماری بچیوں کو بیوٹیشن کا کورس سکھائیں تو ہمیں خوشی ہوگی۔

مدرسے کی انچارج نے فون کیا کہ مدرسے کے اندر فیشل کلاس کروانا تو مشکل ہے کیونکہ لوگ باتیں کریں گے۔ مدرسہ دینی درسگاہ ہے اور یہاں پہ کس قسم کے کام سکھائے جا رہے ہیں؟ مس فرزانہ نے کہا کہ میں ذاتی طور پہ فیشل کو غیر اسلامی نہیں سمجھتی لیکن لوگ اسے غلط ہی سمجھیں گے۔ میں نے انہیں تجویز دی کہ اگر ہم کسی گھر میں فیشل کلاس کا انتظام کر لیں تو جن لڑکیوں کو فیشل کلاس میں دلچسپی ہے وہ اس میں حصہ لے سکیں۔ لہذا یہ طے کیا گیا کہ کوٹلی رستم میں ایک رضا کار کے گھر کلاس کروالی جائے۔ تاکہ قریب ہونے کی وجہ سے مدرسے کی لڑکیاں اس میں شمولیت کرسکیں۔

15 تاریخ کو مس فرزانہ نے مجھے دوبارہ فون کیا کہ کسی کے گھر میں فیشل کلاس کرنا مناسب نہیں اس لیے ہم مدرسے میں ہی کر لیتے ہیں لہذا پہلی فیشل کلاس سوموار 17-4-2006 کو مدرسہ خورشیدیہ میں کی گئی جس میں 22 لڑکیوں نے شرکت کی۔

مقررہ دن برگد آفس سے لوگ مدرسے پہنچے جہاں لڑکیاں پہلے سے موجود تھیں۔ سب سے پہلے شرکت کرنے والی لڑکیوں کے ساتھ تعارف کا سیشن کیا گیا۔

سلمٰی نے برگد کا تعارف کروایا تو لڑکیوں نے درج ذیل سوالات پوچھے۔

شبانہ: کیا برگد عورتوں کے حقوق پر کام کرتی ہے؟

سلمٰی: نہیں۔ ہم صرف عورتوں کے حقوق پر کام نہیں کرتے بلکہ انسانی حقوق پر بھی کام کرتے ہیں۔

ان مراحل سے گزرنے کے بعد فیشل کلاس کا باقاعدہ آغاز ہوا فیشل کے لیے روبینہ یعقوب منتخب کی گئی۔

شہزادی نے بہت تفصیل کے ساتھ لڑکیوں کو فیشل کرنے کا طریقہ بتایا۔ ساتھ ساتھ جلد کو صاف اور خوبصورت رکھنے کے گھریلو ٹوٹکے بھی بتائے۔ تمام لڑکیوں نے بہت دلچسپی سے فیشل سیکھا اور اس کا طریقہ نوٹ کیا۔ فیشل کے بعد بیوٹیشن نے مختلف ہیر سٹائل سکھائے۔ لڑکیوں کی خواہش پر انہیں پھول جوڑا، سٹک رول اور فرنٹ تیل سکھایا گیا۔

کلاس لینے والی لڑکیوں کو برگد کے بروشرز دیے گئے اور اس کے علاوہ ایک فارم "مستقبل میں آپ کی برگد سے توقعات" دیا گیا۔ اس میں ان سے پوچھا گیا تھا کہ وہ آئندہ کس قسم کی کلاسز پڑھنا چاہیں گی۔ مدرسہ انچارج مس فرزانہ نے کہا کہ میں تمام لڑکیوں سے مشورہ کرنے کے بعد آپ کو بتادوں گی کہ ہم اگلی کلاس کونسی لینا چاہتے ہیں۔

### کوکنگ کورس

مدرسہ خورشیدیہ میں چوبیس، پچیس، چھبیس مئی 2006 کو کوکنگ کورس کروایا گیا۔ جس میں انہیں ایک دن سویٹ ڈشز، ایک دن بیکنگ اور ایک دن حلیم چکن جلفریزی اور فروٹ سلاد بنانا سکھایا گیا۔ ان تمام کھانوں کو لڑکیوں نے بہت دلچسپی سے سیکھا۔ اسی دوران مدرسے کی لڑکیوں سے دوسرے موضوعات پہ بھی بات چیت ہوتی رہی۔

کورس کے اختتام پر ڈائریکٹر صبیحہ شاہین نے بھی شرکت کی اور اختتامی کلمات میں کہا" آپ کے پاس ہم اس لیے آئے ہیں کیونکہ مدرسے کی لڑکیوں کو یہ سب کچھ سیکھنے کے مواقع کم ملتے ہیں اور انہیں گھروں سے نکلنے کی اجازت بھی کم ہی ہوتی ہے۔ اس کے بعد ہم آپ کو ٹائی اینڈ ڈائی سکھائیں گے کہ ہم کپڑوں کو گھر میں کیسے رنگ سکتے ہیں۔ اس کے بعد ہم آپ لوگوں کو سرٹیفکیٹ دیں گے جو آپ کے مدرسے اور ہمارے ادارے کی طرف سے ہوگا۔

یہ مدرسہ دیوبند مسلک سے منسلک ہے۔ ان سے برگد سٹاف ممبر نے اپنے پراجیکٹ اور تنظیم کا تعارف کروایا جس میں انہوں نے دلچسپی لی اور کہا کہ آپ کا مقصد نیک ہے تو ہم ضرور آپ کے ساتھ تعاون کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آپ ہماری بچیوں کو بیوٹیشن کا کورس سکھائیں




HBC پراجیکٹ کی منصوبہ بندی بارے اجلاس۔




شناختی کارڈ بنوانے کی مہم کے دوران عیسیٰ نگری کے دورہ پر۔

اس کے علاوہ ہم آپ لوگوں کے ووٹ رجسٹر کروانے میں مدد کر سکتے ہیں۔ تو یہ وہ سارے کام ہیں جو ہم وقتاً فوقتاً کرواتے رہیں گے۔

**مدرسہ نواب اسلامک سنٹر وحدت کالونی گوجرانوالہ**

وحدت کالونی گوجرانوالہ میں برگد کی ایک رضاکار کی مدد سے مس بشریٰ نے اس مدرسہ سے رابطہ کیا۔ مدرسہ انچارج مس ثمینہ سے مل کے انہیں اپنے کام کے بارے میں بتایا۔ مس ثمینہ نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا۔ یہ مدرسہ دس سال سے چل رہا ہے۔ یہ مدرسہ ایک خاتون ڈاکٹر نے شروع کیا تھا۔ اس مدرسے میں بچیوں کی تعداد 70 سے 80 کے درمیان ہے۔ زیادہ تر بچیاں کم عمر ہیں جو مدرسے ہی میں رہائش پذیر ہیں جبکہ کچھ لڑکیاں پڑھنے کے بعد گھروں کو چلی جاتی ہیں۔

چھ نومبر کو آفس سے بشریٰ اور زیر تربیت نصرت بی بی مدرسہ پہنچیں۔ کلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک اور نعت رسولؐ مقبول سے ہوا۔ اس کے بعد گروپ کا تعارف ہوا۔ مس بشریٰ نے برگد کا تعارف کروایا۔ گروپ نے برگد کے متعلق سوالات کیے۔ اس کے بعد مس نصرت نے ایک سال کے بچے کے کپڑوں کی کٹائی کا طریقہ بتایا۔ یوں پہلے دن کی کلاس ختم ہوئی۔

دوسرے دن مس نصرت نے پہلے دن والے کٹائی کا ٹیسٹ لیا اور پھر اگلے دن کا کام بتایا۔ اسی طرح آخری یعنی تیسرے دن بھی پہلے ٹیسٹ لیا اور پھر اگلے دن کا کام بتایا۔

گروپ کی انچارج مس ثمینہ نے برگد کا شکریہ ادا کیا اور اس بات پہ بہت خوشی کا اظہار کیا کہ برگد نے انکے مدرسے میں آ کر ان کو کٹنگ کورس کروایا۔ گروپ نے کہا کہ ہمیں خوشی ہو گی اگر برگد تنظیم ہمیں نہ صرف مختلف کورسسز کروائے بلکہ مختلف موضوعات پہ معلومات فراہم کرے۔ مدرسہ انچارج مس ثمینہ نے تجویز دی کہ اس کے بعد لڑکیاں مقیش کورس کرنا چاہتی ہیں۔

**مدرسہ ضیاء القرآن**

یہاں بھی لڑکیوں نے کہا کہ ہمیں بھی فیشل کلاس کروائی جائے۔ اسی کے نتیجے میں آج ہم یہاں ہیں۔ اس کے بعد تعارف کروایا گیا۔

مدرسہ انچارج مس ثمینہ سے مل کے انہیں اپنے کام کے بارے میں بتایا۔ مس ثمینہ نے اس بات پر خوشی کا اظہار کیا۔ یہ مدرسہ دس سال سے چل رہا ہے۔ یہ مدرسہ ایک خاتون ڈاکٹر نے شروع کیا تھا۔



زیر تربیت خواتین کے لیے برگد نے ایک خصوصی پارٹی کا انتظام کیا۔ یہ یادگار تصویر اس موقعہ پر لی گئی ہے۔



ویمن ایکشن فورم کے پروگرام میں یوتھ اسمبلی میں شریک برگد کے رضا کار۔

بشریٰ نے کہا کہ اب ہم اپنی کلاس کا آغاز کرتے ہیں آپ لوگوں میں سے کوئی ایک لڑکی فیشل کے لیے آ جائے۔ گروپ نے فرزانہ کے چہرے پہ فیشل کرنے کا فیصلہ کیا۔ بیوٹیشن نے فیشل کے آغاز میں فیشل کے دوران استعمال ہونے والی مختلف لوشن، کریموں، کمپنیوں بارے معلومات دیں۔ فیشل کے بعد لڑکیوں نے جلد کی صفائی اور خوبصورتی کے طریقے پوچھے۔ بیوٹیشن نے گروپ کو مفید ٹوٹکے بتائے کہ گھر میں جلد کی صفائی کے لیے ہم کیا کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بالوں، ہاتھوں پیروں کو صاف اور خوبصورت بنانے کے ٹوٹکے بتائے۔

تمام گروپ نے فیصلہ کر کے بتایا کہ آئندہ انہیں پارٹی میک اپ کی کلاس کروائی جائے۔

مدرسوں کے ساتھ کام کرنے کا ایک یہ نتیجہ سامنے آیا کہ یہ پروگرام ان لڑکیوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے جنھیں گھروں سے نکل کر سیکھنے کا موقع کے مواقع میسر نہیں آتے۔ بدقسمتی سے عمومی طور پر اکثر یہ سوچا جاتا ہے کہ مدرسوں میں پڑھنے والی لڑکیوں کو اس طرح کی تربیت کی ضرورت نہیں۔ نہ تو انہیں میک اپ کرنا چاہیے نہ فیشن وغیرہ۔ لیکن مدرسوں کے ساتھ ساتھ کام کرنے سے ہمیں پتہ چلا کہ فیشن یا میک اپ ان کی بھی ضرورت ہے۔

**سٹڈی سرکل**

سٹڈی سرکل برگد کی ایک ماہانہ سرگرمی ہے۔ اس میں مختلف موضوعات پر بحث ومباحثہ کیا جاتا ہے تاکہ ان کی معلومات میں اضافہ ہو۔ ان کے ساتھ ایسے موضوعات پہ بحث کی جاتی ہے جو اس گروپ کو اپنے ماحول سے مختلف نہ لگیں۔

13 اکتوبر کو ایک گروپ کے ساتھ سٹڈی سرکل ہوا۔ یہ وہ گروپ تھا جو گھروں میں سلائی کڑھائی کرنے والی لڑکیوں

پر مشتمل تھا۔ ان کی تعلیم میٹرک ایف اے سے زیادہ نہیں۔ بات چیت اس طرح شروع کی گئی جوان کی سمجھ میں آجائے۔ مس سلمیٰ نے گفتگو کا آغاز تعارف سے کیا اور ان سے پوچھا کہ عام طور پر لڑکیوں کے مسائل کیا ہوتے ہیں؟ فریدہ نے اپنا ایک ذاتی مسئلہ گروپ کے سامنے بطور مثال رکھا۔ مس سلمیٰ نے بتایا کہ معلومات نہ ہونی کی وجہ سے فریدہ کے شوہر نے اس کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ قانون کے مطابق اتنے چھوٹے بچوں کو شوہر بیوی سے نہیں چھین سکتا۔ فریدہ بی بی نے بتایا کہ ہمارے معاشرے میں عدالتوں میں جانے والی خواتین کو اچھا نہیں سمجھتے۔ ویسے بھی ہم غریب لوگ ہیں عدالتوں اور وکیلوں کی فیس نہیں بھر سکتے۔ مبین نے بتایا کہ ہمارا سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہمیں گھروں سے باہر جانے کی اجازت نہیں ملتی۔ بھائی کہتے ہیں باہر کے حالات اچھے نہیں ہیں؟ شائستہ نے بتایا کہ ہمارے معاشی حالات ٹھیک نہیں ہیں اس وجہ سے ہم اپنی تعلیم جاری نہیں رکھ سکتیں۔ حمیدہ نے کہا کہ مہنگائی بہت بڑا مسئلہ ہے۔ مس سلمیٰ نے بات کو آگے بڑھاتے ہوئے دوسرا سوال کیا کہ آخر یہ غربت کہاں سے آتی ہے؟ اس کے زیادہ اثرات لڑکیوں پہ ہی کیوں ہوتے ہیں؟ مس نصرت نے جواب دیا کہ ہمارے معاشرے میں کمائی چونکہ باپ، بھائی بیٹا یا شوہر کرتے ہیں اس لیے گھروں میں انہی کی بات مانی جاتی ہے۔ شائستہ نے بتایا کہ لڑکیوں کو یہ بھی ایک مسئلہ ہے کہ انہیں سکول کے علاوہ کسی اور جگہ مثلاً دفتر وغیرہ میں نوکری کرنے کی اجازت نہیں ملتی جبکہ سکول میں تنخواہ بہت کم ہوتی ہے۔ گروپ کو برگد کی ایک پرانی ممبر مس ستارہ اقبال سے ملوایا گیا۔ انہیں بتایا گیا کہ مس ستارہ نے بی اے کیا ہوا ہے اور وہ برجر آفس میں بہت اچھی نوکری کر رہی ہیں۔ مہینے کا بیس ہزار کما رہی ہیں۔ اسی طرح برگد کی ساری تربیت یافتہ لڑکیاں بہت اچھی جگہوں پر نوکریاں کر رہی ہیں اور ساتھ ساتھ اپنی تعلیم بھی مکمل کر رہی ہیں۔ مس سلمیٰ نے گروپ سے پوچھا کہ کیا لڑکی کی کمائی پہ کسی

**پنجاب بھر میں صوفیا کے انسان دوست کردار کی وجہ سے لوگ جوق در جوق مسلمان ہوئے۔ ہر مذہب کے ماننے والوں سے پیار کرنا، مذہبی و فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو مقدم جاننا اور حقوق العباد کو اولین ترجیح دینے کا جو سبق صوفیا نے ہمیں دیا، اگر اسے بھلا نہ دیا ہوتا تو آج ہمیں اپنے معاشرے میں فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کا سامنا نہ ہوتا۔**



ووٹ دینے والے نوجوانوں کی تربیت کے لیے منعقدہ پروگرام کی تصویر۔ اس پروگرام میں گوجرانوالہ کے خواتین کالجوں سے طالبات نے شرکت کی۔

کو اعتراض ہوتا ہے؟ مس شاہین نے جواب دیا کہ نہیں۔ زیادہ تر دیکھنے میں آیا ہے کہ اگر لڑکی کچھ کما کے گھر لا رہی ہو تو پھر اسے باہر جانے کی اجازت ہوتی ہے یا یوں کہہ لیں کہ پھر اس پہ اتنی پابندیاں نہیں ہوتیں۔ اس کی گھر میں ایک حیثیت بن جاتی ہے۔

## معلوماتی دورہ

**داتا دربار، میوزیم، پیس پلازہ، الحمرا**

برگد کے رضا کاروں کو تفریح کے ساتھ ساتھ مختلف جگہوں کو دیکھنے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے تاکہ گروپ کی معلومات میں اضافہ ہو۔ ایسے مواقع پر سینئر اور کور گروپ کو شامل کیا جاتا ہے جس میں انہیں مختلف ذمہ داریاں بھی دی جاتی ہیں مثلاً رجسٹریشن کروانا، گروپ لیڈر بنانا، رپورٹ لکھنا گاڑی کا انتظام کرنا وغیرہ وغیرہ۔

گروپ کا آپس میں رابطہ ہوتا ہے اور وہ ایک بڑے گروپ کو احسن طریقہ سے چلانے کے بارے بھی جان جاتے ہیں۔ اپنے کام کا دوسرے لوگوں کے کاموں سے موازنہ کرتے ہیں اور اپنی غلطیوں سے سیکھتے ہیں

31 نومبر کو 41 لوگوں کا گروپ روانہ ہوا۔ اس میں 24 لڑکیاں 17 سترہ لڑکے تھے۔ ان کا تعلق اکھڑ ریسورس سنٹر اور رتی جناح ریسورس سنٹر سے تھا۔ پروگرام کے مطابق سب سے پہلے لوگ داتا دربار گئے۔ حضرت داتا گنج بخش لاہور کے مشہور صوفی بزرگ ہیں۔ آپ 10 ویں صدی میں لاہور تشریف لائے تھے۔ پنجاب بھر میں صوفیا کے انسان دوست کردار کی وجہ سے لوگ جوق در جوق مسلمان ہوئے۔ ہر مذہب کے ماننے والوں سے پیار کرنا، مذہبی و فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو مقدم جاننا اور حقوق العباد کو اولین ترجیح دینے کا جو سبق صوفیا نے ہمیں دیا، اگر اسے بھلا نہ دیا ہوتا تو آج ہمیں اپنے معاشرے میں فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کا سامنا نہ ہوتا۔ داتا صاحب کے مزار پر لاکھوں مسلمان حاضری دیتے ہیں اور اپنے دل کی باتیں وہیں کرتے ہیں، دعا مانگتے ہیں۔ اسی وجہ سے لاہور کا دوسرا نام ''داتا دی نگری'' پڑ چکا ہے۔ گروپ نے بھی وہاں دعا مانگی اور اس کے بعد لاہور کے مشہور عجائب گھر چلے آئے۔

گروپ میں بہت سے لوگ ایسے تھے جو پہلی بار میوزیم گئے تھے۔ گروپ نے میوزیم میں بہت دلچسپی لی۔ یوں انہیں اپنی تاریخ سے بھی آگہی ہوئی۔ دو بجے انارکلی میں دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد اگلے مقام کی طرف روانہ ہوئے۔

تیسرا تفریحی مقام خواتین کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے پیس شاپنگ سنٹر منتخب کیا گیا۔ ''پیس'' کا انتخاب اس لئے کیا گیا کیونکہ گوجرانوالہ میں پیس جیسے جدید شاپنگ سنٹر موجود نہیں ہیں۔ گروپ کو پیس میں گھومنے پھرنے کے لیے ایک

گھٹنہ ملا جس میں انہوں نے خوب مزہ کیا۔

چوتھی اور آخری جگہ الحمرا تھا۔ الحمرا میں شام پانچ بجے ''الاپ'' ''اقبال اکیڈمی لاہور'' اور ''برگد'' کے تعاون سے امن کے موضوع پہ ایک مشاعرہ منعقد کیا گیا تھا۔ مشاعرے میں سینئر شعراء احمد فراز، شہزاد احمد شامل تھے جن سے مل کر گروپ کو بہت اچھا لگا۔ مشاعرے میں گروپ کو کچھ ذمہ داریاں پوری کرنی تھیں مثلاً رجسٹریشن کروانا، چائے کا انتظام کروانا وغیرہ۔ ذمہ داریاں ختم ہونے کے بعد گروپ کو واپسی کے لیے روانہ ہونا تھا لیکن گروپ کی دلچسپی مشاعرے میں اتنی زیادہ تھی کہ لڑکیوں نے وقت کی پرواہ کیے بغیر آدھے سے زیادہ مشاعرہ سنا اور ساڑھے نو بجے گروپ گوجرانوالہ کے لئے واپس روانہ ہوا۔

## گروپ ڈسکشن

گروپ ڈسکشن برگد کی ایک ماہانہ ہونے والی سرگرمی ہے جو لڑکیوں اور لڑکوں دونوں گروپس کے ساتھ کی جاتی ہے۔ بعض دفعہ گروپ ڈسکشن میں کسی ماہر کو بلایا جاتا ہے جو اس موضوع پر دسترس رکھتے ہیں۔ جیسے اگر قانون کے حوالے سے گروپ ڈسکشن ہو تو کسی وکیل کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ بعض اوقات کوئی فلم یا کوئی ڈرامہ جو کسی خاص مسئلے پر مبنی ہو دکھا کر گروپ سے ڈسکشن کی جاتی ہے۔ آج کے گروپ ڈسکشن کا موضوع ہے عورت اور تعلیم۔ اس مسئلے پر بحث کرنے کے لیے ایک دستاویزی ڈرامہ دکھایا گیا جو کہ ایک سچی کہانی پہ مبنی تھا۔

گروپ کے ساتھ پہلے تعارف ہوا۔ اس گروپ میں کچھ لوگ نئے تھے جو پہلی بار کسی سرگرمی میں شرکت کر رہے تھے۔ ڈرامہ ایک معاشرتی کہانی پہ مبنی تھا اور اسے برگد کے تھیٹر گروپ نے پرفارم کیا تھا۔ ڈرامے کی کہانی کا مرکزی خیال ایک لڑکی تھی جسے اپنے نشئی باپ کے کارن ہر طرح کے حالات سے نبرد آزما ہونا پڑتا ہے۔ بالآخر وہ لڑکی نہ صرف خود پڑھ لکھ جاتی ہے بلکہ اپنے باپ کو بھی اس مصیبت سے نکال لیتی ہے۔

گروپ نے کہانی کو بہت پسند کیا اور اس پہ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ رقیہ نے کہا کہ ہر کام شروع میں مشکل لگتا ہے لیکن اگر مستقل مزاجی اور ایمانداری سے کرتے رہیں تو اس کا صلہ ضرور ملتا ہے۔ صباحت نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میرے خیال میں لڑکیوں کی تعلیم پر والدین کو زیادہ توجہ دینی چاہیے کیونکہ لڑکیاں والدین کا زیادہ خیال رکھتی ہیں۔ لیکن ہمارے معاشرے کی بدقسمتی ہے کہ یہاں لڑکیوں کی تعلیم کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی۔ فرزانہ نے کہا برگد کی یہ بہت اچھی کوشش ہے۔ اس سے ان لڑکیوں کے دلوں میں بھی کچھ کرنے کا جذبہ پیدا ہوتا جو گھروں میں رہتی ہیں اور جنھوں نے اس سے پہلے اس انداز میں بھی نہیں سوچا ہوتا۔ تمام گورپ نے اسی طرح کے خیالات کا اظہار کیا اور آج کے مباحثہ کو بہت پسند کیا گیا۔

> **اس فلم کا مرکزی کردار ایک نوجوان ہے جو کہ لوگوں کو مفت انصاف فراہم کرنا چاہتا ہے۔ وہ خود ایک وکیل ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ انصاف مہنگا ہے**

## فلم سکریننگ (موکشا)

فلم سکریننگ ایک مستقل ہونے والی سرگرمی ہے جو ہر ماہ ایک اور کبھی دو مرتبہ منعقد کی جاتی ہے۔ اس سرگرمی میں قانونی مسائل، صنفی مساوات اور انسانی حقوق پر مبنی فلمیں دکھائی جاتی ہیں اور کبھی دستاویزی فلمیں بھی دکھائی جاتی ہیں۔ بعد میں ان پر بحث کی جاتی ہے۔

16 جون کو برگد آفس میں لڑکیوں کے گروپ کو قانونی مسائل پر مبنی ایک فلم دکھائی گئی جس کا نام ''موکشا'' تھا۔ اس فلم کو دکھانے کا مقصد یہ تھا کہ قانونی مسائل کے حوالے سے لڑکیوں سے بات چیت کی جائے۔ موکشا کا موضوع ہے سستا اور معیاری انصاف۔ اس فلم کا مرکزی کردار ایک نوجوان ہے جو کہ لوگوں کو مفت انصاف فراہم کرنا چاہتا ہے۔ وہ خود ایک وکیل ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ انصاف مہنگا ہے اور غریب لوگوں کی اس تک رسائی نہیں ہوتی۔ اس کے علاوہ ایک وجہ یہ بھی ہے کہ عوام میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جن کے ساتھ اگر کوئی زیادتی ہوتی ہے تو انہیں یہ علم ہی نہیں کہ اس کے متعلق کوئی باقاعدہ قانون موجود ہے۔ برگد ایک پراجیکٹ گورنمنٹ آف پاکستان کے ساتھ کر رہا ہے Youth Action for Acsess to Justice۔ اس پراجیکٹ کا مقصد یہ ہے کہ نوجوانوں خاص طور پہ لڑکیوں کو قانون کے متعلق شعور دیا جائے۔ فلم دکھانے کے بعد صبیحہ شاہین نے گروپ سے پوچھا کہ ان کا فلم کے متعلق کیا خیال ہے؟ شازیہ نے جواب دیا کہ میرے خیال میں اس فلم میں نوجوان کا مقصد بہت نیک تھا۔ وہ غریب لوگوں کو مفت انصاف فراہم کرنا چاہتا تھا لیکن اپنے مقصد کو حل کرنے کے لیے اس نے جو طریقہ استعمال کیا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا۔ فرزانہ نے سوال اٹھایا کہ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو کیا کرتا؟ صبیحہ شاہین نے ان کی بات کا جواب دیا کہ اس کردار کو اپنے وسائل کا استعمال کرنا چاہیے تھا اور اچھوتے پیمانے پر ہی کام شروع کر لینا چاہیے تھا۔ بجائے اس کے کہ وہ پہلے ایک ادارہ قائم کرتا اور پھر لوگوں کی خدمت شروع کرتا۔ فرزانہ نے بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنی روزمرہ کی زندگی میں دیکھیں تو افسوس ہوتا ہے کہ بہت سے لوگوں کو اپنے حقوق کا پتہ ہی نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پہ نکاح نامے پہ دستخط کرتے وقت گھر کے بزرگ ان شقوں کو کاٹ ہی دیتے ہیں کہ جس میں عورت کو طلاق دینے کا حق دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کسی عورت کو طلاق ہو جائے اور اس کے بچے چھوٹے ہوں تو وہ اس بات سے ہی خوف زدہ رہتی ہے کہ کہیں اس کے سسرال والے یا اس کا شوہر اس سے بچے ہی نہ چھین لیں۔ جبکہ قانون کے تحت جب تک بچے بالغ نہ ہو جائیں انہیں ماں سے کوئی نہیں چھین سکتا۔ بلکہ باپ کے لیے ضروری ہے کہ وہ ان بچوں کا خرچ بھی اٹھائے۔ بشریٰ نے کہا کہ ہمارے ہاں ایف آئی آر درج کروانا بھی ایک بہت بڑا کام ہے اور یہ کام ہر شخص نہیں کر سکتا۔ ہمارے ہاں چیزوں کو جاننے میں لوگوں کی دلچسپی کم پائی جاتی ہے اس لیے لوگ زیادہ تر قوانین اور باتوں کو جان ہی نہیں پاتے۔ برگد نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس ایک سال کے پراجیکٹ میں لوگوں کو ایف آئی آر درج کروانے کا طریقہ کار بتایا جائے گا۔ کوشش کی جائے گی کہ نوجوانوں کو قوانین کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات فراہم کی جائیں۔

> **میرے خیال میں اس فلم میں نوجوان کا مقصد بہت نیک تھا۔ وہ غریب لوگوں کو مفت انصاف فراہم کرنا چاہتا تھا لیکن اپنے مقصد کو حل کرنے کے لیے اس نے جو طریقہ استعمال کیا تھا وہ ٹھیک نہیں تھا۔**

# ایک رپورٹ

# جوآپکی توجہ چنداہم حقائق کی طرف مبذول کروانے کی منتظر ہے

گوجرانوالہ کے گلی محلوں میں خوف وہراس کا
شکار لڑکیوں کے بارے میں

## تحقیقی رپورٹ

Bargad

Bargad

# شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

**یہ تحقیق** گوجرانوالہ کے نوجوانوں نے از خود کی ہے۔

- اس تحقیق میں گوجرانوالہ ضلع کی گلیوں، محلوں میں لڑکیوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک بارے نشاندہی کی گئی ہے۔
- **96** فیصد لڑکیوں نے جواب دیتے ہوئے اس بات کو تسلیم کیا کہ ان کے ساتھ گلی محلوں میں ایسی حرکات اکثر ہوتیں ہیں۔
- خوف و ہراس کے خلاف موثر مہم بنانے سے قبل رضا کاروں اور پالیسی سازوں کو نوجوان لڑکے و لڑکیوں کے ذہنوں میں رچے بسے متضاد خیالات بارے جانکاری حاصل کرنا ہوگی۔
- **52** فیصد لڑکوں کے بقول وہ ایسی حرکات محض مزے اور تفریح کے لیے کرتے ہیں۔
- **72** فیصد لڑکیاں اس برتاؤ کے شدید خلاف ہیں۔
- رپورٹ کو اردو میں چھاپنا انتہائی ضروری تھا تاکہ زیادہ تعداد میں خواتین و حضرات اس مسئلہ کو سمجھ سکیں۔ برٹش ہائی کمیشن نے اس کام میں جو تعاون کیا وہ قابل ستائش ہے۔

گلی محلوں میں خواتین خصوصاً لڑکیوں کو مختلف طریقوں سے ذہنی و جسمانی کوفت میں مبتلا کرنے جیسا غیر انسانی فعل صرف ضلع گوجرانوالہ تک ہی محدود نہیں۔ لاہور، کراچی، اسلام آباد جیسے شہروں میں بھی اس کی مثالیں بکھری پڑی ہیں۔
ضلع گوجرانوالہ کے حوالے سے کی گئی یہ تحقیق اگر چند نوجوانوں کو اپنا احتساب کرنے کی ترغیب دے پائی تو ہم اسے ایک بڑی کامیابی سمجھیں گے۔

## منگوانے کا پتہ:


Bargad

فرسٹ فلور، نذر محمد پلازہ شاہراہِ قائداعظم

راہوالی۔ گوجرانوالہ

فون۔فیکس: 055-3864920, 3868058

ای میل: Info@bargad.org.pk - bargadpk@hotmail.com

ویب سائٹ: www.bargad.org.pk